سلسلۂ مطبوعات کتابخانۂ ریاست رامپور، نمبر ۳

یعنی نجم الدوله دبیر الملک، میرزا اسد الله خان بهادر، نظام جنگ دهلوی المتخلص به غالب و اسد کے کلام فارسی و اردو کا انتخاب، جسے خود موصوف نے نواب خلد آشیاں کی فرمایش پر سنه ۱۸۶۶ع میں مرتب کیا

بتصحیح

امتیاز علی عرشی

ناظم کتابخانه

حسب الحکم فرمانروای رامپور، دام اقبالهم و ملکهم

مطبعۂ قیمه - بمبئی

(مالکان: شرف الدین الکتبی واولاده)

۱۹۴۲

فہرست مضامین

بسم اللہ الرحمن الرحیم

تقریب

نواب خلد آشیاں (طَابَ ثَرَاہُ) نے ، فارسی و اردو
کے چیدہ اشعار کی ایک بیاض مرتب فرمانے کے سلسلے
میں ، میرزا اسد اللہ خان غالب سے فرمایش کی کہ
اپنے اردو اور فارسی کلام کا انتخاب ارسال کر دیجے ،
تا کہ اُسے شاملِ بیاض کر لیا جائے. ستمبر سنہ ۱۸٦٦ع
میں ، میرزا صاحب نے اِس ارشاد کی تعمیل کی ، اور
یکے بعدِ دیگرے کلیاتِ اردو و فارسی کے خود کردہ
انتخابات جدا گانہ کتابی صورت میں نقل کرا کے ، نواب
خلد آشیاں کے حضور میں ڈاک کے توسط سے پیش کیے.

سرکار کے ملاحظے کے بعد ، یہ دونوں نسخے کتابخانے
کو بھیج دیے گئے. اُس عہد کے منتظمینِ کتابخانہ نے ،

صرف فارسی انتخاب کو شعبۂ دواوین میں داخل ہونے کا شرف عطا کیا، اور رسمِ زمانہ کے مطابق، انتخابِ اردو کو ناقابلِ التفات خیال کر کے، کتابخانے کے «ردی گھر» میں گمنامی کی گہری نیند سلا کر مطمئن ہو گئے.

حسنِ اتفاق سے، مولوی امتیاز علی خاں عرشی، ناظمِ کتابخانہ، نے «ردی گھر» کی متاعِ کاسد کا جائزہ لیتے ہوئے، دوسرے نوادرات کیساتھ اردو انتخاب بھی برآمد کر لیا، اور میرزا صاحب کی تھکی ہوئی زندگی کا یہ کار نامہ، ملک کے اربابِ ذوق کے لیے محفوظ ہو گیا.

گو میرزا صاحب اپنا اردو اور فارسی دیوان خود شائع کر چکے تھے؛ لیکن اُنھیں اپنی فارسی زبان کی محنت پژوھی اور جگر کاوی پر زیادہ ناز تھا، حتّیٰ کہ ایک معاصرانہ طعن کے جواب میں یہ کہ اُٹھے تھے:

فارسی بین، تا به بینی نقشهای رنگ رنگ
بگزر از مجموعۂ اردو که بیرنگِ منست

میرزا صاحب کا یہ ادّعا بے بنیاد نہیں تھا؛ اسی لیے خواجہ حالی مرحوم نے «یاد گارِ غالب» میں فارسی

کلام کے محاسن زیادہ اُجاگر کیے. مگر ملک میں اردو زبان کے پیہم عروج نے، جس کے اثر سے خود خواجہ صاحب بھی بخوبی آگاہ تھے، اہلِ ادب کی توجہ دیوانِ اردو کی طرف منعطف کی، اور رفتہ رفتہ غالب پسندی اس درجے تک پہنچ گئی کہ ہندوستان نے «مرقعِ چغتائی» جیسے گراں قیمت نسخے کو بھی ہاتھوں ہاتھ خرید لیا.

اگر بغور دیکھا جائے تو اردو کلام کے مقابلے میں فارسی کی نا مقبولیت کے اندر، پسِ پردہ یہ حقیقت بھی کام کر رہی تھی، کہ میرزا صاحب نے اردو دیوان کی طرح اپنے فارسی اشعار کا کوئی منتخب مجموعہ اہلِ ذوق کے سامنے نہیں رکھا تھا، جس کا نتیجہ یہ نکلا کہ اُن کے فارسی اشعار کے بے بہا موتی کم قیمت جواہرات کے انبار میں پوشیدہ پڑے رہے. خوش بختی سے، کتابخانۂ عالیۂ رامپور میں زیرِ نظر انتخاب کے دستیاب ہو جانے سے، جو میرزا صاحب کے ادوارِ عمر میں سے پختہ تر دور کا کارنامہ ہے، یہ کمی بخوبی پوری ہو گئی.

اسلیے بعید نہیں کہ اس انتخاب سے سخن سنجوں پر میرزا صاحب کی فارسی شعر گوئی کے مخفی جوہر کھل جائیں ، اور اسطرح اُن کی وہ آرزو ، جو ابتک شرمندۂ تکمیل نہ ہو سکی تھی ، اس کی بدولت بر آئے .

پرورشِ علم و ادب کے موروثی جذبے ، نیز اس انتخاب کی ادبی اہمیت کی بنا پر ، بندگانِ حضورِ پر نور ، میجر ہز ہائنس عالیجاہ ، فرزندِ دلپزیرِ دولتِ انگلشیہ ، مخلص الدولہ ، ناصر الملك ، امیر الامرا ، نواب سر سید محمد رضا علی خان بہادر ، مستعد جنگ ، کے ۔ سی ۔ ایس ۔ آئی ، ایل ۔ ایل ۔ ڈی ، ڈی ۔ لٹ ، فرمانروای ریاستِ عالیۂ رامپور ، دَامَ اِقبالُھُمْ وَ مُلْکُھُمْ ، کی ہمایوں توجہ اس کی اشاعت کی طرف مبذول ہوئی .

عرشی صاحب نے « مکاتیبِ غالب » کی ترتیب میں جس حسنِ کار اور خوش سلیقگی کا ثبوت دیا تھا ، ملك کے مستند ادیب اور نقاد خوش آیند الفاظ میں اُس کا اظہار کر چکے تھے . بنابریں « انتخابِ غالب » کی تصحیح و ترتیب کا کام بھی زیرِ نگرانیء عالیمرتبت

صاحبزادہ عبد الجلیل خان بہادر، ہوم منسٹر، انھیں کے سپرد کیا گیا۔ ان کی چند سال کی دیدہ ریزی اور کوشش کے بعد یہ مجموعہ اس قابل ہوا ھے کہ اپنی صوری و معنوی خوبیوں کی بدولت بندگانِ ھمایون کی بارگاہِ معلّٰی میں پیش کیا جائے۔

التجا ھے کہ اعلیٰ حضرت اس حقیر ادبی کوشش کو طغرای قبول سے مزیّن و مفتخر فرمائیں، اور دعا ھے کہ سرکار کے زیرِ سایہ اس قسم کی بیشمار کوششیں بار آور ھوں!

سیکریٹری ایٹ، رامپور
۱۰ دسمبر سنہ ۱۹۴۱ع

دوام دولت واقبال کا داعی
بشیر حسین زیدی
چیف منسٹر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

دیباچہ

اردو شاعری نے اپنی چھوٹی سی عمر میں جس قدر ترقی کی، مشرقی شعر و سخن کی دنیا میں اُس کی نظیر تلاش کرنا بیکار ھے. خالص عاشقانہ چھیڑ سے اعلیٰ صوفیانہ جذبات تک، اور انتہائی سادگی سے الفاظ و معانی کے حوصلہ فرسا اغلاق و پیچیدگی تک، کوئی ایسا اندازِ بیان اور طرزِ تخییل نہیں، جو ھندی سخنوروں کے دسترس سے باھر رھا ھے.

بیشك عربی شعر کی معنوی خصوصیت اردو میں شاذ و نادر ھے، جس کی وجہ یہ ھے کہ عربی داں بزرگوں میں شاعرانہ خیالات کے بیباك اظھار کی جرأت نہ تھی، اور غیرِ عربی داں شاعر سُنی سنائی باتوں سے ماھرانہ کام نہیں لے سکتا تھا. لیکن فارسی ادب کی ھزار سالہ شکست و ریخت کا نتیجہ: سعدی کی سادگی، حافظ کا ولولہ و جوش، خسرو اور حسنِ سنجری کا معاملہ، جامی کا تصوف، فغانی و نظیری و عرفی کی پُرکاری اور شوکت و اسیر و بیدل کی بوسہ بہ پیغامی، اردو شاعری میں دو ڈھائی سو سال کے اندر ھی اُجاگر ھو چکی ھے، اور آج ھر کافرِ ادب سے بلا خوفِ تردید کہا جا سکتا ھے کہ

مشو منکر، کہ در اشعارِ این قوم
ورای شاعری، «چیزی دگر» ہست

سوال یہ ہے کہ اتنی کم مدت میں اسقدر عظیم الشان سرمایۂ ادب کس طرح جمع ہو گیا؟

اگر اردو شاعری کی تاریخ کا گہرا مطالعہ کیا جائے، تو اس میں ابتدا سے دو قسم کے شاعر نظر آئیں گے: ایک جماعت ایسی دکھائی دے گی، جو بیرونی علوم و آداب سے برای نام واقف تھی، اور دوسری جماعت ایسی ملے گی، جسے عربی و فارسی میں سے دونوں کے اندر، یا علی الاقل صرف فارسی میں یدِ طولیٰ حاصل تھا. ان گروہوں میں سے اول الذکر کی تعداد اب سے چالیس پچاس سال اُدھر تک بہت کم تھی: کیونکہ انگریزی زبان کے تسلط و اقتدار سے پہلے، تعلیم کا ادنیٰ معیار فارسی دانی تھی. چونکہ فارسی زبان کا بڑا سرمایہ اُس کی شاعری ہے اور ہر ایک فارسی پڑھنے والے کو اس زبان کے چیدہ شاعروں کا بہترین کلام نصاب میں پڑھایا جاتا تھا، اس امر کے پیشِ نظر غور کیجے کہ ایک طالبِ علم نے پند نامۂ سعدی سے شروع کر کے، سکندر نامۂ نظامی یا شاہنامۂ فردوسی تک، مثنوی، غزل اور قصیدے کے کئی ہزار شعر سبقاً سبقاً پڑھے اور روزانہ مطالعہ و بحث کے دوران میں اُن پر غور و فکر کی، تو کیا سات آٹھ برس کی مسلسل ادبی جِدّ و جُہد نے بساطِ ادب کے ان تازہ واردوں کے سوئے ہوئے جذبۂ شعر کو

بیدار نہ کیا ہوگا؟ اور کیا یہ نیم رس گروہ، تعلیم سے فراغت کے بعد، اپنے دماغ کے نرم و نازک پردوں سے اس پُر سوز و ساز صنفِ کلام کے نقوش مٹانے میں کامیاب ہو سکا ہوگا؟ عملاً اس امر کے محال ہونے کی وجہ سے یہ ماننا پڑیگا کہ ہندوستان میں فارسی شعرگوئی کی تحریک اور اُس کی حیرت انگیز ترقی میں نصابِ تعلیم کو بڑا دخل رہا ہے، اور خالص ہندوستانی اہلِ ذوق کی فارسی زبان میں سخن گستری کا راز یہ ہے کہ اُنھوں نے دورانِ تعلیم میں سب سے زیادہ اسی صنفِ کلام کا مطالعہ کیا اور اس لیے اسی دریا کے اُتار چڑھاؤ سے اُنھیں زیادہ آگہی حاصل تھی؛ حتیٰ کہ بسا اوقات ملکی ماحول کی معمولی جھلک بھی اُن کے کلام میں نظر نہیں آتی تھی۔

ایجاد و ترقیِ ریختہ

لیکن ہندوستان میں، فارسی شعرگوئی کے آغاز ہی سے، مسعودِ سعدِ سلمان لاہوری اور امیر خسرو دھلوی کی طرح، ہندی اور فارسی دونوں زبانوں میں شعر کہنے والے شاعر موجود تھے۔ ان جداگانہ راہوں کی گلگشت سے طبیعت سیر ہو گئی، اور ذوقِ شعر کو نئی راہ کی تلاش کا خیال پیدا ہوا، تو جدّت پسند دماغوں نے فارسی عروض اور قافیے کی پابندی کے ساتھ، دیسی روزمرے میں ایک نئی روش کی بِنا ڈالی اور اُس کا نام «ریختہ» رکھا۔ اس مشغلے نے، جو آغاز میں صرف دل کا بہلاوا تھا، انجام میں ایسے شاعر بھی پیدا

کیے، جو اسے سنجیدگی کی نظر سے دیکھتے اور فارسی کے ساتھ اس میں بھی طبع آزمائی کرتے تھے. رفتہ رفتہ بدیسی شعر گوئی کا رواج گھٹتا گیا اور ہندوستان کے ذوقِ شعر کا انحصار صرف شعرِ ریختہ پر رہ گیا.

چونکہ ابتدائی ریختہ گو، فارسی کے بھی سخنور یا تعلیم یافتہ تھے اور اُن کے پیشِ نظر اس زبان کے ہر دور کے استادوں کا کلام رہتا تھا، اس لئے ریختہ کہتے وقت اُن کے دماغ نے وہی خیال زبان کے سپرد کیا، جو بدیسی زبان میں بارہا پڑھا اور کہا تھا، اور جس کی چمک دمک سے اُن کے دماغ کا گوشہ گوشہ روشن ہو چکا تھا. اس کا نتیجہ یہ نکلا کہ مختلف مذاق کے شاعروں کی لگاتار کوشش سے، فارسی کی ہزار سالہ ترقی کے تمام اثرات ریختہ میں پیدا ہوگئے. میرے نزدیک یہ وجہ ہے اردو شعر و سخن کی کم عمری میں زیادہ ترقی کرنے کی اور اسی پر میں اپنے اس خیال کی بنیاد رکھتا ہوں کہ اردو شاعروں میں جو اچھا فارسی گو تھا، وہی اردو میں بھی بلند پایہ اور عالی رتبہ مانا گیا اور فارسی گوئی کے درجوں کے تفاوت کے اعتبار سے اردو شعر و سخن کی خوبی و برتری کے درجات بھی ہمیشہ متفاوت رہے ہیں. چنانچہ میرے نزدیک، خواجہ میر درد، میرزا رفیع السودا، میر تقی میر، مفتی صدر الدین خان آزردہ، حکیم مومن خاں، نواب مصطفیٰ خاں شیفتہ، اور خود میرزا غالب کی بلندیء ذوقِ سخن کا یہی راز ہے، اور یہی وجہ ہے ہمارے

زمانے کے دو سب سے بڑے شاعروں: خواجہ الطاف حسین حالی اور علامۂ اقبال مرحوم کی برتری اور سربلندی کی.

غالب کا دعوی

آج میرزا غالب کو اردو شاعروں کی پہلی صف کا رہنما تسلیم کیا جاتا ہے. لیکن وہ خود، کلامِ ریختہ کو اپنے لیے موجبِ ننگ اور فارسی کو باعثِ فخر خیال کرتے تھے. چنانچہ ایک قطعے میں فرماتے ھیں:

ای کہ در بزمِ شہنشاہِ سخن رس گفتۂ!
«کی بہ پرگوئی، فلان در شعرہم سنگِ منست؟»
راست گفتی، لیک میدانی کہ نبود جای طعن
کمتر از بانگِ دھل، گر، نغمۂ چنگِ منست
نیست نقصان، یک دو جزو ست، ار، سوادِ ریختہ
کان دژم برگی ز نخلستانِ فرھنگِ منست
فارسی بین، تا بہ بینی نقشہای رنگ رنگ
بگزر از مجموعۂ اردو، کہ بیرنگِ منست
فارسی بین، تا بہ بینی، کاندر اقلیمِ خیال
مانی و ارژنگم، آن مجموعہ ارتنگِ منست

اس خیال میں اُنھیں اس درجہ غُلو پیدا ھو گیا تھا، کہ اپنے کلیاتِ فارسی کو الہامی صحیفہ اور ایزدی کتاب قرار دیتے تھے. چنانچہ جب ٤١ برس کی عمر میں اُس کی ترتیب سے فارغ ھوے، تو خاتمے میں اس نغمے پر تان توڑی تھی:

گر شعر و سخن بدھر آئین بودی
دیوانِ مرا شہرتِ پروین بودی
غالب، اگر این فنِ سخن دین بودی
آن دین را ایزدی کتاب این بودی

ممکن ھے، موجودہ عہد میں، جب کہ فارسی شعر و سخن کی محفل اُجڑ چکی ھے اور اس آتشِ بے دود کے شعلے ٹھنڈے پڑ چکے ھیں، اُن کا دعویٰ تسلیم نہ کیا جائے؛ لیکن میرزا صاحب کے معاصر نکتہ سنج، اسے بے چون و چرا مانتے تھے. نواب مصطفیٰ خاں شیفتہ، جو اُن کے دوستوں میں بڑے بلند رتبہ سخنور اور قابلِ استناد سخن سنج تھے، اور جنکے متعلق اُنہوں نے ایك مقطع میں اعتراف کیا ھے کہ

غالب، بفنِ گفتگو، نازد بدین ارزش، کہ او
ننوشت در دیوان غزل، تا مصطفیٰ خان خوش نکرد

گلشنِ بیخار میں لکھتے ھیں[1]:

«در زبانِ فارسی نیز دستگاھی بلند و مایۂ وافر بہم رسانیدہ، پایہ اش از فحولِ استادان کم نیست. غزلش، چون غزلِ نظیری، بینظیر و قصیدہ اش، چون قصیدۂ عرفی، دلپزیر. . . باجملہ چنین نکتہ سنجِ نغزگفتار کمتر مرئی شدہ».

(۱) کتاب مذکور: ۱۸۶، طبع دھلی، ۱۸۳۷ع.

خواجہ حالی مرحوم، جو میرزا صاحب کے مایۂ ناز شاگرد اور بڑے نکتہ رس نقاد تھے، فرماتے ھیں[1]:

«وہ شخص جس کا قصیدہ انوری و خاقانی کے قصیدوں سے ٹکر کھائے، جس کی غزل عرفی و طالب کی غزل سے سبقت لیجائے، جو رباعی میں عمرِ خیام کی آواز میں آواز ملائے، اور اُس کی نثر کے آگے، ابو الفضل اور ظہوری کی نثریں پھیکی اور بے مزہ معلوم ہوں».

خود میرزا صاحب نے بھی اس کا اعتراف کیا ھے کہ اُن کے کلامِ اردو کی شمع نے فارسی ذوق سے کسبِ ضو کیا ھے. چنانچہ ایک خط میں لکھتے ھیں:[2]

«قبلہ! ابتدای فکرِ سخن میں بیدل و اسیر و شوکت کے طرز پر ریختہ لکھتا تھا، چنانچہ ایک غزل کا مقطع یہ تھا:

طرزِ بیدل میں ریختہ کہنا اسد اللہ خاں، قیامت ھے

پندرہ برس کی عمر سے پچیس برس کی عمر تک مضامینِ خیالی لکھا کیا. دس برس میں بڑا دیوان جمع ھو گیا. آخر جب تمیز آئی، تو اس دیوان کو دور کیا، اوراق یک قلم چاک کیے، دس پندرہ شعر واسطے نمونے کے دیوانِ حال میں رھنے دیے».

یہ قوتِ تمیزی، خود میرزا صاحب کے ارشاد کے مطابق اساتذۂ فارسی کے دواوین کے مطالعے کا نتیجہ تھی. چنانچہ

---

(۱) یادگار غالب: ۱۹۸، مطبع نامی کانپور، ۱۸۹۷ع. (۲) عود: ۱۵۹.

کلیاتِ فارسی کے خاتمے میں فرماتے ہیں:[1]

«شیخ علیِ حزین، بخندۂ زیرلبی، بےراهه رویهای مرا در نظرم جلوه‌گر ساخت، و زهرِ نگاهِ طالبِ آملی، و برقِ چشمِ عرفیء شیرازی، مادۂ هرزه جنبشهای ناروا در پای ره پیمای من بسوخت. ظهوری، بسرگرمیء گیرائیء نفس، حرزی ببازوی و توشۂ بکمرم بست، و نظیریء لاأبالی خرام، بهنجارِ خاصۂ خودم، بچالش آورد. اکنون بیمنِ فره پرورشِ آموختگیء این گروهِ فرشته شکوه، کلکِ رقاصِ من بخرامش تدرو است و برامش موسیقار، بجلوه طاؤس‌ست و بپرواز عنقا».

عہدِ حاضر میں میرزا صاحب کی شہرت و ناموری کا تمامتر مدار اُن کے دیوانِ ریختہ پر ہے. لیکن یہ اُن کے اصل دیوان کا انتخاب ہے. خوش بختی سے یہ دیوان بھی «نسخۂ حمیدیہ» کے نام سے ریاست بھوپال کی طرف سے شائع ہو چکا ہے. اس کے مطالعے سے یہ یقین ہوجاتا ہے کہ سخنورانِ کامل اس کے اشعار سنکر آسان کہنے کی فرمایش ضرور کرتے ہوں گے؛ ورنہ میرزا صاحب اس کا انتخاب کبھی نہ کرتے. اب یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ کیا میرزا صاحب کی موجودہ شہرت کا مدار اس قدیم دیوان کے طلسمی اشعار ہین. منتخب دیوان ریختہ کے دیباچے سے اس خیال کی تردید ہوتی ہے، اس لیے

---

(۱) کلیات فارسی: ۵۵٤، مطبع نولکشور، لکھنؤ، ۱۸٦۳ع.

کہ میرزا صاحب نے اُس میں علی الاعلان کہدیا ہے کہ:

«امید کہ سخن سرایانِ سخنور ستای، پراگندہ ابیاتی را
که خارج ازین اوراق یا بند، از آثارِ تراوشِ رگِ کلکِ این
نامہ سیاہ نشناسند، و چامۂ گرد آور را، در ستایش
و نکوهشِ آن اشعار، ممنون و ماخوذ نسگالند».[1]

تو کیا پھر وہ دس پندرہ شعر اُن کی برتری کا موجب ہوے،
جو دیوانِ حال میں نمونے کے لیے چھوڑ دیے گئے تھے؟
لیکن یہ عقیدہ بھی درست نہیں معلوم ہوتا، کیونکہ شیفتہ
و حالی جیسے نقادانِ فن سے عرشی جیسے کم سواد تک، کوئی
سخن فہم یہ یقین نہیں رکھتا کہ غالب کی فنی شخصیت کا ظہور:

نقشِ نازِ بتِ طناز بآغوشِ رقیب
پای طاؤس پیِ خامۂ مانی مانگے

یا اسی قبیل کے دوسرے اشعار میں ہوا ہے. اس کے برخلاف
ہر شخص کی راے ہے کہ غالب ان جیسے اشعار میں
جلوہ گر ہے:

پہلے آتی تھی حالِ دل پہ ہنسی ٭ اب کسی بات پر نہیں آتی
داغِ دل گر نظر نہیں آتا ٭ بو بھی، اے چارہ گر، نہیں آتی؟
جانتا ہوں ثوابِ طاعت و زہد ٭ پر طبیعت ادھر نہیں آتی

اور یہ سب شعر اُس زمانے کے کہے ہوے ہیں، جب اُن
کا فارسی ذوق پختہ ہو چکا تھا اور وہ اپنے اردو کلام کے متعلق،

(۱) دیوان ریختہ: ۳، مطبع مفید خلایق، آگرہ، ۱۸۶۳ع.

جسے قبل ازیں «نخلستانِ فرہنگ» کا «برگِ دژم» قرار دے چکے تھے، یہ کہدینے پر مجبور ہوئے تھے کہ:

جو یہ کہے کہ «ریختہ کیوں کہ ہو رشکِ فارسی؟»
گفتۂ غالب ایك بار پڑھکے اُسے سنا کہ یوں

انتخاب اشعار

جیسا کہ ابھی مذکور ہوا، میرزا صاحب نے اپنے ابتدائی اردو کلام کو ۲۵ سال کی عمر کے بعد خود منتخب کرکے ایك دو جزو کا چھوٹا سا دیوان مرتب کرلیا تھا. اس کے بعد میرزا صاحب ہمہ تن فارسی کی طرف متوجہ ہو گئے، اور ۱۸۵۰ع تك اسی شیوے کو نباہتے رہے. قلعۂ معلی کے تعلق نے ان کی توجہ پھر ریختے کی طرف منعطف کی اور ذوق کے انتقال پر استادِ شاہ کا اعزاز پانے کے بعد تقریباً اردو ھی میں کہنے لگے. اس زمانے میں دلی اور باھر کے بہت سے شاعروں نے اپنا اردو کلام اصلاح کے لئے بھیجنا شروع کیا، جس کے باعث سے اس روش کی ساخت و پرداخت میں زیادہ وقت گزرنے لگا. تاآنکہ سنہ ۱۸۵۷ع تك اتنا بڑا دیوان تیار ہو گیا، جس کا حجم ابتدائی دیوان کے انتخاب کے تقریباً برابر تھا. اس کے بعد میرزا صاحب کی شاعرانہ زندگی کی تخلیق حرکت بڑی حد تك ختم ہو گئی.

یہ حقیقت ھے کہ کسی شاعر کا بھی سب کلام یکساں حیثیت کا نہیں ہوتا. شاعر کی زندگی کے تمام داخلی و خارجی

عوامل، جو رفتارِ عمر کے ساتھ پیہم تغیر پزیر رہتے ھیں، شعر کے الفاظ اور معانی دونوں پر نمایاں اثر ڈالتے ھیں اور اس لیے پختگیء عمر کے ھر نئے مرحلے میں، سابق نشانہای قدم پر انتقادی نظر ڈالنا ضروری ہو جاتا ھے. میرزا صاحب کا آخری اردو کلام بھی اس کلّیے سے مستثنیٰ نہیں ہو سکتا تھا.

علاوہ ازیں، اُن کا فارسی دیوان صرف ایک بار «گلِ رعنا» کی صورت میں شرمندۂ انتخاب ہوا تھا. اولاً تو اُس کے نسخے عام طور پر شائع نہ ہوے، اس لیے اُس کے معیارِ انتخاب کا تعین دشوار ھے؛[1] ثانیاً وہ خود میرزا صاحب کی اُس عمر کا کام ھے جب کہ وہ بادۂ نیمرس کی حیثیت رکھتے تھے اور ابھی اُن کے لیے ودیعت خانۂ غیب میں اشعارِ فارسی کی خاصی تعداد محفوظ تھی. ان وجوہ سے اردو اور فارسی دونوں زبانوں کے کلام پر شاعر کی آخری نظر انتخاب کی ضرورت باقی تھی.

آخری انتخاب

حسنِ اتفاق سے، نواب خلد آشیاں نے اساتذۂ اردو و فارسی کے منتخب اشعار کی ایک بیاض ترتیب دینے کا عزم فرمایا. اس موقع پر سرکار کو یہ مناسب معلوم ہوا کہ میرزا صاحب کے کلام کا انتخاب خود اُنھیں سے کرایا جائے. ۲۵ اگست

---

(۱) مولانا حسرت موھانی نے شرح دیوان غالب کے آخر میں لکھا ھے کہ اس کا ایک نسخہ اون کے پاس محفوظ ھے. عرشی کے زبانی استفسار پر مولانا نے فرمایا کہ یہ اصل کتاب کا صرف ایک حصہ ھے.

سنہ ۱۸٦٦ ع کو سرکار نے میرزا صاحب کو تحریر فرمایا :[1]

«مطلبِ دگر، جوکہ راقم کو ترتیب بیاض اشعارِ منتخبۂ اساتذۂ پارسی واردو کی منظور ہے ، اس واسطے حوالہ خامۂ محبت نگار کے ہوتا ہے کہ آپ انتخاب دیوانِ فارسی اور اردو اپنے کا فرما کر ، مع انتخابِ کلامِ ضیاء الدین خانصاحب ، لطف کریں ، تا شامل انتخاب کے، جو اس سرکار میں عمل میں آیا ہے ، ہو جائے .»

میرزا صاحب نے ۱۸ ستمبر کو دیوانِ اردو اور ۲٤ ستمبر کو دیوانِ فارسی کا انتخاب ارسال کر دیا.[2]

اردو انتخاب

اردو انتخاب ۱۲ ¼ × ۷ ¾ انچ ناپ کے ٦٤ صفحات پر مشتمل ہے . ان صفحوں کی سطرون کی تعداد مختلف ہے . کہیں ۱۳ اور کہیں اس سے زیادہ ۱٦ تک ہیں . کاغذ یورپ کی ساخت کا باریك ہے . متن کی روشنائی سیاہ اور عنوانات سرخ ہیں . قلم اول سے آخر تك ایك ہے . خط بہت معمولی نستعلیق اور اسقدر اغلاط سے پُر ہے کہ میرزا صاحب کی تصحیح کے باوجود باقی ماندہ غلطیاں اصلاحوں سے زیادہ نظر آتی ہیں . ہر نئی غزل کے پہلے مصرعے کے شروع میں سرخ لکیر کھینچی گئی ہے ، تاکہ سابق و لاحق میں امتیاز پیدا ہو جائے . ٤۸ صفحوں تك کسی نے صفحہ شماری بھی کی ہے . عرصۂ دراز

---

(۱) مکاتیب غالب : ۷۹ ، ح : ۱ . (۲) ایضاً : ۸۰ و ۸۱ .

تک « ردی گھر » میں پڑا رہنے کے باوجود اوراق میں بہت معمولی سی کرم خوردگی اور کسی قدر کہنگی پیدا ہوئی ہے ۔

صفحات ٦ ، ١٢ ، ١٤ ، ١٧ ، ٢٢ ، ٢٦ ، ٢٧ ، ٣١-٣٤ ، ٣٦-٣٨ ، ٤٨ ، ٤٩ ، ٥٤ ، ٥٨ ، ٦٣ ، ٦٤ پر میرزا صاحب کے قلم کی لفظی اصلاحیں پائی جاتی ہیں ، جن میں غلط املے کی تصحیح اور ساقط الفاظ کا اضافہ دونوں شامل ہیں ۔

قرائن سے پتا چلتا ہے کہ میرزا صاحب نے مطبعِ نظامی کانپور کے چھپے ہوئے نسخے پر صاد بنا کر کاتب سے شعر نقل کرائے ہیں ۔ اس لیے کہ

١) دہلی اور آگرے کے مطبوعہ نسخوں میں « کیوں کر اُس بت سے رکھوں جان عزیز » والی غزل نہیں ہے ۔ مگر نظامی ایڈیشن اور ہمارے انتخاب دونوں میں موجود ہے ۔

٢) میرزا صاحب کا یہ شعر :

گدا سمجھ کے وہ چپ تھا مری جو شامت آئے

اُٹھا اور اُٹھ کے قدم میں نے پاسباں کے لیے

میرزا صاحب کی زندگی میں چھپے ہوئے یا لکھے ہوئے تمام نسخوں کے بر خلاف صرف نظامی ایڈیشن میں اس طرح کاتب نے مسخ کیا تھا : گدا سمجھ کے وہ چپ تھا ، مری خوشامد سے ، الخ ۔ ہمارے انتخاب میں بھی کاتب نے اس مصرع کو یوں ہی لکھا ہے ، جو سوءِ اتفاق سے میرزا صاحب کی نظرِ تصحیح سے بچ بھی گیا ہے ۔

۳) میرزا صاحب کی ایک رباعی کا مصرع دہلی اور آگرے کے ایڈیشنوں میں اس طرح ہے:

یعنی ہر بار کاغذِ باد کی طرح

میرزا صاحب نے دہلوی نسخے کے غلط نامے میں ایک اور مصرع کے اندر لفظ «طرْح» بسکونِ اوسط کے استعمال سے بچنے کی غرض سے اُس مصرع کی تصحیح کی تھی. وہ مصرع پہلے یوں تھا: دود کی طرْح رہا سایہ گریزاں مجھ سے

غلط نامے کے اندر میرزا صاحب نے لکھا:

صورتِ دود رہا سایہ گریزاں مجھ سے

مگر یہی لفظ مذکورۂ بالا رباعی کے اندر بسکونِ اوسط بندھا تھا، جو غالباً از راہِ سہو غلط نامے میں بھی بار نہ پا سکا. نظامی ایڈیشن اور ہمارے انتخاب میں اس کے اندر بھی تغیر کردیا گیا ہے، اور ان دونوں میں یہ مصرع اس طرح تحریر ہوا ہے: یعنی: ہر بار صورتِ کاغذِ باد

٤) میرزا صاحب کی زندگی کے تمام مطبوعہ اور قلمی نسخوں کے برخلاف نظامی ایڈیشن میں چھپا تھا:

بھیجی جو مجھ کو شاہِ جمجاہ نے دال

ہے لطف و عنایاتِ شہنشاہ پہ دال

انتخاب کے کاتب نے بھی اسی طرح نقل کردیا تھا. میرزا صاحب نے تصحیح کرتے وقت دوسرے مصرع میں «عنایات» کی جگہ «عنایت» اپنے قلم سے بنایا ہے.

ان مواقع کے ماسوا بھی انتخاب کا متن نظامی ایڈیشن کے متن کے مطابق ھے .

مقدار انتخاب

نظامی ایڈیشن کے ابیات کی مجموعی تعداد ۱۷۹۹ ھے . جن میں ۱٤۵۷ شعر غزلوں کے ، ۱٦۲ قصائد کے ، ۱۱۵ قطعات کے ، ۳۲ رباعیوں کے ، اور باقی ۲۵ « مثنوی انبہ » کے ھیں .

انتخاب میں مثنوی مکمل چن لی گئی ھے . بقیہ اصناف میں سے غزلوں کے ٦۷۳ ، قصیدوں کے ۹۲ ، قطعات کے ٤۰ اور رباعیوں کے ۱۰ شعر انتخاب کیے گئے ھیں ، جن کی مجموعی تعداد ۸٤۸ ھوتی ھے .

فارسی انتخاب

فارسی انتخاب ۱۱½ × ۷½ انچ کے ناپ کے ۸۳ صفحوں پر مشتمل ھے . اس کا مسطر ۱۷ سطری ھے ، لیکن ھر غزل کے ختم پر دوسری کے عنوان کے خیال سے ایك سطر سادہ چھوڑ دی گئی ھے . روشنائی اور کاغذ اردو انتخاب کے جیسا ھے . اندازِ تحریر کے معاینے سے معلوم ھوتا ھے کہ تین کاتبوں نے مل کر اسے نقل کیا ھے . چنانچہ ص ۱ - ٤ ایك شخص کا خط ھے . اس کے بعد ۵ - ۹ خود میرزا صاحب کا قلم ھے . اور پھر ۱۰ - ۱٤ پہلے کاتب کا ، اور ۱۵ تا آخر تیسرے شخص کا ھے .

اس حصے کی نقل میں بھی کاتبوں نے غلطیاں کی تھیں ، جن میں کی بہت سی میرزا صاحب نے اپنے قلم سے درست کر دی

ھیں[1]. بقیہ میں سے اہم کا ذکر اختلافِ نسخ میں کیا گیا ھے.

غالباً اس انتخاب کی بنیاد کلیاتِ فارسی کے نولکشوری ایڈیشن مطبوعۂ ۱۸۶۳ع پر رکھی گئی ھے، کیونکہ طرزِ کتابت کی یکسانی کے ماسوا، ہمارے انتخاب کی آٹھویں رباعی صرف اسی نسخے میں موجود ھے. البتہ انتخاب کا یہ شعر:

عبودیت نکند اقتضای خواهشِ کام
دعا بصیغۂ امر است و امر بی ادبیست

کلیات میں نہیں پایا جاتا. یہ پہلی بار «سبد چین» میں شائع ھوا تھا؛ میرزا صاحب نے اُسی سے مطبوعہ نسخے میں لکھ لیا ھوگا.

مقدار انتخاب

فارسی کلیات کا انتخاب غزلوں اور رباعیوں تک محدود ھے. مذکورۂ بالا مطبوعہ نسخے میں غزلوں کے اشعار کی تعداد ۳۶۰۶ اور رباعیات کی تعداد ۲۰۸ ھے. ان میں سے ۱۰۶۰ غزلوں کے شعر اور ۱۸ رباعیاں انتخاب کی گئی ھیں. چنانچہ اوپر لکھے ھوے ایک شعر کو شامل کر لینے کے بعد منتخب اشعار کی مجموعی تعداد ۱۰۹۷ ھوتی ھے.

معیار انتخاب

اس انتخاب کی ترتیب کے وقت، میرزا صاحب کے پیشِ نظر جو معیار تھا، «مکاتیبِ غالب» میں اُس کی تصریح نہیں ملتی؛

(۱) میرزا صاحب کی یہ تصحیحات ص ۳، ۱۶، ۱۷، ۱۹، ۲۴، ۲۶، ۲۸، ۴۳، ۶۱، ۶۴، ۶۸، ۶۹، ۷۴، ۸۳ پر پائی جاتی ھیں.

مگر میرزا صاحب کی دوسری تحریروں کی مدد سے ، شعر و سخن کے متعلق اُن کے عام نقطۂ نگاہ ، اور اُس کی تدریجی ترقی و اصلاح کا تعین ممکن ھے ۔ چونکہ اُن کی آخری عمر کے مذاقِ سخن ھی پر اس انتخاب کے حسن و قبح کا مدار ھے ، اور اُسی کے اجزا کی تعیین سے معیارِ انتخاب کے جزئیات طے کیے جاسکتے ھیں ، اس لیے ضروری ھے کہ پہلے مذکورۂ بالا اردو ، فارسی تحریروں کو مناسب ترتیب کے ساتھ پیش کر دیا جائے ۔

تعریفِ سخن

شعر و سخن کو میرزا صاحب نے « گران ارز متاعِ عالمِ قدس »[1] قرار دیا ھے ، اور اُس کی ادبی تحدید کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرماتے ھیں :

« سخن ایك معشوقۂ پری پیکر ھے ۔ تقطیعِ شعر اُس کا لباس اور مضامین اُس کا زیور ھے ۔ دیدہ وروں نے شاھدِ سخن کو اس لباس اور اس زیور میں روکشِ ماہِ تمام پایا ھے » ۔[2]

اس شاھد کے حسن کی نیرنگی اور اُس کے دیدہ وروں کے ذوق کی بوقلمونی کے متعلق فرماتے ھیں :

« گفتارِ موزون ، کہ آن را شعر نامند ، در هر دل جائی دیگر ، و در هر دیدہ رنگی دیگر ، و سخن سرایان را هر زخمہ جنبشی دیگر ، و هر ساز آهنگی دیگر دارد » ۔[3]

---

(۱) کلیات نثر : ۳۹۶ ۔ (۲) عود : ۱۸ ۔ (۳) کلیات نثر : ۲۴۲ ۔

لفظیت و معنویت

«گفتارِ موزوں» کے دو پہلو ہیں: لفظی اور معنوی۔ میرزا صاحب ابتدا میں صرف معنوی پہلو پر زور دیتے تھے، اور لفظی محاسن کی طرف سے بالکل بے توجہ تھے۔ نسخۂ حمیدیہ کے اشعار کے علاوہ، خود ایک خط میں اُنھوں نے اس کی صراحت کردی ہے کہ «شاعری معنی آفرینی ہے».[1]

اپنے متعلق اعتراف کرتے ہیں کہ

«نہ آبلہ پای جادۂ صنائعم، و نہ گوہرآمای رشتۂ بدائع. کبابِ گرمیء آتشِ بیدودِ پارسیم، و خرابِ تلخیء بادۂ پر زور معنی».[2]

میجر جان جاکوب کو بھی یہی لکھا ہے کہ

«سوگند کہ ہیچ گاہ دل بفنِ تاریخ و معما نہ نہادہ ام، و صنعتِ الفاظ را بر معنی نگزیدہ».[3]

میرزا تفتہ کو لکھتے ہیں:

«کیا ہنسی آتی ہے، کہ تم مانند اور شاعروں کے مجھ کو بھی یہ سمجھے ہو کہ استاد کی غزل یا قصیدہ سامنے رکھ لیا، یا اُس کے قوافی لکھ لیے اور اُن قافیوں پر لفظ جوڑنے لگے. لا حول ولا قوۃ الا باللہ!

بچپن میں جب میں ریختہ کہنے لگا ہوں، لعنت ہے مجھ پر، اگر میں نے کوئی ریختہ یا اُس کے قوافی پیش

---

(۱) خطوط: ۱، ۸۴. (۲) کلیات نظم، دیباچہ: ۱۱. (۳) کلیات نثر: ۱۷۲.

نظر رکھے لیے ہوں! صرف بحر اور ردیف، قافیہ دیکھ لیا، اور اُس زمین میں غزل، قصیدہ لکھنے لگا»[1].

ایک بار شیونراین کو کسی قدر ترش لہجے میں لکھا ہے:

«بھائی، حاشا ثم حاشا! اگر یہ غزل میری ہو:

اسد اور لینے کے دینے پڑے

اُس غریب کو میں کچھ کیوں کہوں؟ لیکن اگر یہ غزل میری ہو، تو مجھ پر ہزار لعنت!

اس سے آگے ایک شخص نے یہ مطلع میرے سامنے پڑھا اور کہا کہ، قبلہ! آپ نے کیا خوب مطلع کہا ہے:

اسد، اس جفا پر بتوں سے وفا کی
مرے شیر، شاباش، رحمت خدا کی!،

میں نے یہی اُن سے کہا کہ اگر یہ مطلع میرا ہو، تو مجھ پر لعنت!...

تم طرزِ تحریر اور روشِ فکر پر بھی نظر نہیں کرتے؟ میرا کلام اور ایسا مُزخرف!»[2]

اتفاقاً اُنہیں ایام میں جنون بریلوی نے کسی غزل کی ردیف اور قافیے کا حوالہ دیکر، پوری غزل مانگی تھی. اس کے جواب میں میرزا صاحب نے شیونراین کے نام کے خط کی باتیں دھرا کر لکھا کہ

«اسد اور شیر، اور بت اور خدا، اور جفا اور وفا، یہ

---

(۱) خطوط: ۱، ۸٤۰ (۲) اردو: ۳۷۱.

میری طرزِ گفتار نہیں ہے ».[1]

تغیرِ ذوق

اگرچہ معنویت پسندی کے بیجا توغل نے میرزا صاحب کو عرصے تک بیدل، اسیر اور شوکتِ بخاری کے دام میں پھنسائے رکھا، مگر آخرِ کار بیمزہ معنی آفرینی سے خود بھی بچنے لگے، اور شاگردوں کو بھی ہدایت کی کہ نزاکتِ تخییل کو قیدِ لطف سے آزاد نہونے دیا جائے. جنون بریلوی کے ایک مطلع کے متعلق لکھتے ہیں:

«اس مطلع میں خیال ہے دقیق، مگر کوہ کندن و کاہ بر آوردن. یعنی، لطف زیادہ نہیں».[2]

میرزا صاحب کی شاعری کا یہ طلسماتی رنگ اُڑا، تو اُن میں لطفِ زبان سے حظ اندوز ہونے کی صلاحیت بھی ترقی پکڑ گئی، اور اُن کے قلم سے معنی آفرینی کی تعریف و تحسین کے ساتھہ ساتھہ سلاستِ الفاظ، ندرتِ اسلوبِ ادا، اور دلنشینیٔ بیان وغیرہ کی داد بھی نکلنے لگی. چنانچہ ایک قصیدے کی تعریف میں فرماتے ہیں:

«ہزار آفرین! کیا اچھا قصیدہ ہے. واہ، واہ، چشمِ بد دور! تسلسلِ معنی، سلاستِ الفاظ».[3]

مہر کے قصیدے کے متعلق زیادہ واضح الفاظ میں لکھتے ہیں:

(۱) اردو: ۲۱۲؛ عود: ۱۶۶. (۲) خطوط: ۱: ۱۲۵. (۳) ایضاً: ۱: ۷۹.

« زبان پاکیزہ ، مضامین اچھوتے ، معانی نازک ، مطالب کا بیان دلنشیں » .[1]

شفق کی ایک فارسی غزل کے بارے میں تحریر کیا ھے :

« کیا پاکیزہ زبان ھے ، اور کیا طرزِ بیان ! »[2]

بیخبر کی ایک نئی زمین کی فارسی غزل پڑھ کر لکھا ھے :

« کیا کہنا ھے ! « ابداع » اس کو کہتے ھیں . « جدتِ طرز » اس کا نام ھے . جو ڈھنگ تازہ نوایانِ ایران کے خیال میں نہ گزرا تھا ، وہ تم بر روی کار لائے ہو » .[3]

مہر کی غزل کے ایک شعر کی داد دیتے ہوے لکھتے ھیں :

« کتنا خوب ھے ، اور اردو کا کیا اچھا اسلوب ھے ! »[4]

نوابِ باندہ کے اشعار پر تبصرہ کرتے ہوے فرماتے ھیں :

« زھی لطفِ طبع ، و حدتِ ذھن ، و سلامتِ فکر ، و حسنِ بیان » .[5]

نساخ کے دیوان پر راے زنی کرتے ہوے لکھتے ھیں :

« میں دروغگو نہیں . خوشامد میری خو نہیں . دیوانِ فیض عنوان اسم با مسمی ھے . « دفترِ بیمثال » اس کا نام بجا ھے . الفاظ متین ، معانی بلند ، مضامین عمدہ ، بندش دلپسند » .[6]

مہر کی مثنوی کے متعلق فرماتے ھیں :

---

(۱) اردو : ۲٦۵ .   (۲) ایضاً : ۳۱۳ ، عود : ۵٤ .   (۳) اردو : ۲۷۹ ، عود : ۲۷۵ .

(٤) اردو : ۲٦۸ ، عود : ۱۱۱ .   (۵) کلیات نثر : ۲۳۲ .   (٦) اردو : ۲۰٤ ، عود : ۱۲۵ .

«مثنوی پہنچی۔ جھوٹ بولنا میرا شعار نہیں۔ کیا خوب بولچال ہے! انداز اچھا، بیان اچھا، روزمرہ صاف».[1]

رجب علی بیگ سرور لکھنوی کے ایک شعر کے متعلق لکھتے ہیں:

«رجب علی بیگ سرور نے جو ‹فسانۂ عجائب› لکھا ہے، آغازِ داستان کا شعر اب مجکو بہت مزا دیتا ہے:

یادگارِ زمانہ ہیں ہم لوگ

یاد رکھنا، فسانہ ہیں ہم لوگ

مصرعِ ثانی کتنا گرم ہے، اور ‹یاد رکھنا، فسانے› کے ساتھ کتنا مناسب!»[2]

میزانِ شعر

مذکورۂ بالا تفصیل کے پیشِ نظر میرزا صاحب نے ایک «میزان» مقرر کی ہے، اور اُس میں چند اچھے شعروں کو تول کر دکھا دیا ہے۔ لکھتے ہیں:

«اس رقعے میں ایک میزان عرض کرتا ہوں۔ حضرت صاحب اُن صاحبوں کے کلام کو، یعنی، ہندیوں کے اشعار کو، قتیل اور واقف سے بیدل اور ناصر علی تک اس میزان میں تولیں۔ میزان یہ ہے:

رودکی و فردوسی سے لیکر خاقانی و سنائی و انوری

(۱) اردو: ۲۵۰، عود: ۱۱۷۔ (۲) اردو: ۱۰۵۔

وغیرہم تک ایک گروہ۔ ان حضرات کا کلام تھوڑے تھوڑے تفاوت سے ایک وضع پر ہے۔

پھر حضرتِ سعدی طرزِ خاص کے موجد ہوئے۔ سعدی و جامی و ہلالی یہ اشخاص متعدد نہیں۔

فغانی ایک اور شیوۂ خاص کا مبدع ہوا۔ خیالہای نازک و معانیء بلند لایا۔ اس شیوے کی تکمیل کی ظہوری و نظیری و عرفی و نوعی نے۔ سبحان اللہ! قالبِ سخن میں جان پڑ گئی۔

اس روش کو بعد اس کے صاحبانِ طبع نے سلاست کا چربا دیا۔ صائب و کلیم و سلیم و قدسی و حکیم شفائی اس زمرے میں ہیں۔

رودکی و اسدی و فردوسی، یہ شیوہ سعدی کے وقت میں ترک ہوا۔ اور سعدی کی طرز نے بسبب سہلِ ممتنع ہونے کے رواج نہ پایا۔ فغانی کا انداز پھیلا اور اُس میں نئے نئے رنگ پیدا ہوتے گئے۔

تو اب طرزیں تین ٹھہریں:

(۱) خاقانی، اُس کے اقران، (۲) ظہوری، اُس کے امثال، (۳) صائب، اُس کے نظائر۔

خالصاً للہ! ممتاز و اختر وغیرہم کا کلام، ان تین طرزوں میں سے کس طرز پر ہے؟ بے شبہہ فرماؤ گے کہ یہ طرز اور ہی ہے۔ بس تو ہم نے جانا کہ یہ طرز چوتھی ہے۔

کیا کہنا ہے! خوب طرز ہے، اچھی طرز ہے، مگر فارسی نہیں ہے، ہندی ہے. دارالضرب شاہی کا سکہ نہیں ہے، ٹکسال باہر ہے. داد، داد! انصاف، انصاف!

اگرچہ شاعرانِ نغز گفتار
زیک جام اند در بزمِ سخن مست
ولی با بادۂ بعضی حریفان
خمارِ چشمِ ساقی نیز پیوست
مشو منکر کہ در اشعارِ این قوم
ورای شاعری، «چیزی دگر» ہست

وہ «چیزِ دگر» حصے میں پارسیوں کے آئی ہے. ہاں، اردو زبان میں اہلِ ہند نے وہ چیز پائی ہے:

میر تقی علیہ الرحمہ: بدنام ہو گے، جانے بھی دو امتحان کو
رکھے گا کون تم سے عزیز اپنی جان کو؟

سودا: دکھلائیے لیجا کے تجھے مصر کا بازار
خواہاں نہیں، لیکن، کوئی واں جنسِ گراں کا

قائم: قائم اور تجھ سے طلب بوسے کی، کیوں کر مانوں
ہے تو ناداں، مگر اتنا بھی بدآموز نہیں

مومن خاں: تم مرے پاس ہوتے ہو، گویا
جب کوئی دوسرا نہیں ہوتا

ناسخ کے ہاں کمتر اور آتش کے ہاں بیشتر یہ تیر و نشتر ہیں. مگر مجھے اُن کا کوئی شعر اس وقت یاد

نہیں آتا »۔[1]

خلاصۂ بحث

خلاصہ یہ ہے کہ میرزا صاحب کے نزدیک اچھے شعروں میں، لفظاً، سلاست و متانتِ الفاظ، پاکیزگی و صفائیِ روزمرہ، ندرت و دلپسندیِ بندش اور حسنِ بیان؛ اور معنًی، بلندیِ خیال، نزاکتِ معنی، عمدگیِ مضمون، اور سلاست و تازگیِ فکر ہونا چاہیے۔ اسی کا نام شیوا بیانی ہے، اور یہی خوبیاں کلام کو « سہلِ ممتنع » بناتی ہیں۔ ایک خط میں فرماتے ہیں:

« خود ستائی ہوتی ہے۔ سخن فہم اگر غور کریگا، تو فقیر کی نظم و نثر میں سہلِ ممتنع اکثر پائے گا »۔[2]

انتخاب پر غور کرنے سے اندازہ ہوتا ہے کہ بڑی حد تک انہیں صفاتِ لفظی و معنوی کو میرزا صاحب نے معیارِ انتخاب قرار دیا ہے۔ چنانچہ وہ تمام فارسی و اردو اشعار، جن میں بیمزہ تخیل کارفرما تھی، یا بے لطف اور دور از کار تشبیہیں اور استعارے استعمال ہوے تھے، یا غیر مانوس فارسی ترکیبیں جلوہ گر تھیں، انتخاب میں شامل نہیں کیے گئے ہیں۔ اسی طرح وہ شعر بھی شاملِ انتخاب نہیں ہو سکے ہیں، جن میں اگرچہ کوئی عیب تو نہیں پایا جاتا، لیکن اُسی غزل کے دوسرے

(۱) اردو: ۱۴۹، ۱۵۰؛ عود: ۴۵، ۴۶۔ شفق کو اختصاراً صرف دو روشیں بتاتی ہیں: متقدمین، یعنی، امیر خسرو اور سعدی اور جامی کی روش، اور متأخرین، یعنی، صائب و کلیم و قدسی کا انداز۔ ملاحظہ ہو اردو: ۳۱۵؛ عود: ۵۱۔

(۲) عود: ۱۴۰۔

اشعار کے مقابلے میں اُن کا درجۂ حسن و خوبی پست تر ھے. صنفِ اول کی مثال میں دیوانِ قدیم کی متروکہ غزلوں کے علاوہ حسبِ ذیل اشعار بھی پیش کیے جا سکتے ھیں:

۱ شمارِ سُبحہ مرغوبِ بتِ مشکل پسند آیا
تماشای بیک کف بردنِ صد دل پسند آیا

۲ نقشِ نازِ بتِ طنّاز بآغوشِ رقیب
پای طاؤس پیٔ خامۂ مانی مانگے

صنفِ دوم کی تمثیل میں یہ شعر کام آ سکتے ھیں:

۱ سب کو مقبول ھے دعوے تری یکتائی کا
رو برو کوئی بتِ آئنہ سیما نہوا

۲ موت کی راہ نہ دیکھوں کہ بن آئے نہ رھے
تم کو چاھوں کہ نہ آؤ، تو بُلائے نہ بنے

لیکن دیوانِ اردو اور فارسی میں بہت سے ایسے شعر بھی نظر آتے ھیں، جو اپنی خوبیوں کے باعث ھر طرح مستحقِ انتخاب تھے. مثلاً:

۱ حالِ ما از غیر می پرسی و منت میبریم
آگھی، باری، کہ آگہ نیستی از حالِ ما

۲ مرنج از ناروائی، بی نیازی عالمی دارد
حکایتھا بود از خویشتن مرمیزبانان را

۳ خوشست افسانۂ دردِ جدائی مختصر، غالب
بمحشر میتوان گفت، آنچہ در دل ماندہ است امشب

٤ رندِ هزار شیوه را طاعتِ حق گران نبود
لیك صنم بسجده در، ناصیه مشترك نخواست

٥ گر منافق، وصل ناخوش؛ ور موافق، هجر تلخ
دیده داغم کرد؛ روی دوستان دیدن نداشت

٦ زیستم بی تو و زین ننگ نه کشتم خود را
جان فدای تو! میا، کز تو حیا می آید

٧ مقصودِ ما ز دیر و حرم، جز حبیب نیست
هرجا کنیم سجده، بدان آستان رسد

٨ گفتم: «گره ز کارِ دل و دیده باز کن»
از جبهه ناکشوده، به بندِ نقاب بُرد

٩ اگر بدل نخلد، هرچه از نظر گزرد
زهی روانیِ عمری که در سفر گزرد!

١٠ حریفِ منتِ احباب نیستم، غالب
خوشم، که کارِ من از سعی چاره‌گر گزرد

١١ می بزهاد مکن عرض، که این جوهرِ ناب
پیشِ این قوم، بشورابهٔ زمزم نرسد

١٢ بیاورید، گر اینجا بود زباندانی
غریبِ شهر سخنهای گفتنی دارد

١٣ شوق گستاخ و تو سرمست، بدا رسوائی!
هان، ادائی که دل و دستِ من از کار برد

١٤ رو، تن به بلا ده، که دگر بیمِ بلا نیست
مرغِ قفسی کشمکشِ دام ندارد

١٥ اگر نه مایلِ بوسِ لبِ خودست، چرا
بلب، چو تشنه، دمادم زبان بگرداند؟

١٦ ذوقیست همدمی به فغان، بگزرم ز رشک
خارِ رهت بپای عزیزان خلیده باد!

١٧ سرمایهٔ خرد بجنون ده، که این کریم
یك سود را هزار زبان میدهد عوض

١٨ تا باده تلخ تر شود و سینه ریش تر
بگدازم آبگینه و در ساغر افگنم

١٩ بجنگ، باج ستانانِ شاخساری را
تهی سبد، ز درِ گلستان بگردانیم

٢٠ به صلح، بالفشانانِ صبحگاهی را
ز شاخسار، سوی آستان بگردانیم

٢١ وای دیوانگیٔ شوق! که هردم مجکو
آپ جانا اُدھر، اور آپ ھی حیراں ھونا

٢٢ بجلی اك کوند گئی آنکھوں کے آگے، تو کیا؟
بات کرتے که میں لب تشنهٔ تقریر بھی تھا

٢٣ گو میں رھا رھینِ ستمھای روزگار
لیکن ترے خیال سے غافل نہیں رھا

۲۴ غمِ ہستی کا، اسد، کس سے ہو، جز مرگ، علاج؟
شمع ہر رنگ میں جلتی ہے سحر ہوتے تک

---

۲۵ تھی وہ اک شخص کے تصور سے
اب وہ رعنائیِ خیال کہاں

---

۲۶ جب کرم رخصتِ بیباکی و گستاخی دے
کوئی تقصیر، بجز خجلتِ تقصیر، نہیں

---

۲۷ کبھی جو یاد بھی آتا ہوں میں، تو کہتے ہیں
کہ "آج بزم میں کچھ فتنہ و فساد نہیں"!

---

۲۸ جانفزا ہے بادہ، جس کے ہاتھ میں جام آ گیا
سب لکیریں ہاتھ کی، گویا رگِ جاں ہوگئیں

---

۲۹ ہاں، وہ نہیں خدا پرست؛ جاؤ، وہ بیوفا سہی
جسکو ہوں دین و دل عزیز، اُسکی گلی میں جائے کیوں؟

---

۳۰ قفس میں مجھ سے رودادِ چمن کہتے نہ ڈر، ہمدم
گری ہے جس پہ کل بجلی، وہ میرا آشیاں کیوں ہو؟

۳۱ یہ فتنہ آدمی کی خانہ ویرانی کو کیا کم ہے؟
ہوئے تم دوست جس کے دشمن اُس کا آسماں کیوں ہو؟

۳۲ کہا تم نے کہ "کیوں ہو غیر کے ملنے میں رسوائی؟"
بجا کہتے ہو، سچ کہتے ہو، پھر کہیو کہ "ہاں، کیوں ہو؟"

---

۳۳ رہیے اب ایسی جگہ چل کر، جہاں کوئی نہو
ہم سخن کوئی نہو، اور ہمزباں کوئی نہو

۳٤ بے در و دیوار سا اک گھر بنایا چاھیے
کوئی ھمسایہ نہو، اور پاسباں کوئی نہو

۳۵ پڑیے گر بیمار، تو کوئی نہو تیماردار
اور اگر مر جائیے، تو نوحہ خواں کوئی نہو

۳٦ مرے دل میں ھے، غالب، شوقِ وصل و شکوۂ ھجراں
خدا وہ دن کرے، جب اُس سے میں یہ بھی کہوں، وہ بھی!

۳۷ بس، ھجومِ نا امیدی، خاک میں ملجائیگی
وہ جو اک لذت ھماری سعی بیحاصل میں ھے

۳۸ ھر بُلھوس نے حسن پرستی شعار کی
اب آبروی شیوۂ اھلِ نظر گئی

۳۹ جانتا ھوں ثوابِ طاعت و زھد
پر طبیعت ادھر نہیں آتی

٤۰ عشق پر زور نہیں؛ ھے یہ وہ آتش، غالب
کہ لگائے نہ لگے، اور بجھائے نہ بنے

٤۱ جی ڈھونڈھتا ھے پھر وھی فرصت کہ رات دن
بیٹھے رھیں تصورِ جاناں کیے ھوے

٤۲ زباں پہ، بارِ خدایا! یہ کس کا نام آیا؟
کہ میرے نطق نے بوسے مری زباں کے لیے

ان جیسے شعروں کو نظر انداز کر دینے کی وجہ یہ معلوم ھوتی ھے کہ میرزا صاحب نے یہ انتخاب چند روز کے اندر مرتب

کیا تھا. عجلت میں یوں بھی ذہن کی تمام قوتیں کامل اشتراک و ہم آہنگی سے کام نہیں کر سکتیں. میرزا صاحب کے یہاں اس پر مستزاد یہ تھا کہ آئے دن کی بیماریوں سے اُن کے قوای ظاہر و باطن بیحد کمزور و ناتواں ہو گئے تھے. تنگدستی اور پریشان روزگاری نے طرح طرح کی دماغی اُلجھنوں میں الگ گرفتار کر دیا تھا. اب اُنھیں شعر و سخن کی جگہ کافور و کفن کی پڑی رہتی تھی، اور صرف موت کی آس پر جی رہے تھے. ان حالات میں مستبعد نہیں کہ اچھے برے میں فرق و تمیز کرتے وقت اُن سے اچھے شعر نظرانداز ہو گئے ہوں، اور دو چار معمولی اشعار کو کسی وقتی جذبے کے ماتحت چُن لیا ہو.

بہرحال، یہ انتخاب بیحد قابلِ قدر، اور غالب سے متعلق ادب میں ایسا نایاب اضافہ ہے، جس کی قدر و قیمت میں برابر ترقی ہوتی رہیگی.

خدا کرے، بندگانِ ہمایونِ اعلیٰ حضرت، دام اقبالہم وملکہم، کی بارگاہ میں اس کو شرفِ قبول عطا ہو! آمین!

احقر

امتیاز علی عرشی

یہ کتاب عبد الصمد شرف الدین نے شرف الدین واولادہ کے مطبعۂ قیمہ، واقع نمبر ۲۹ شارع محمد علی، بمبئی نمبر ۳، میں طبع کی؛ اور کتابخانۂ ریاست رامپور، یو۔ پی، سے شائع ہوئی

انتخاب غالب

فارسی

چند رنگین نکتۂ دلکش ؛ تکلّف برطرف !

دیده‌ام دیوانِ غالب : انتخابی بیش نیست !!

غزلیّات

الف

ای بخلا و ملا خوی تو هنگامه زا !!
با همه در گفتگو، بی همه با «ماجرا»

شاهدِ حسنِ ترا، در روشِ دلبری
طرّهٔ پُرخم صفات، موی میان «ماسوا»

خلد به غالب سپار؛ زانکه بدان روضه در
نیک بود عندلیب خاصه نوآئین نوا

۲

خویِ شرمِ گنه، در پیشگاهِ رحمتِ عامت
سهیل و زهره افشاند ز سیما روسیاهان را

بدلها ریختی یکسر شکستن هم ز یزدان دان
که لختی بر خمِ زلف و کله زد کجکلاهان را

۳

خاموشیِ ما گشت بدآموز بتان را
زین پیش، وگرنه، اثری بود فغان را

موئی که برون نامده باشد، چه نماید؟
بیهوده، در اندامِ تو جستیم میان را

بر طاعتیان فرّخ و بر عشرتیان سهل!
نازم شبِ آدینهٔ ماهِ رمضان را!

ای خاکِ درت قبلهٔ جان و دلِ غالب!
کز فیضِ تو، پیرایهٔ هستیست جهان را

تا نامِ تو، شیرینیء جان داده بگفتن
در خویش فرو برده دل، از مہر، زبان را

بر امّتِ تو، دوزخِ جاوید حرامست
حاشا کہ شفاعت نکنی سوختگان را!

ما ہمای گرم پروازیم، فیض از ما مجوی
سایہ، ہمچون دود، بالا میرود از بالِ ما

جانِ غالب! تابِ گفتاری گمان داری ہنوز؟
سخت بیدردی کہ می پرسی ز ما احوالِ ما!

گر بیائی مست ناگاہ، از درِ گلزارِ ما
گل، ز بالیدن، رسد تا گوشۂ دستارِ ما

چاکِ «لا» اندر گریبانِ جہات افگندہ ایم
بی جہت بیرون خرام، از پردۂ پندارِ ما

ذرّه ، جز در روزنِ دیوار ، نکشودست بار
جنسِ بیتابی بدزدی برده ، از بازارِ ما

٦

من و ذوقِ تماشای کسی ، کز تابِ رخسارش
جگر بر تابه چسپد ، آفتابِ عالم آرا را !

دلِ مایوس را ، تسکین به مردن میتوان دادن
چه امیدست ، آخر ، خضر و ادریس و مسیحا را !

٧

بپایش جان فشاندن شرمسارم کرد ، میدانم
که داند : اَرزشی نبود متاعِ رایگانی را

٨

محو کن نقشِ دوئی از ورقِ سینهٔ ما
ای نگاهت الفِ صیقلِ آئینهٔ ما !!

عرصه بر الفتِ اغیار چه تنگ آمده است !
خوش فرورفته بطبعِ تو، خوشا کینهٔ ما !!

سوزِ عشقِ تو، پس از مرگ، عِیانست مرا
رشتهٔ شمعِ مزار، از رگِ جانست مرا

دل خود از تست و هم از ذوقِ خریداریِ تست
این همه بحث که در سود و زیانست مرا

چون پریزاد که در شیشه فرودش آرند
روی خوبت، بدل از دیده نهانست مرا

۱۰

بی‌تو، چون باده که در شیشه هم از شیشه جداست
نَبْوَد آمیزشِ جان، در تنِ ما، با تنِ ما

تا رَوَد شکوهٔ تیغِ ستم آسان از دل
بخیه، بر زخم پریشان فتد، از سوزنِ ما

می‌پرد مور؛ مگر جان بسلامت بَبَرد
تا چه برقست که شد نامزدِ خرمنِ ما!

ما نبودیم بدین مرتبه راضی، غالب
شعر خود خواهشِ آن کرد که گردد فنِ ما!

۱۱

با بندهٔ خود، این همه سختی نمی‌کنند
خود را، بزور بر تو، مگر، بسته‌ایم ما؟

سوزِ ترا، روان همه در خویشتن گرفت
از داغ، تهمتی به جگر بسته‌ایم ما

گوئی: «وفا ندارد اثر»، هم بما گرای
زین سادگی، که دل به اثر بسته‌ایم ما

۱۲

در گردِ غربت، آئینه دارِ خودیم ما
یعنی ز بیکسانِ دیارِ خودیم ما

با چون توئی معامله، بر خویش منّتست
از شکوهٔ تو، شکرگزارِ خودیم ما

غالب، چو شخص و عکس، در آئینهٔ خیال
با خویشتن یکی و دوچارِ خودیم ما

بروی برگِ گل، تا قطرهٔ شبنم نه پنداری
بهار، از حسرتِ فرصت، بدندان میگزد لبها

کند گر فکرِ تعمیرِ خرابیهای ما، گردون
نیاید خشت، مثلِ استخوان، بیرون ز قالبها

پس از عمری که فرسودم بمشقِ پارسائیها
گدا گفت و بمن تن در نداد، از خود نمائیها

نیرزم التفاتِ دزد و رهزن؛ بی نیازی بین:
متاعم را بغارت داده اند، از ناروائیها

۱۵

جان بر نتابد، ای دل! هنگامهٔ ستم را
از سینه ریز بیرون، مانندِ تیغ، دم را

بیوجه در رهت نیست، از پا فتادنِ من
بر دیده می‌نشانم، در هر قدم، قدم را

مانندِ خارزاری کاتش زنند در وی
سوزد، ز بیمِ خویت، اجزای ناله هم را

۱٦

من آن نیَم که دگر میتوان فریفت مرا
فریبمش که مگر میتوان فریفت مرا

بحرفِ ذوقِ نگه، میتوان ربود مرا
بوهمِ تابِ کمر، میتوان فریفت مرا

من و فریفتگی، هرگز آن محال اندیش
چرا فریفت، اگر میتوان فریفت مرا؟

ز بازنامدنِ نامه‌بر خوشم که هنوز
به آرزوی خبر، میتوان فریفت مرا

شبِ فراق ندارد سحر؛ ولی یک چند
بگفتگوی سحر، میتوان فریفت مرا

ز من گرت نبُوَد باورِ انتظار، بیا
بهانه‌جوی مباش و ستیزه‌کار بیا

یک دو شیوه ستم، دل نمی‌شود خرسند
بمرگِ من! که بسامانِ روزگار بیا

بهانه‌جوست در الزامِ مدعی، شوقت
یکی، برغمِ دلِ ناامیدوار، بیا!

هلاکِ شیوهٔ تمکین مخواه مستان را
عنان‌گسسته‌تر از بادِ نوبهار، بیا!

وَداع و وصل جداگانه لذتی دارد
هزار بار برو، صد هزار بار بیا!

۱۸

چون بقاصد بِسپرم پیغام را
رشك نگزارد که گویم نام را

گشته در تاریکیء روزم نهان
کو چراغی، تا بجویم شام را؟

آن مَیَم باید که چون ریزم بجام
زورِ می در گردش آرد جام را

تا نیفتد هرکه تن‌پرور بود
خوش بود، گر دانه نبود دام را!

زحمتی عامست دایم خاص را
عشرتی خاصست هردم عام را

۱۹

در هجر، طرب پیش کند تاب و تبم را
مهتاب، کفِ مارِ سیاهست، شبم را

ترسم که دهد ناله جگر را بدریدن
قطعِ نظر از جیب، بدوزید لبم را

۲۰

بر نمی‌آید ز چشم، از جوشِ حیرانی مرا
شد نگه زنّارِ تسبیحِ سلیمانی مرا

وه! که پیش از من پابوسِ کسی خواهد رسید
سجدۀ شوقی، که می بالد به پیشانی مرا

همچنین بیگانه زی با من، دل و جانِ کسی!
بدگمان گردم، اگر دانم که میدانی مرا

تشنه‌لب بر ساحلِ دریا ز غیرت جان دهم
گر بموج افتد گمانِ چینِ پیشانی، مرا

۲۱

از وهمِ قطرگیست که در خود گمیم ما
اما چو وا رسیم، همان قلزمیم ما

مَردم، بکینه، تشنهٔ خونِ همند و بس
خون می‌خوریم، چون هم ازین مردمیم ما

۲۲

به بیم افگنده می را، چارهٔ رنجِ خمارِ ما
قدح برخویش می‌لرزد، ز دستِ رعشه دارِ ما

فروزد هر قدر رنگِ گل، افزاید تب و تابش
کبابِ آتشِ خویشست، پنداری، بهارِ ما

۲۳

بپایانِ محبت، یاد می‌آرم زمانی را
که دل، عهدِ وفا نابسته، دادم دلستانی را

ندارم تابِ ضبطِ راز و می‌ترسم ز رسوائی
مگر جویم، ز بهرِ همزبانی، بیزبانی را

بشهر از دوست، بعد از روزگاری، یافتم، غالب
ز عنوانِ خطی، کز راهِ دور آمد، نشانی را

از تست اگر ساخته، پرداختهٔ ما
کفری نبود مطلبِ یساختهٔ ما

وقتست که چون گرد، ز تحریکِ نسیمی
ریزد پر و بال از قفسِ فاختهٔ ما

۲۵

خوش وقتِ اسیری! که برآمد هوسِ ما
شد، روزِ نخستین، سبدِ گل قفسِ ما

آوازهٔ شرع از سرِ منصور بلندست
از شبرَویِ ماست، شکوهِ عسسِ ما

در دهر، فرو رفتهٔ لذّت نتوان بود
بر قند، نه بر شهد، نشیند مگسِ ما

۲۶

ز پیکانهای ناوک ، در دلِ گرمم نشان نبود
بریگستان چه جوئی ، قطره‌های آبِ باران را ؟

کفِ خاکیم ؛ از ما برنخیزد جز غبار آنجا
فزون از صرصری نبود قیامت ، خاکساران را

درآ بیخود بیازیگاهِ اهلِ حسن ؛ تا بینی ،
بروی شعله ، گرمِ مشقِ جولان ، نی سواران را

۲۷

ز پیدائی ، حجابِ جلوه سامان کردنش نازم !
کفِ صهباست ، گوئی ، پنبه مینای شرابش را

دمِ صبحِ بهار ، این مایه مدهوشی نمی‌ارزد
صبا بر مغزِ دهر افشانده ، گوئی ، رختِ خوابش را

ز خوبان جلوه ، وز ما بیخودان جان ، رونما خواهد
خریدارست ، ز انجم تا به شبنم ، آفتابش را

۲۸

مدام محرمِ صهبا بود، پیالهٔ ما
بگردِ مهر، تنیدست خطِ هالهٔ ما

چمن طرازِ جنونیم و دشت و کوه از ماست
به مُهرِ داغِ شقایق بود قَبالهٔ ما

درازیء شبِ هجران ز حد گزشت، بیا
فدای روی تو عمرِ هزارسالهٔ ما!

ز سعیِ هرزه، به بیحاصلی علم گشتیم
چو باد، بید پدید آمد، از امالهٔ ما

بدل، ز جورِ تو، دندان فشرده ایم و خوشیم
ز استخوان اثری نیست در نوالهٔ ما

۲۹

کدام آئینه با روی او مقابل شد
که بیقراریء جوهر نبرد زنگش را؟

چو غنچه ، جوشِ صفای تنش ، ز بالیدن
درید بر تنِ نازك قبای تنگش را

جگر نشانه نهم ، بر خود اعتمادم نیست
مباد ! دل ، به تپش ، رد کند خدنگش را

زین بهارآئین نگاهان ، بُو که بپزیرد یکی
عمرها شد ، رخ بخونِ دیده می‌شوئیم ما !

آفتابِ عالمِ سرگشتگیهای خودیم
تا بزانو سوده پای ما و می‌پوئیم ما

داغم که در هوای سرِ دامنِ کسیست !
در خونِ من ، ز ناز ، فرو برده چنگ را

در بزم ، مَی بجامِ زمرد نخوردهٔ :
سنجد بدشت جلوهٔ داغِ پلنگ را

در گوشۂ خزیده، ز اندوهِ یکسی
آن برشکسته خلوتِ دلهای تنگ را

غالب، ز عاشق به ندیمی رسیده‌ام
نازم شگرفکاریِ بختِ دورنگ را !

سوزد، ز بسکه، تابِ جمالش نقاب را
دانم که درمیان نه پسندد حجاب را

پیراهن از کتان و، دمادم، ز سادگی
نفرین کند، به پرده‌دری، ماهتاب را

نازم فروغِ باده ز عکسِ جمالِ دوست !
گوئی، فشرده‌اند بجام آفتاب را

آبش دهم به باده و او هردم، از تمیز
نوشد می و ز جام فروریزد آب را

تا خود شبی به همدمیء ما بسر برد
در چشمِ بختِ غیر، رها کرد خواب را

۳۳

چنان گرمست بزم از جلوۂ ساقی، که پنداری،
گدازِ جوهرِ نظّاره در جامست، مستان را

تکلف برطرف، لب تشنۂ بوس و کنارستم
ز راهم باز چین، دامِ نوازشهای پنهان را

بانداز صبوحی، چون بگلشن ترکتاز آری،
پریدنهای رنگِ گل شفق گردد گلستان را

رسیدنهای منقارِ هما بر استخوان، غالب
پس از عمری، بیادم داد رسم و راهِ پیکان را

۳۴

بخلوت، مژدۂ نزدیکیء یارست پهلو را
فریبِ امتحانِ پاکبازی داده‌ام او را

جهان، از باده و شاهد، بدان ماند که، پنداری،
بدنیا از پسِ آدم فرستادند مینو را

نباشد دیده تا حق بین، مده دستوریء اشکش
چو گوهر سنج، کو پیش از گهر سنجد ترازو را

۳۵

بسکه غمِ تو بوده است تعبیه در سرشتِ ما
نسخهٔ فتنه می برد، چرخ ز سرنوشتِ ما

بردہ صد اربعین بسر، بر سرِ صد هزار خُم
گر بنهی در آفتاب، باده چکد ز خشتِ ما

باده اگر بود حرام، بذله خلافِ شرع نیست
دل ننهی بخوبِ ما، طعنه مزن بزشتِ ما

۳۶

دل تابِ ضبطِ ناله ندارد؛ خدای را!
از ما مجوی گریهٔ بی های های را

سرمنزلِ رسائیِ اندیشهٔ خودیم
در ما گمست جلوه پیِ رهنمای را

حسنِ بتان، ز جلوهٔ نازِ تو، رنگ داشت
بیخود، به بوی باده، کشیدیم لای را

یا رب! بیالِ تیغ که پرواز می‌کند؟
تنگست دوش، فرقِ بلندی‌گرای را

مُردم ز فرطِ ذوق و تسلّی نمی‌شوم
یا رب! کجا برم لبِ خنجرستای را؟

تا دوخت چاره‌گر جگرِ چارپاره را
از بخیه، خنده بر دمِ تیغست چاره را

سرگرمِ مهر شد دلِ چرخِ ستیزه‌خو
چندان که داغ کرد جبینِ ستاره را

ای لذتِ جفای تو، در خاک بعدِ مرگ،
با جان سرشته، حسرتِ عمرِ دوباره را!

۳۸

طبیعی نیست هرجا اختلاط، از وی حذر خوشتر
کم از سوزنده آتش نیست، آبِ گرم ماهی را

دلا! گر داوری داری بچشمِ سرمه آلودش
نخستم بی‌زبان کن، تا بکار آیم گواهی را

مرو در خشم، گر دستی بدامانِ تو زد غالب
وکیلش من، نمی داند طریقِ دادخواهی را

۳۹

لرزه دارد خطر، از هیبتِ ویرانهٔ ما
سیل را، پای بسنگ آمده، در خانهٔ ما

تنی از برقِ بلا تعبیه دارد در خویش
دهنِ خاک کند آبله، از دانهٔ ما

بچراغی نرسیدیم ، درین تیره سرا
شمعِ خاموش بود ، طالعِ پروانۂ ما

مو برآید ز کفِ دست ، اگر ، دهقان را
نیست ممکن که کشد ریشه سر از دانۂ ما

داده بر تشنگیء خویش گواهی ، غالب
دَهنِ ما ، بزبانِ خطِ پیمانۂ ما

ای گل از نقشِ کفِ پای تو دامانِ ترا !
گلفشان کرد ، قبا ، سروِ خرامانِ ترا

تا ز خونِ که ازین پرده شفق باز دمد ؟
رونقِ صبحِ بهارست گریبانِ ترا

هر قدر شکوه ، که در حوصله گرد آمده بود ،
گوی گردید ، به مستی ، خمِ چوگانِ ترا

چشمم آغشته بخون بین و ز خلوت بدر آی
اینَك ! ابرِ شفق آلوده گلستانِ ترا

چه غم ، ار سیلیِ سنگِ ستمش کرد کبود !
سبزه زاریست تنم طرفِ خیابانِ ترا

غمت در بوتۀ دانش گدازد مغزِ خامان را
لبت تنگِ شکر سازد دهانِ تلخ کامان را

ز هستی پاك شو، گر مردِ راهی ؛ کاندرین وادی
گرانیهاست ، رختِ رهروِ آلوده دامان را

بسا افتاده سرمست و بسا خم گشته در طاعت
تو دانی ، تا به لطف از خاك برداری کدامان را

جهان را خاصی و عامیست : آن مغرور و این عاجز
بیا ، غالب ، ز خاصان بگزر و بگزار عامان را

۴۲

نگویم، تازه دارم شیوهٔ جادو بیانان را
ولی در خویش بینم کارگر، جادوی آنان را

ندارد حاجتِ لعل و گهر، حسنِ خدا دادت
عبث در آب و آتش راندهٔ بازارگانان را

به لفظِ عشق، صد ره کوه و دریا درمیان گفتن
بیاموزید، تا پیشش برید افسانه خوانان را

نگیرد دیگران را حق، بجرمی کز یکی بخشد
سرت گردم! شفیعی روزِ محشر دلستانان را

نداند قدرِ غم، تا درنماند کس بدان، غالب
مسرت خیزد، از تقلیدِ پیران، نوجوانان را

ب

عالم آئینهٔ رازست، چه پیدا، چه نهان
تابِ اندیشه نداری، به نگاهی دریاب

گر بمعنی نرسی ، جلوهٔ صورت چه کمست ؟
خمِ زلف و شکنِ طرفِ کلاهی دریاب

تو در آغوشی و دست و دلم از کار شده
تشـــنه ، بی دلو و رسن ، بر سرِ چاهی دریاب

غالب و کشمکشِ بیم و امیـــدش ، هیهات !
یا به تیغی بکُش و یا به نگاهی دریاب

گر ، پس از جور ، بانصاف گراید ، چه عجب ؟
از حیا روی بما گر نه نماید ، چه عجب ؟

بودش از شکوه خطر ؛ ورنه سری داشت بمن
بمزارم ، اگر ، از مهر بیاید ، چه عجب ؟

رسمِ پیمان بمیان آمده ؛ خود را نازم !
گفته باشد که « ز بستن چه کشاید » ، چه عجب ؟

کار با مطربهٔ زهره‌نهادی دارم
گر لبم ناله بهنجار سراید، چه عجب؟

آن که چون برق بیك جای نگیرد آرام
گله‌اش در دل اگر دیر نپاید، چه عجب؟

با چنین شرم که از هستیء خویشش باشد
غالب ار رخ برهِ دوست نساید، چه عجب؟

٤٥

جنون محمل بصحرای تحیّر رانده است امشب
نگه در چشم و آهم در جگر وامانده است امشب

زهی آسایشِ جاوید! همچون صورتِ دیبا
نمِ زخمم تن و بستر بهم چسپانده است امشب

بقدرِ شامِ هجرانش، درازی باد عمرش را!
فلك نیز از کواکب سُبحه ها گردانده است امشب

هان ! آئنه بگزار که عکسم نفریبد
نظارهٔ یکتائیِ حق میکنم امشب

آتش بنهادم شده آب ، از تفِ مغزم
از تب نبود ، این که عرق میکنم امشب

نازم سخنش را و نیابم دهنش را
خوش تفرقه در باطل و حق میکنم امشب

پ

تو محوِ خواب ، و سحر در تاسف ، از انجم
به پشتِ دست بدندان گزیدنست ، مخسپ

نفس ، ز ناله ، به سنبل درودنست ، بخیز
زخونِ دل ، مژه در لاله چیدنست ، مخسپ

نشاطِ گوش بر آوازِ قلقل است ، بیا
پیاله چشم براهِ کشیدنست ، مخسپ

نشانِ زندگیِ دل دویدنست ، مَایست
جلای آئنۂ چشم دیدنست ، مخسپ

ز دیده ، سودِ حریفان کشودنست ، مبند
ز دل ، مرادِ عزیزان تپیدنست ، مخسپ

بذکرِ مرگ شبی زنده داشتن ذوقیست
گرت فسانۂ غالب شنیدنست ، مخسپ

ت

حق جلوه گر ز طرزِ بیانِ محمدست
آری ، کلامِ حق بزبانِ محمدست

آئینه دارِ پرتوِ مهرست ، ماهتاب
شانِ حق آشکار ز شانِ محمدست

تیرِ قضا ، هرآئنه ، در ترکشِ حقست
اما کُشادِ آن ز کمانِ محمدست

دانی، اگر بمعنیء «لولاک» وا رسی:
خود هرچه از حق است، ازانِ محمدست

ایمان بغیب ، تفرقها رُفت از ضمیر
ز اسما گزشته ایم و مُسمّیٰ نوشته ایم

در هیچ نسخه ، معنیء لفظِ امید نیست
فرهنگ نامهای تمنا نوشته ایم

آینده و گزشته ، تمنا و حسرتست
یك «کاشکی» بود ، که بصد جا نوشته ایم

غالب ، الف همان علمِ وحدتِ خودست
بر «لا» ، چه برفزود ، گر «الّا» ، نوشته ایم ؟

۲۳۵

صبحست ، خیز ، تا نفسی در هم افگنم
از ناله ، لرزه در فلكِ اعظم افگنم

آتش فرونشاند نمِ دامنم ؛ بیا
کاین دلقِ نیم سوخته در زمزم افگنم

خوشنودم از تو و ز پیء دورباشِ خلق
آوازهٔ جفای تو در عالم افگنم

دوزند گر ، بفرض ، زمین را به آسمان
حاشا ! کزین فشار ، در ابرو خم افگنم

۲۳۶

بی پردگیء محشرِ رسوائیء خویشم
در پردهٔ یك خلق ، تماشائیء خویشم

نقشِ بضمیر آمدهٔ نقش طرازم
حاشا ! که بود دعوی پیدائیء خویشم

۲۳۷

گم گشته بکوی تو، نه دل، بلکه خبر هم
در لرزه ز خوی تو، نه دم، بلکه اثر هم

یا رب! چه بلائی؟ که دمِ عرضِ تمنا
اجزای نفس می خزد، از بیمِ تو، درهم

تا حسن، به بی پردگیء جِلوه، صَلا زد
دیدیم که تاری ز نقابست نظر هم

۲۳۸

رنگها چون شد فراهم، مصرفی دیگر نداشت
خلد را نقش و نگارِ طاقِ نسیان کرده ایم

زاهد، از ما خوشهٔ تاکی، به چشمِ کم مبین
هی! نمیدانی که یک پیمانه نقصان کرده ایم

۲۳۹

هم به عالم، ز اهلِ عالم بر کنار افتاده ام
چون امامِ سُبحه، بیرون از شمار افتاده ام

ریزم ، از وصفِ رخت ، گل را شرر در پیرهن
آتشِ رشکم ؛ بجانِ نوبهار افتاده ام

کشتیء بی ناخدایم ؛ سرگزشتِ من مپرس
از شکستِ خویش ، بر دریا کنار افتاده ام

از روانیهای طبعم ، تشنهٔ خونست دهر
آبم ، آب ؛ اما ، تو گوئی ، خوشگوار افتاده ام

۲۴۰

سوخت جگر ، تا کجا رنجِ چکیدن دهیم ؟
رنگ شو ، ای خونِ گرم ! تا بپریدن دهیم

جلوه غلط کرده اند ؛ رخ بکشا ، تا ز مهر
ذره و پروانه را ، مژدهٔ دیدن دهیم

دامن ، از آلودگی ، سخت گران گشته است
وه ! که درآرد ز پا ، به ! که بچیدن دهیم

۲۴۱

بود بدگو ساده ، با خود همزبانش کرده ام
از وفا آزردنت ، خاطرنشانش کرده ام

بر امیدِ آنکه اختر در گزر باشد مگر
هرزه میگویم که « بر خود مهربانش کرده ام »

گوشهٔ چشمش ، به بزمِ دلربایان ، با منست
وقتِ من خوش باد ! کز خود بدگمانش کرده ام

در طلب ، دارم تقاضائی که گوئی ، در خیال
بوسه تحویلِ لبِ شکّر فشانش کرده ام

۲۴۲

می ربایم بوسه و عرضِ ندامت می‌کنم
اختراعی چند ، در آدابِ صحبت می‌کنم

۲۴۳

صبح شد ، خیز ، که رودادِ اثر بنمایم :
چهره ، آغشته بخونابِ جگر ، بنمایم

پنبه یکسو نهم از داغ ، که رخشد چون روز
آخری نیست شبم را که سحر بنمایم

می‌کند ناز ، گمان کرده که خط دیر دمد
خیز ، تا شعبدهٔ جذبِ نظر بنمایم

چون به محشر ، اثرِ سجده ز سیما جویند
داغِ سودای تو ، ناچار ، ز سر بنمایم

گاه ، گاه ، از نظرم مست و غزلخوان بگزر ؛
ورنه بر عهدهٔ من نیست که رسوا باشم

با دلِ چون تو ستم‌پیشهٔ ، داورنشناس
چکنم ، گر همه اندیشهٔ فردا باشم ؟

همچو آن قطره که بر خاك فشاند ساقی
دورم از کُنجِ لبت ، گر همه صهبا باشم

۲۴۵

دگر، نگاهِ ترا مستِ ناز می‌خواهم
حسابِ فتنه، ز ایام باز می‌خواهم

گزشتم از گله، در وصل فرصتم بادا!
زبانِ کوته و دستِ دراز می‌خواهم

وکیلِ غالبِ خونین‌دلم؛ سفارش نیست
بشکوهٔ تو، زبان را مجاز می‌خواهم

۲۴۶

ز من حذر نه کنی، گر لباسِ دین دارم
نهفته کافرم و بت در آستین دارم

نشسته ام، بگدائی، بشاهراه و هنوز
هزار دزد، بهر گوشه، در کمین دارم

ترا نه گفتم اگر جان و عمر، معذورم؛
که من، وفای تو با خویشتن، یقین دارم

۲۴۷

بیا، که قاعدۂ آسمان بگردانیم
قضا، به گردشِ رطلِ گران، بگردانیم

ز چشم و دل، به تماشا، تمتع اندوزیم
ز جان و تن، به مدارا، زیان بگردانیم

اگر ز شحنه بود گیرودار، نندیشیم
وگر ز شاه رسد ارمغان، بگردانیم

ندیم و مطرب و ساقی ز انجمن رانیم
بکاروبار، زنی کاردان بگردانیم

نهیم شرم به یکسوی و باهم آویزیم
بشوخئی که رخِ اختران بگردانیم

۲۴۸

رفت بر ما، آنچه خود ما خواستیم
وایه از سلطان، بغوغا، خواستیم

رفت و باز آمد هما ، در دامِ ما
باز سر دادیم و عنقا خواستیم

هم بخواهش ، قطعِ خواهش خواستند
عذرِ خواهشهای بیجا خواستیم

اگر بر خود نمی بالد ، ز غارت کردنِ هوشم
مرا او را ، از چه دشوارست ، گنجیدن در آغوشم؟

نیرزم هیچ : چون لفظِ مکرر ضایعم ، ضایع
مگر کز لك کشد دستِ نوازش بر سر و دوشم

مرنج از وعدهٔ وصلی ، که با من درمیان آری
که خواهد شد ، بذوقِ وعدهٔ دیگر ، فراموشم

ادای می بساغرکردنت نازم ! زهی ساقی !
بیفشان جرعه بر خاك و ز من بگزر که مدهوشم

۲۵۰

وحشتی در سفر، از برگِ سفر، داشته ایم
توشهٔ راه، دلی بود که برداشته ایم

تو دماغ، از میء پرزور، رسانیده و ما
بر درِ خمکده، خشتی تهِ سر داشته ایم

وا رسیدیم؛ که، غالب، بمیان بود نقاب
کاش! دانیم که از روی ِکه برداشته ایم

۲۵۱

خواهی فراغِ خویش، بیفزای بر ستم
تا، در عوض، همان قدر از شکوه کم کنم

طفلست و تندخوی: به بینم، چه می کند؟
رامم؛ ولی بعربده، دانسته رم کنم

تا دخلِ من بعشق فزون تر بود ز خرج
خواهم که از تو بیش کشم ناز و کم کنم

۲۵۲

نه از مهرست ، گر بر داستانم می نهد گوشی
همان از نکته چینی ، خیزدش ذوقِ شنیدن هم

چه پرسی ، کز لبت وقتِ قدح نوشی ، چه می خواهم ؟
همین بوسیدنی ؛ چون مست تر گردی ، مکیدن هم !

سرت گردم ! شکارِ تازه گر هردم هوس داری
بهر بندم ، رها میکن بقدرِ یك رمیدن هم

۲۵۳

آنم که لبِ زمزمه فرسای ندارم
در حلقهٔ سوهان نفسان ، جای ندارم

خود رشته زند موجِ گهر ؛ گرچه من اکنون
جز رعشه ، بدستِ گهرآمای ندارم

نازِ تو فراوان بود و صبرِ من اندك
تو دست و دلی داری و من پای ندارم

۲۵٤

پرسد سببِ بیخودی از مهر و من ، از بیم
در عذر ، بخون غلتم و گفتار ندانم

زخمِ جگرم ؛ بخیه و مرهم نه پسندم
موجِ گهرم ؛ جنبش و رفتار ندانم

غالب ، نبود کوتهی از دوست ، همانا
زانسان دهدم کام که بسیار ندانم

۲۵۵

نامه‌بر گم شد ، در آتش نامه را باز افگنم
چون کبوتر نیست ، طاؤسی بپرواز افگنم

ترکِ صحبت کردم و در بندِ تکمیلِ خودم
نغمه ام جان گشت ، خواهم در تنِ ساز افگنم

ن

ای ز سازِ زنجیرم ، در جنون نواگر کن !
بند ، گر بدین ذوقست ، پارهٔ گران تر کن

فیضِ عیشِ نوروزی جاودانه خوش باشد
روزِ من ، ز تاریکی ، با شبم برابر کن

«کن» ، پارسی گفتی ، سازِ مدعا کردم
هم بخویش ، در تازی ، گفته را مکرر کن

از درون ، روانم را در سپاسِ خویش آور
وز برون ، زبانم را شکوه سنجِ اختر کن

بخششِ خداوندی ، گر فراخورِ ظرفست
هم بهوش بیشی ده ، هم به می تونگر کن

ها ! پری شیوه غزالان و ز مردم رمِ شان
دلِ مردم بخمِ طرهٔ خم در خمِ شان

کافرانند جهان جوی ، که هرگز نبود
طرهٔ حور دلاویزتر از پرچمِ شان

رشك بر تشنهٔ تنها روِ وادی دارم
نه بر آسوده دلانِ حرم و زمزمِ شان

گرفتم ، کی بشرعِ ناز ، زارم میتوان کشتن ؟
به فتوای دلِ امّیدوارم میتوان کشتن

بجرمِ این که در مستی ، بپایان برده ام عمری
بکوی می‌فروشان ، در خمارم میتوان کشتن

جفا بر چون منی کم کن ؛ که گر کشتن هوس باشد
بذوقِ مژدهٔ بوس و کنارم میتوان کشتن

بخونِ من ، اگر ، ننگست دست و خنجر آلودن
نویدِ وعدهٔ ؛ کز انتظارم میتوان کشتن

زهی ! باغ و بهارِ جان فشانان
غمت ، چشم و چراغِ راز دانان

بصورت ، اوستادِ دلفریبان
بمعنی ، قبلهٔ نامهربانان

وصالت ، جان توانا سازِ پیران
خیالت ، خاطرآشوبِ جوانان

ز ناحق کشتگان راضی ، بجانت !
که غالب هم یکی باشد از آنان

طاق شد طاقت ، ز عشقت برکران خواهم شدن
مهربان شو ؛ ورنه بر خود مهربان خواهم شدن

خار و خس هرگه در آتش سوخت ، آتش می‌شود
مُردم از ذوقِ لبت ، چندان که جان خواهم شدن

بسکه فکرِ معنیء نازك همی کاهد مرا
شاهدِ اندیشه را موی میان خواهم شدن

دل ، زان مژهٔ تیز ، بیك بار کشیدن
دامن ، بدرشتی بود از خار کشیدن

دارم سرِ این رشته بدانسان که ز دیرم
تا کعبه، توان برد بزنار کشیدن

حق گویم و نادان بزبانم دهد آزار
یا رب! چه شد آن فتوی بر دار کشیدن؟

من کافرِ زنهاریء شاهم؛ بمن ارزد
می، در رمضان، بر سرِ بازار کشیدن

۲۶۲

واعظ، سخن از توبه مگو، اینکه پس از می
دست و دهنی آب کشیدیم، بسست این

لب بر لبِ دلبر نهم و جان بسپارم
ترکیبِ یکی کردنِ صد ملتمسست، این

۲۶۳

بسکه لبریزست، ز اندوهِ تو، سرتاپای من
ناله می روید، چو خارِ ماهی، از اعضای من

دائمش در انتظارِ غیر و نالم زار، زار
وای من! گر رفته باشد خوابش، از غوغای من

خاطرِ منت پزیر و خوی نازک دادهٔ
گر به بخشی، شرمسارم، ور نه بخشی، وای من!

خوش بود، فارغ ز بندِ کفر و ایمان زیستن
حیف! کافر مردن و آوخ! مسلمان زیستن

شیوهٔ رندانِ بی پروا خرام از من مپرس
اینقدر دانم که دشوارست آسان زیستن

چیست، به لب خنده، از عتاب، شکستن؟
رونقِ پروین، ز آفتاب، شکستن

شانه بران طرهٔ سیاه کشیدن
قیمتِ کالای مشکناب شکستن

جوششِ سرمستیم، ز برق پسندد
نیشتر اندر رگِ سحاب شکستن

طره میارا بَرَغمِ خواهشِ غالب
چیست دلش را، ز پیچ و تاب، شکستن؟

خیره کند مرد را مهرِ دِرم داشتن
حیف! ز همچو خودی، چشمِ کرم داشتن

وای! ز دل مردگی، خوی بد انگیختن
آه! ز افسردگی، روی دژم داشتن

بهرِ فریب، از ریا، دامِ تواضع مچین؛
دل نرباید همی تیغ، ز خم داشتن

اشک چنان بی اثر، ناله چنین نارسا!
دیده و دل را سزد ماتمِ هم داشتن

۲۶۷

چه غم ؟ ار به جِد گرفتی ، ز من احتراز کردن
نتوان گرفت از من ، بگزشته ناز کردن

نگهت بموشگافی ، ز فریبِ رم نخوردن
نفسم بدام بافی ، ز سخن دراز کردن

ز غمِ تو باد شرمم ! که چه مایه شوخ چشمیست
ز شکستِ رنگ ، بر رخ درِ خلد باز کردن ؟

بفشارِ رشکِ بزمت ، نه چنان گداخت گلشن
که میانۂ گل و مل رسد امتیاز کردن

۲۶۸

چون شمع ، رود شب همه شب دود ، ز سرمان
زینگونه ، کرا روز بسر رفت ، مگر مان ؟

آذر به پرستیم و رخ از شعله نتابیم
ای خوانده بسوی خود ازین راهگزر مان !

غالب ، چه زیان ؟ ناله اگر گرمروی کرد
سوزی بدل اندر نه و داغی بجگر مان

۲۶۹

خجل ، ز راستیء خویش ، میتوان کردن
ستم بجانِ کج اندیش میتوان کردن
اگر بقدرِ وفا میکنی جفا ، حیفست !
بمرگِ من ! که ازین بیش میتوان کردن

۲۷۰

حیفست ، قتلگه ز گلستان شناختن !
شاخ از خدنگ و غنچه ز پیکان شناختن
لختِ دلم بدامن و چاکِ غمم بجیب
اینک ، سزای جیب ز دامان شناختن !

بخونم دست و تیغ آلود جانان
بد آموزان ، وکیلِ بی زبانان

چگویم در سپاسِ بی کسیها ؟
زهی ! نا مهربانانِ مهربانان

فغانا ! مَیگساران دجله نوشان
دریغا ! ساقیان اندازه دانان

گلی بر گوشهٔ دستار داری
خوشا ! بختِ بلندِ باغبانان !!

گزشت از دل ، ولی نگزشت از دل
خدنگِ غمزهٔ زورین کمانان

تا ز دیوانم ، که سرمستِ سخن خواهد شدن؟
این می ، از قحطِ خریداری ، کہن خواهد شدن

کوکبم را ، در عدم ، اوجِ قبولی بوده است
شهرتِ شعرم ، به گیتی ، بعدِ من خواهد شدن

سرشك افشانیء چشمِ تَرَش بین
شهِ خوبان و گنجِ گوهرش بین

ادای دلستانی رفته از یاد
هوای جانفشانی در سرش بین

بدشت آورده رو سیلست ، گوئی
روا رو در گدایانِ درش بین

صفای تن فزون تر کرده رسوا
دل ، از اندیشه ، لرزان در برش بین

مهِ نو کرده ، کاهش ، پیکرش را
بچشمِ کم ، همان مه پیکرش بین

خداوندش بخونِ ما مگیراد !
به بیتابی ، نگه بر خنجرش بین

و

حق که حقست ، سمیعست ، فلانی ! بشنو
بشنو ، گر تو خداوندِ جهانی ، بشنو

«لن ترانی» بجوابِ «اَرِنی» چند و چرا؟
من نه اینم ، بشناس و تو نه آنی ، بشنو

سوی خود خوان و بخلوتگهِ خاصم جا ده
آنچه دانی ، بشمار ؛ آنچه ندانی ، بشنو

پردهٔ چند ، بآهنگِ نکیسا ، بسرای
غزلی چند ، بهنجارِ فغانی ، بشنو

زینکه دیدی بجحیم ، طلبِ رحم خطاست
سخنی چند ز غمهای نهانی بشنو

نامه در نیمهٔ ره بود که غالب جان داد
ورق از هم در و این مژده زبانی بشنو

۲۷۵

نمِ اشکی ، چو بخاکم بفشانی ، از مهر
خاك بالد بخود و مهرگیا خیزد ازو

نجهد زیرِ سرانگشتِ تو نبضم ؛ که مرا
نیست دردی که تمنای دوا خیزد ازو

۲۷۶

گوئی بمن : «کسی که ز دشمن رسیده ، کو؟»
آن پیر زالِ سست پیء ، قدخمیده ، کو ؟

یادت نکرده خصم ، بعنوان ، بلفظِ دوست
آن نامهٔ نخوانده ، ز صد جا دریده ، کو ؟

گوئی : «بشحنه گوی که کس را نکشته ایم»
آن نعشِ نیم سوخته ، ز آتش کشیده ، کو ؟

گوئی : «خمش شوی ، چو ز کویم بدر روی»
آن دل که جز بناله بهیچ آرمیده ، کو ؟

گوئی : «دمی ز گریۂ خونین بما برآر»
آن مایه خون که سر دهم از دل بدیده ، کو؟

۲۷۷

بالم بخویش بسکه ، به بندِ کمندِ تو
مَردم گمان کنند که تنگم به بندِ تو

در رهگزر ، به پرسشِ ما گر کَشی ، چه باك ؟
آخر ، شراب نیست عنانِ سمندِ تو

۲۷۸

گستاخ گشته ایم ، غرورِ جمالِ کو ؟
پیچیده ایم سر ز وفا ، گوشمال کو ؟

تا کی فریبِ حلم ؟ خدا را ! خدا نۂ
آن خوی خشمگین و ادای ملال کو ؟

داغم ز رشكِ شوکتِ صنعان؛ ولی چه سود؟
آن دستگاهِ طاعتِ هفتاد سال کو ؟

در بادهٔ طهور، غمِ محتسب کجا؟
در عیشِ خلد، لذتِ بیمِ زوال کو؟

دولت بغلط نبود، از سعی پشیمان شو
کافر نتوانی شد، ناچار مسلمان شو

از هرزه روان گشتن، قلزم نتوان گشتن
جوئی، بخیابان رو؛ سیلی، به بیابان شو

آوازهٔ معنی را بر سازِ دبستان زن
هنگامهٔ صورت را بازیچهٔ طفلان شو

گر چرخِ فلک گردی، سر بر خطِ فرمان نه
ور گوی زمین باشی، وقفِ خمِ چوگان شو

در بندِ شکیبائی، مُردم ز جگرخائی
ای حوصله! تنگی کن، ای غصه! فراوان شو

سرمایه کرامت کن، وانگاه بغارت بر
بر خرمنِ ما برقی، بر مزرعه باران شو

جان داد بغم غالب ؛ خوشنودیِ روحش را
در بزمِ عزا مَی کش ، در نوحه غزلخوان شو

ه

میرود ، خنده بسامانِ بهاران زدهٔ
خونِ گل ریخته و می بگلستان زدهٔ

شورِ سودای تو نازم ! که بگل می بخشد
چاکی از پردهٔ دل ، سر بگریبان زدهٔ

خوشنوا بلبلِ پروانه نژادی دارم
شعله در خویش ، ز گلبانگِ پریشان ، زدهٔ

خاك در چشمِ هوس ریز ؛ چه جوئی از دهر :
بارگاهی بفرازِ سرِ کیوان زدهٔ

۲۸۱

بتی دارم ، از اهلِ دل رم گرفته
بشوخی ، دل از خویشتن هم گرفته

ز سفاك گفتن ، چو گل ، برشِگفته
درین شیوه ، خود را مسلّماً گرفته

به بیداد ، صد کشته برهم نهاده
ببازیچه ، صد گونه ماتم گرفته

برویش ، ز گرمی ، نگه تاب خورده
بکویش ، برفتن ، صبا دم گرفته

گاهی بچشمِ دشمن و گاهی در آئنه
بَرکارِ عیب جوئیِ خویشم ، هرآئنه

حیرت ، نصیبِ دیده ز بیتابیِ دلست
سیماب را حقیست ، همانا ، بر آئنه

دُورت ربوده ناز ؛ بخود هم نمی رسی
تا چند در هوای تو ریزد پَر ، آئنه

۲۸۳

شاها! به بزمِ جشن، چو شاهان، شراب خواه
زر بی‌حساب بخش و قدح بی‌حساب خواه

بزمت بهشت و باده حلالست در بهشت
گر بازپرس رو دهد، از من جواب خواه

هرچند، خواستن نه سزاوارِ شانِ تست
قوّت ز طالع و نظر از آفتاب خواه

۲۸۴

دارم دلی، ز غصه گرانبار بودهٔ
بر خویشتن، ز آبله، چیزی فزودهٔ

از بهرِ خویش ننگم و دارم ز بخت، چشم
خود را در آب و آئنه رخ نا نمودهٔ

گمنام و زهدکیشم و خواهم بمن رسد
در رختِ خوابِ شاه، بمستی غنودهٔ

خجلت نگر که در حسناتم نیافتند
جز روزهٔ درستِ بصهبا کشودهٔ

۲۸۵

چون زبانها لال و جانها پر ز غوغا کردهٔ
بایدت از خویش پرسید ، آنچه با ما کردهٔ

دجله می‌جوشد ؛ همانا ، دیده‌ها جویای تست !
شعله می‌بالد ؛ مگر در سینه‌ها جا کردهٔ !

۲۸۶

دانستهٔ که عاشقِ زارم ، گدا نیَم
دانم که شاهدی ، شهِ گیتی‌ستان نهٔ

نازم تلوّنِ تو ، به بختِ خود و رقیب !
با او چنین نبودی و با ما چنان نهٔ

۲۸۷

مر ، ز فنا ، فراغ را مژدهٔ برگ و ساز ده
سایه به مهر واگزار ، قطره به بحر باز ده

طرهٔ جیب را ، ز چاك ، شانهٔ التفات کش
عارضِ خویش را ، ز اشك ، غازهٔ امتیاز ده
از نمِ دیده ، دیده را رونقِ جویبار بخش
وز تفِ ناله ، ناله را چاشنیء گداز ده
گر بغمی که خورده‌ام ، رخصتِ اشك و آه نیست
هم به دلی که بردهٔ ، طاقتِ ضبطِ راز ده

بر دست و پای ، بندِ گرانی نهادهٔ
نازم به بندگی ! که نشانی نهادهٔ
تا در امید ، عمر به پندار بگزرد
از لطف ، در حیات ، نشانی نهادهٔ
تا خستهٔ بلا نبود بی گریزگاه
در مرگ ، احتمالِ امانی نهادهٔ
بر هر دلی ، فسونِ نشاطی دمیدهٔ
بر هر تنی ، سپاسِ روانی نهادهٔ

غالب ز غصه مرد ؛ همانا ، خبر نداشت
کاندر خرابه ، گنجِ نهانی نهادهٔ

ی

بگوشم می رسد ، از دور ، آوازِ دِرا امشب
دلی گم گشتهٔ دارم که در صحراست ، پنداری

گرستیم آنقدر کز خون ، بیابان لاله زاری شد
خزانِ ما ، بهارِ دامنِ صحراست ، پنداری

نویدِ وعدهٔ قتلی بگوشم می رسد ، غالب
لبِ لعلش بکامِ بیدلان گویاست ، پنداری

۲۹۰

گر نه نواها سرودمی ، چه غمستی ؟
من که نیَم ، گر نبود می چه غمستی ؟

بختِ خود ار بودمی ، که تا بقیامت
بیخبر از خود غنودمی ، چه غمستی ؟

حیف ! ز عیسیٰ کہ دور رفت ، وگرنہ
معجزۂ دم نمودمی ، چہ غمستی ؟

آہ ! ز داؤد کان نماند ، وگرنہ
نالہ بہ لحن آزمودمی ، چہ غمستی ؟

در بستنِ تمثالِ تو ، حیرت رقمستی
بینش ، کہ بہ پرکارکشائی علمستی

غم را بہ تنومندیِ سہراب گرفتم ؛
خود موجِ می ، از دشنۂ رستم چہ کمستی؟

گفتن ز میان رفتہ و دانم کہ ندانی
با من کہ بمرگم ، ز تو پرسش ستمستی

ای بہ صدمۂ آہی ، بر دلت ز ما باری !
اینقدر گران نبود نالۂ ز بیماری

ای فنا! دری بکشا؛ بو که در تو بگریزد
هم ز خلق نومیدی، هم ز خویش بیزاری!

۲۹۳

بدین خوبی، خرد گوید که «کامِ دل مخواه از وی»
نکوروی و نکوکار و نکونامست، آه! از وی
نگارم ساده و من رندِ رنگ‌آمیزِ رسوایم
چه نقشِ مدعا بندم، بدین روی سیاه، از وی؟
جنونِ رشک را نازم! که چون قاصد روان گردد
دَوَم بیخویش و گیرم نامه، اندر نیمه راه، از وی
ز هم دوریم با این مایه نسبت؛ نامرادی بین!
شبِ تاریك از ما باشد و روی چو ماه از وی
نگاهش شرمگین باشد، چو مژگان سرکشست؛ آری!
فروماند سپه‌داری که برگردد سپاه از وی
به غالب آشتی کردیم؛ دیگر داوری نبود
گزافِ دایمی از ما، شرابِ گاه‌گاه از وی

۲۹۴

نخواهم از صفِ حوران، ز صد هزار، یکی
مرا بسست، ز خوبانِ روزگار، یکی

سراغِ وحدتِ ذاتش توان، ز کثرت، جُست؛
که سایرست در اعدادِ بی شمار، یکی

مرو ز آئنه خانه که خوش تماشائیست:
یکی تو محوِ خودی و چو تو هزار یکی

۲۹۵

اندوهِ پرافشانی، از چهره عیانستی
خون ناشده رنگ، اکنون، از دیده روانستی

ذوقِ دلِ خودکامش، دریاب ز فرجامش
هر حلقهٔ گلدامش، چشمی نگرانستی

رازِ تو، شهیدان را در سینه، نمی‌گنجد
هر سبزه، درین مشهد، مانا بزبانستی

ساقی ! بزرافشانی ، دانم ز کریمانی
پیمانه گران‌تر ده ، گر باده گرانستی

فیضِ ازلی نبود مخصوص گروهی را
حرفیست که «می خوردن آئینِ مغانستی»

۲۹۶

تابم ز دل برد کافر ادائی
بالا بلندی ، کوته قبائی

در دیرگیری ، غافل نوازی
در زود میری ، عاشق ستائی

در کام بخشی ، ممسک امیری
در دلستانی ، مُبرِم گدائی

گستاخ سازی ، پوزش پسندی
طاقت گدازی ، صبر آزمائی

در عرضِ دعوی ، لیلی نکوهی
بر رغمِ غالب ، مجنون ستائی

۲۹۷

بدل ، ز عربده ، جائی که داشتی ، داری
شمارِ عهدِ وفائی که داشتی ، داری

تو کی ز جور پشیمان شدی ؟ چه میگوئی ؟
دروغِ راست نمائی که داشتی ، داری

عتاب و مهرِ تو از هم شناختن نتوان
خرد فریب ادائی که داشتی ، داری

بکردگار نگرویدی و همان بفسوس
حدیثِ روزِ جزائی که داشتی ، داری

۲۹۸

اگر بشرع ، سخن در بیان بگردانی
ز سوی کعبه ، رخِ کاروان بگردانی

به نیم ناز ، که طرحِ جهانِ نو فگنی
زمین بگستری و آسمان بگردانی

به بیمِ خوی خودم، در عدم بخوابانی
بذوقِ روی خودم، در جهان بگردانی

به بذله، خاطرِ اسلامیان بیازاری
بجلوه، قبلهٔ زردشتیان بگردانی

۲۹۹

ای موجِ گل! نویدِ تماشای کیستی؟
انگارهٔ مثالِ سراپای کیستی؟

خون گشتم از تو؛ باغ و بهارِ که بودهٔ؟
کشتی مرا بغمزه؛ مسیحای کیستی؟

از خاکِ غرقهٔ کفِ خونی دمیدهٔ؟
ای داغِ لاله! نقشِ سویدای کیستی؟

با هیچ کافر، این همه سختی نمی رود
ای شب! بمرگِ من! که توفردای کیستی؟

۳۰۰

از کنارِ دجله، آتش خانه چندان دور نیست
کشتیء ما بر شکستن زد، دَرَستان یارئی!

شاد باش! ای غم، ز بیمِ مرگم ایمن ساختی
گشت صرفِ زندگانی، بود گر دشوارئی

با خرد گفتم: «چه باشد مرگ بعد از زندگی؟»
گفت: «هی! خوابِ گرانی از پسِ بیدارئی»

۳۰۱

رفت آنکه کسبِ بوی تو از باد کردمی!
گل دیدمی و روی ترا یاد کردمی!

رفت آنکه گر براهِ تو جان دادمی، ز ذوق
از موجِ گردِ ره، نفس ایجاد کردمی!

اکنون، خود از وفای تو، آزار می کشم
رفت آنکه از جفای تو فریاد کردمی!

غالب ، هوای کعبه بسر جا گرفته است
رفت آنکه عزمِ خَلُّخ و نَوشاد کردمی !

بسکه همواره دلآویزی و شیرین حرکات
سایهٔ طوبی و جوی عسلی را مانی

به توانائیِ کوشش ، نتوان یافت ترا
سرخوشیهای قبولِ ازلی را مانی

بدلِ هرکه بچشمِ تو درآید ناگاه
داری آنمایه تصرف که ولی را مانی

ای که در طالعِ ما نقشِ تو هرگز ننشست !
زهرهٔ حوتی و شمسِ حملی را مانی

۳۰۳

ای که گفتم : «ندهی دادِ دل» آری ، ندهی
تا چو من ، دل به مغان شیوه نگاری ندهی

ماه و خرشید درین دایره بیکار نیند
تو که باشی ، که بخود زحمتِ کاری ندهی ؟

پای را ، خضرِ قدم‌سنجیِ کوئی نشوی
دوش را ، قدرِ گران سنگیِ باری ندهی

سر ، براهِ دمِ شمشیرِ جوانی نه نهی
تن ، به بندِ خمِ فتراکِ سواری ندهی

سینه را ، خستهٔ اندازِ فغانی نه کنی
دیده را ، مالشِ بیدادِ غباری ندهی

حیف ! گر تن به سگانِ سرِ کوئی نرسد
وای ! گر جان به سرِ راهگزاری ندهی

۳۰۴

همنشین ، جانِ من و جانِ تو این انگیز ، هی !
سینهٔ از ذوقِ آزارِ منش لبریز ، هی !

برسرِ کوی تو بیخود گشتنم ، از ضعف نیست
کشتهٔ رشکم ، نیارم دید خود را نیز ، هی !

تیشه را نازم! که بر فرهاد آسان کرد مرگ
خنجرِ شیرُویه و جان دادنِ پرویز، هی!

۳۰۵

خوشنود شوی، چون دلِ خوشنود نیابی
ترسم که زیان کارکسی، سود نیابی

از قافلهٔ گرم روانِ تو نباشد
رختی که، به سیلش، شرراندود نیابی

بر ذوقِ خداداد، نظر دوختگانیم
در سینهٔ ما، زخمِ نمک سود نیابی

در وجد، بهنجارِ نفس دست فشانیم
در حلقهٔ ما، رقصِ دف و عود نیابی

۳۰۶

سرچشمهٔ خونست، ز دل تا بزبان، های!
دارم سخنی با تو و گفتن نتوان، های!

سیرم نتوان کرد، ز دیدارِ نکویان
نظّاره بود شبنم و دل ریگِ روان، های!

ذوقیست درین مویه که بر نعشِ منستش
ها! دلشدهٔ، هیچ مگوی، همه دان، های!

از جنت و سرچشمهٔ کوثر چه کشاید؟
خون گشته دل و دیدهٔ خونابه فشان، های!

غالب، بدل آویز؛ که در کارگهِ شوق
نقشیست درین پرده، بصد پرده نهان، های!

زاهد که و مسجد چه و محراب بجائی؟
عیدست و دمِ صبح؛ میء ناب! بجائی؟

بوی گل و شبنم نسزد کُلبهٔ ما را
صرصر! تو بجا رفتی و سیلاب! بجائی؟

۳۰۸

دل ، که از من مر ترا ، فرجام ، ننگ آرد همی
بر سرِ راهِ تو ، با خویشم بجنگ آرد همی

پنجهٔ نازك ادایش را نگاری دیگرست
خون کند دل را نخست ، آنکه بچنگ آرد همی

بوسه گر خواهی بدین شنگی ، به پیچد تنگ تنگ
عذر اگر باید بمستی ، رنگ رنگ آرد همی

همچنان در بندِ سامانِ مرادش سنجمی
گر ، بجای شیشه ، بخت از دوست سنگ آرد همی

۳۰۹

دیده ور آنکه تا نهد دل بشمارِ دلبری
در دلِ سنگ بنگرد ، رقصِ بتانِ آزری

فیضِ نتیجهٔ ورع ، از می و نغمه یافتیم
زهرهٔ ما ، برین اُفق ، داده فروغِ مشتری

ای تو که هیچ ذره را ، جز بره تو، روی نیست !
در طلبت ، توان گرفت بادیه را برهبری

هر که دلست در برش ، داغ تو رویدش ز دل
تا چو بدیگری دهد ، باز بری بداوری

رشك ملك چه و چرا ، چون بتو ره نمی برد ؟
بیهده ، در هوای تو می‌پرد ، از سبك سری

حیف ! که من بخون تپم وز تو سخن رود که تو
اشك بدیده بشمری ، ناله بسینه بنگری

۲۱۰

امیدگاه من و همچو من هزار ، یکیست
ز رشك ، در صدد ترك مدعاستمی

سخن ز دشمن و غمهای ناگوارش نیست
ز دوست ، داغ ستمهای نارواستمی

دیت مگوی و ملامت مسنج و فتنه مگیر
چه شد ، که هیچ کسم ؟ بندهٔ خداستمی

۳۱۱

بهارم دیدن و رازم شنیدن برنمی تابد
نگه تا دیده خونستی ، و دل تا زهره آبستی !

هجومِ جلوهٔ گل ، کاروانم را غبارستی
طلوعِ نشاهٔ می ، مشرقم را آفتابستی

فغانم را ، نوای صورِ محشر همعنانستی
بیانم را ، رواجِ شورِ طوفان در رکابستی

دلم ، صبحِ شبِ وصلِ تو ، بر کاشانه می‌لرزد
در و بامم بوجد ، از ذوقِ بوی رختِ خوابستی

رُباعیّات

ای دادہ بباد عمر، در لهو و فُسوس !
زنهار! مشو ز رحمتِ حق مایوس
هشدار! کز آتشِ جهنم حق را
تهذیب غرض بود ، نه تعذیبِ نفوس

۲

غالب ، بگهر، ز دودهٔ زادشم
زان رو، به صفائی ، دمِ تیغست دمم
چون رفت سپهبدی، زدم چنگ به شعر
شد تیرِ شکستهٔ نیاگان قلم

۳

هرچند که زشت و ناسزائیم همه
در عهدهٔ رحمتِ خدائیم همه
ور جلوه دهد ، چنانکه مائیم همه
شایستهٔ نفت و بوریائیم همه

۴

آن مرد که زن گرفت ، دانا نبود
از غصه فراغتش ، همانا ، نبود
دارد بجهان خانه و زن نیست درو
نازم بخدا ! چرا توانا نبود ؟

۵

آن خسته که در نظر بجز یارش نیست
با سود و زیانِ خویشتن ، کارش نیست
طالب ، ز طلب ، رهینِ آثارش نیست
هرچند حنا برگ دهد ، بارش نیست

۶

در سینه ، ز غم ، زخمِ سنانی دارم
چشم و دلِ خونابه فشانی دارم
دانی که مرا چون تو نمی باید هیچ ؟
ای فارغ ازان که جسم و جانی دارم !

۷

ای آنکه ترا سعی بدرمانِ منست!
مَنعَم مکن از باده؛ که نقصانِ منست
حیفست! که بعدِ من بمیراث رود
این یك دو سه خم که در شبستانِ منست

۸

او راست، اگر هزار چیزم بخشند
او راست، اگر بهشت نیزم بخشند
بر دوست فدا کنم، بصد گونه نشاط
جانی که بروزِ رستخیزم بخشند

۹

آنم که به پیمانۂ من، ساقیء دهر
ریزد همه دُردِ دَرد و تلخابۂ زهر
بگزر ز سعادت و نحوست؛ که مرا
ناهید بغمزه کشت، و مریخ به قهر

۱۰

یا رب ! بجهانیان دلِ خرم ده
در دعویء جنّت ، آشتی باهم ده
شداد پسر نداشت ، باغش از تست
آن مسکنِ آدم به بنی‌آدم ده

۱۱

هرکس ، ز حقیقت خبری داشته است
بر خاکِ رهِ عجز ، سری داشته است
زاهد ، ز خدا ، ارم بدعوی طلبد
شداد ، همانا ، پسری داشته است

۱۲

ای آنکه دهی مایه کم و خواهش بیش !
آنروز که وقتِ بازپرس آید پیش
بگزار مرا ؛ که من خیالی دارم
با حسرتِ عیشهای ناکردهٔ خویش

۱۳

در عالمِ بی زری ، که تلخست حیات
طاعت نتوان کرد ، بامیدِ نجات
ای کاش! ز حق اشارتِ صوم و صلوات
بودی بوجودِ مال ، چون حج و زکوات

۱٤

دستم بکلیدِ مخزنی می‌بایست
ور بود تهی ، بدامنی می‌بایست
یا هیچگهم به کس نیفتادی کار
یا خود بزمانه ، چون منی می‌بایست

۱۵

هستم ز مئ امید سرمست و بسست
دارم سرِ این کلاوه در دست و بسست
گر ارزشِ لطف و کرمی نیست ، مباش
استحقاقِ ترحمی هست و بسست

۱٦

بر قولِ تو، اعتماد نتوان کردن
خود را، بگزاف، شاد نتوان کردن
از کثرتِ وعده های پی درپیء تو
یك وعده درست یاد نتوان کردن

۱۷

ای کرده به آرایشِ گفتار بسیچ!
در زلفِ سخن، کشوده راهِ خم و پیچ!
عالم، که تو چیزِ دیگرش میدانی،
ذاتیست بسیطِ مُنْبَسِط، دیگر هیچ

۱۸

دارم دلِ شاد و دیدهٔ بینائی
وز کَرّیء، گوشم، نبود پروائی
خوبست که نشنوم ز هر خود رائی
گلبانگِ «اَنَا رَبُّکُمُ الاَعْلَائی»

انتخاب غالب

اُردو

کھلتا کسی پہ کیوں ، مرے دل کا معاملہ ؟

شعروں کے انتخاب نے رسوا کیا مجھے !!

غزلیات

الف

جذبۂ بے اختیارِ شوق دیکھا چاہیے!
سینۂ شمشیر سے باہر ہے، دم شمشیر کا

بسکہ ہوں، غالب، اسیری میں بھی آتش زیرِ پا
موی آتش دیدہ ہے، حلقہ مری زنجیر کا

کہتے ہو: «ندیں گے ہم، دل اگر پڑا پایا»
دل کہاں کہ گم کیجے؟ ہم نے مدعا پایا

عشق سے، طبیعت نے زیست کا مزا پایا
درد کی دوا پائی، دردِ بے دوا پایا

دوستدارِ دشمن ہے ؛ اعتمادِ دل معلوم !
آہ بے اثر دیکھی ، نالہ نارسا پایا

۳

میں عدم سے بھی پرے ہوں؛ ورنہ ، غافل! بارہا
میری آہِ آتشیں سے بالِ عنقا جل گیا

بوی گل ، نالۂ دل ، دودِ چراغِ محفل
جو تری بزم سے نکلا ، سو پریشاں نکلا

دلِ حسرت زدہ ، تھا مایدۂ لذتِ درد
کام یاروں کا ، بقدرِ لب و دنداں ، نکلا

تھی نوآموزِ فنا ، ہمتِ دشوارپسند
سخت مشکل ہے کہ یہ کام بھی آساں نکلا !

دل میں ، پھر گریہ نے اک شور اٹھایا ، غالب
آہ ! جو قطرہ نہ نکلا تھا ، سو طوفاں نکلا

۵

دھر میں، نقشِ وفا وجہِ تسلی نہوا
ھے یہ وہ لفظ کہ شرمندۂ معنی نہوا

سبزۂ خط سے، ترا کاکلِ سرکش نہ دبا
یہ زمرد بھی، حریفِ دمِ افعی نہوا

میں نے چاھا تھا کہ اندوہِ وفا سے چھوٹوں
وہ ستمگر، مرے مرنے پہ بھی، راضی نہوا

۶

ستایش گر ھے، زاھد اسقدر، جس باغِ رضواں کا
وہ اک گلدستہ ھے، ھم بیخودوں کی طاقِ نسیاں کا

بیاں کیا کیجیے، بیدادِ کاوشہاے مژگاں کا!
کہ ھر یک قطرۂ خوں، دانہ ھے تسبیحِ مرجاں کا

نہ آئی سطوتِ قاتل بھی، مانع میرے نالوں کو
لیا دانتوں میں جو تنکا، ھوا ریشہ نیستاں کا

اُگا ہے گھر میں ہر سو سبزہ ؛ ویرانی تماشا کر !
مدار، اب کھودنے پر گھاس کے ہے ، میرے درباں کا

ہنوز، اک پرتوِ نقشِ خیالِ یار باقی ہے !
دلِ افسردہ، گویا، حجرہ ہے، یوسف کے زندان کا

بغل میں غیر کی، آج آپ سوتے ہیں کہیں ؛ ورنہ
سبب کیا ، خواب میں آ کر ، تبسمہاے پنہاں کا ؟

۷

محبت تھی چمن سے ؛ لیکن اب یہ بیدماغی ہے
کہ موجِ بوے گل سے ، ناک میں آتا ہے دم میرا

۸

محرم نہیں ہے تو ہی ، نواھاے راز کا
یاں ورنہ جو حجاب ہے ، پردہ ہے ساز کا !

رنگِ شکستہ ، صبحِ بہارِ نظارہ ہے
یہ وقت ہے ، شگفتنِ گلہاے ناز کا !

تو اور سوے غیر نظرھاے تیز تیز !
میں اور دکھ تری مژہ ھاے دراز کا !

ھیں ، بسکہ جوش بادہ سے ، شیشے اُچھل رہے
ھر گوشۂ بساط ، ھے سر شیشہ باز کا

۹

شب ھوئی ، پھر انجمِ رخشندہ کا منظر کھلا
اس تکلف سے کہ ، گویا ، بتکدے کا در کھلا

گرچہ ھوں دیوانہ ، پر کیوں دوست کا کھاؤں فریب ؟
آستیں میں دشنہ پنہاں ، ھاتھ میں نشتر کھلا

گو نہ سمجھوں اُسکی باتیں ، گو نہ پاؤں اُسکا بھید
پر یہ کیا کم ھے کہ مجھ سے وہ پری پیکر کھلا !

ھے ، خیالِ حسن میں ، حسنِ عمل کا سا خیال
خلد کا اک در ھے ، میری گور کے اندر ، کھلا

منہ نہ کھلنے پر ، ھے وہ عالم کہ دیکھا ھی نہیں !
زلف سے بڑھکر ، نقاب اُس شوخ کے منہ پر ، کھلا

کیا رھوں غربت میں خوش؟ جب ھو حوادث کا یہ حال
نامه لاتا ھے وطن سے ، نامـه بر اکثر کھلا

اُسکی امت میں ھوں میں، میرے رھیں کیوں کام بند؟
واسطے جس شه کے ، غالب ، گنبدِ بے در کھلا

شب کہ برقِ سوزِ دل سے ، زَھرۂ ابر آب تھا
شعلۂ جواله ، ھر یك حلقۂ گرداب ، تھا !

نالۂ دل میں شب ، اندازِ اثر نایاب تھا
تھا سپندِ بزمِ وصلِ غیر ، گو بیتاب تھا

مقدمِ سیلاب سے ، دل کیا نشاط آھنگ ھے !
خانۂ عاشق ، مگر ، سازِ صدای آب تھا

آج کیوں پروا نہیں اپنے اسیروں کی تجھے ؟
کل تلك ، تیرا بھی دل مہر و وفا کا باب تھا

یاد کر وہ دن کہ ھر یك حلقه تیرے دام کا
انتظارِ صید میں ، اك دیدۂ بیخواب تھا

میں نے روکا رات غالب کو، وگرنہ دیکھتے
اسکے سیلِ گریہ میں، گردوں کفِ سیلاب تھا

۱۱

ایک ایک قطرہ کا مجھے، دینا پڑا، حساب
خونِ جگر، ودیعتِ مژگانِ یار تھا

گلیوں میں میری نعش کو کھینچے پھرو؛ کہ میں
جاندادۂ ہوائے سرِ رہگزار تھا

کم جانتے تھے ہم بھی غمِ عشق کو، پر اب
دیکھا، تو کم ہوے پہ، غمِ روزگار تھا

۱۲

بسکہ دشوار ہے، ہر کام کا آساں ہونا
آدمی کو بھی میسّر نہیں، انساں ہونا!

گریہ، چاہے ہے خرابی مرے کاشانے کی
در و دیوار سے ٹپکے ہے، بیاباں ہونا

کی، مرے قتل کے بعد، اُسنے جفا سے توبہ
ھائے! اُس زود پشیماں کا پشیماں ہونا

حیف! اُس چار گرہ کپڑے کی قسمت، غالب
جس کی قسمت میں ہو، عاشق کا گریباں ہونا

۱۳

نالۂ دل نے دیے، اوراقِ لختِ دل، بیاد
یادگارِ نالہ، اک دیوانِ بے شیرازہ تھا

۱۴

دوست، غمخواری میں میری، سعی فرماویں گے کیا؟
زخم کے بھرتے تلک، ناخن نہ بڑھ جاوین گے کیا؟

بے نیازی حد سے گزری؛ بندہ پرور! کب تلک
ہم کہیں گے حالِ دل اور آپ فرماویں گے: «کیا؟»

حضرتِ ناصح گر آویں، دیدہ و دل فرشِ راہ!
کوئی مجکو یہ تو سمجھادو کہ سمجھاویں گے کیا؟

۱۵

یہ نہ تھی ہماری قسمت کہ وصالِ یار ہوتا!
اگر اور جیتے رہتے، یہی انتظار ہوتا

ترے وعدہ پر جیے ہم، تو یہ جان، جھوٹ جانا
کہ خوشی سے مر نہ جاتے، اگر اعتبار ہوتا

تری نازکی سے جانا کہ بندھا تھا عہد بُودا
کبھی تو نہ توڑ سکتا، اگر استوار ہوتا

کوئی میرے دل سے پوچھے، ترے تیرِ نیم کش کو!
یہ خلش کہاں سے ہوتی، جو جگر کے پار ہوتا؟

غم اگرچہ جاں گسل ہے، پہ کہاں بچیں؟ کہ دل ہے:
غمِ عشق گر نہوتا، غمِ روزگار ہوتا

کہوں کس سے میں کہ کیا ہے؟ شبِ غم بری بلا ہے
مجھے کیا بُرا تھا مرنا، اگر ایک بار ہوتا؟

اُسے کون دیکھ سکتا؟ کہ یگانہ ہے وہ یکتا
جو دوئی کی بو بھی ہوتی، تو کہیں دوچار ہوتا

یہ مسایلِ تصوف ، یہ ترا بیان ، غالب !
تجھے ہم ولی سمجھتے ، جو نہ بادہ‌خوار ہوتا

۱٦

ہوس کو ہے نشاطِ کار کیا، کیا !
نہو مرنا ، تو جینے کا مزا کیا ؟

تجاہل پیشگی سے مدعا کیا ؟
کہاں تک ، اے سراپا ناز! «کیا، کیا؟»

نگاہِ بے محابا چاہتا ہوں
تغافلہای تمکیں آزما کیا ؟

نفس ، موجِ محیطِ بیخودی ہے
تغافلہای ساقی کا گلا کیا ؟

دلِ ہر قطرہ ، ہے سازِ «أنا البحر»
ہم اُس کے ہیں ، ہمارا پوچھنا کیا ؟

محابا کیا ہے ؟ میں ضامن ، ادھر دیکھ
شہیدانِ نگہ کا خوں‌بہا کیا ؟

سُن ، اے غارتگرِ جنسِ وفا ! سُن
شکستِ قیمتِ دل کی صدا کیا ؟

درخورِ قہر و غضب ، جب کوئی ہم سا ، نہوا
پھر غلط کیا ہے کہ ہم سا کوئی پیدا نہوا ؟

بندگی میں بھی ، وہ آزادہ و خودبیں ہیں کہ ہم
اُلٹے پھر آئے ، درِ کعبہ اگر وا نہوا

سینہ کا داغ ہے ، وہ نالہ کہ لب تک نگیا
خاک کا رزق ہے ، وہ قطرہ کہ دریا نہوا

نام کا میرے ہے ، جو دکھ کہ کسی کو نملا
کام میں میرے ہے ، جو فتنہ کہ برپا نہوا

ہر بُنِ مو سے ، دمِ ذکر ، نہ ٹپکے خوناب
حمزہ کا قصہ ہوا ، عشق کا چرچا نہوا !

قطرہ میں دجلہ دکھائی ندے ، اور جزو میں کل
کھیل لڑکوں کا ہوا ، دیدۂ بینا نہوا !

تھی خبر گرم کہ غالب کے اُڑیں گے پرزے
دیکھنے ہم بھی گئے تھے، پہ تماشا نہ ہوا

زکاتِ حسن دے، اے جلوۂ بینش! کہ مہرآسا
چراغِ خانۂ درویش ہو، کاسہ گدائی کا

وہی اک بات ہے، جو یاں نفس، واں نکہتِ گل ہے
چمن کا جِلوہ، باعث ہے مری رنگیں نوائی کا

۱۹

زَہرہ گر ایسا ہی، شامِ ہجر میں، ہوتا ہے آب
پرتوِ مہتاب، سیلِ خانماں ہوجائیگا

دل کو ہم صرفِ وفا سمجھے تھے، کیا معلوم تھا؟
یعنی، یہ پہلے ہی نذرِ امتحاں ہوجائیگا

سب کے دل میں ہے جگہ تیری؛ جو تو راضی ہوا
مجھ پہ، گویا، اک زمانہ مہرباں ہوجائیگا

وای ! گر میرا ترا انصاف محشر میں نہو
اب تلک تو یہ توقّع ہے کہ واں ہوجائیگا

درد ، منت کشِ دوا نہوا
میں نہ اچھا ہوا ، برا نہوا

ہے خبر گرم اُن کے آنے کی
آج ہی ، گھر میں بوریا نہوا !

کیا وہ نمرود کی خدائی تھی ؟
بندگی میں ، مرا بھلا نہوا

جان دی ، دی ہوئی اُسی کی تھی
حق تو یوں ہے کہ حق ادا نہوا

زخم گر دب گیا ، لہو نہ تھما
کام گر رک گیا ، روا نہوا

رھزنی ہے ، کہ دلستانی ہے !
لیکے دل ، دلستاں روانہ ہوا

۲۱

دل اُسکو، پہلے ھی ناز و ادا سے، دے بیٹھے
ھمیں دماغ کہاں، حسن کے تقاضا کا؟
فلك کو دیکھ کے، کرتا ھوں اُسکو یاد، **اسد**
جفا میں اُس کی، ھے انداز کارفرما کا

۲۲

اعتبارِ عشق کی خانہ خرابی دیکھنا!
غیر نے کی آہ، لیکن وہ خفا مجھ پر ھوا

۲۳

میں، اور بزمِ مے سے یوں تشنہ کام آؤں!
گر مین نے کی تھی توبہ، ساقی کو کیا ھوا تھا؟
ھے ایك تیر، جس میں دونوں چھدے پڑے ھیں
وہ دن گئے کہ اپنا دل سے جگر جدا تھا!
درماندگی میں، **غالب**، کچھ بن پڑے، تو جانوں
جب رشتہ بے گرہ تھا، ناخن گرہ کشا تھا

۲٤

گھر ھمارا، جو نہ روتے بھی، تو ویراں ھوتا
بحر، گر بحر نہوتا، تو بیاباں ھوتا
تنگیء دل کا گلا کیا؟ یہ وہ کافر دل ھے
کہ اگر تنگ نہوتا، تو پریشاں ھوتا

۲۵

نہ تھا کچھ، تو خدا تھا؛ کچھ نہوتا، تو خدا ھوتا
ڈبویا مجکو ھونے نے؛ نہوتا میں، تو کیا ھوتا!
ھوا جب غم سے یوں بیحس، توغم کیا سر کے کٹنے کا؟
نہوتا گر جدا تن سے، تو زانو پر دھرا ھوتا
ھوئی مدت کہ غالب مر گیا؛ پر یاد آتا ھے
وہ ھر یک بات پر کہنا کہ «یوں ھوتا، تو کیا ھوتا؟»

۲٦

بلبل کے کاروبار پہ ھیں خندہھای گل
کہتے ھیں جسکو عشق، خلل ھے دماغ کا

۲۷

تھا گریزاں مژۂ یار سے دل ، تا دمِ مرگ
دفعِ پیکانِ قضا ، اسقدر آساں سمجھا !

۲۸

پھر مجھے دیدۂ تر یاد آیا
دل ، جگر تشنۂ فریاد آیا

دم لیا تھا نہ قیامت نے ہنوز
پھر ترا وقتِ سفر یاد آیا !

زندگی یوں بھی گزر ہی جاتی !
کیوں ترا راھگزر یاد آیا ؟

کیا ہی رضواں سے لڑائی ھوگی ،
گھر ترا خلد میں گر یاد آیا !

پھر ترے کوچہ کو جاتا ھے خیال
دلِ گم گشتہ مگر یاد آیا !

کوئی ویرانی سی ویرانی ہے!
دشت کو دیکھ کے، گھر یاد آیا

۲۹

ہوئی تاخیر، تو کچھ باعثِ تاخیر بھی تھا
آپ آتے تھے، مگر کوئی عناں گیر بھی تھا

تم سے بیجا ہے، مجھے اپنی تباہی کا گلا
اُس میں کچھ شایبۂ خوبیٔ تقدیر بھی تھا

تو مجھے بھول گیا ہو، تو پتا بتلا دوں؟
کبھی فتراک میں تیرے، کوئی نخچیر بھی تھا؟

یوسف اُسکو کہوں اور کچھ نہ کہے؟ خیر ہوئی!
گر بگڑ بیٹھے، تو میں لایقِ تعزیر بھی تھا

پیشہ میں عیب نہیں؛ رکھیے نہ فرہاد کو نام
ہم ہی آشفتہ سروں میں، وہ جواں میر بھی، تھا

ہم تھے مرنے کو کھڑے، پاس نہ آیا، نہ سہی
آخر، اُس شوخ کے ترکش میں، کوئی تیر بھی تھا؟

پکڑے جاتے ھین؛ فرشتوں کے لکھے پر ناحق
آدمی کوئی ھمارا دمِ تحریر بھی تھا؟

تو دوست کسی کا بھی، ستمگر، نہوا تھا
اوروں پہ ھے وہ ظلم کہ مجھ پر نہوا تھا

چھوڑا، مہِ نخشب کی طرح، دستِ قضا نے
خُرشید، ھنوز، اُس کے برابر نہوا تھا

توفیق باندازۂ ھمت ھے، ازل سے
آنکھوں میں ھے، وہ قطرہ کہ گوھر نہوا تھا

دریای معاصی، تنک آبی سے، ھوا خشک
میرا سرِ دامن بھی، ابھی، تر نہوا تھا

کیا کہوں بیماریِ غم کی فراغت کا بیاں؟
جو کہ کھایا خونِ دل، بے منتِ کیموس تھا

۳۲

آئینہ دیکھ ، اپنا سا منہ لیکے ، رہ گئے
صاحب کو، دل ندینے پہ، کتنا غرور تھا !

قاصد کو، اپنے ھاتھ سے گردن نہ ماریے
اُسکی خطا نہیں ھے ؛ یہ میرا قصور تھا

۳۳

عرضِ نیازِ عشق کے قابل نہیں رہا
جس دل پہ ناز تھا مجھے، وہ دل نہیں رہا

مرنے کی، اے دل ! اور ھی تدبیر کر؛ کہ میں
شایانِ دست و بازوی قاتل نہیں رہا !

وا کردیے ھیں، شوق نے، بندِ نقابِ حسن
غیر از نگاہ، اب کوئی حایل نہیں رہا

۳٤

رشک کہتا ھے کہ «اسکا غیر سے اخلاص، حیف !»
عقل کہتی ھے کہ «وہ بے مہر کس کا آشنا ؟»

میں، اور اک آفت کا ٹکڑا، وہ دلِ وحشی کہ ہے
عافیت کا دشمن اور آوارگی کا آشنا!

ذکر اُس پری وش کا، اور پھر بیاں اپنا!
بن گیا رقیب، آخر، تھا جو رازداں اپنا

مے وہ کیوں بہت پیتے بزمِ غیر میں؟ یا رب!
آج ہی ہوا منظور، اُنکو امتحاں اپنا

منظر اک، بلندی پر، اور ہم بنا سکتے
عرش سے اِدھر ہوتا، کاشکے! مکاں اپنا

دردِ دل لکھوں کبتک؟ جاؤں، انکو دکھلادوں
انگلیاں فگار اپنی، خامہ خونچکاں اپنا

گھستے گھستے مٹ جاتا، آپ نے عبث بدلا
ننگِ سجدہ سے میرے، سنگِ آستاں اپنا

ہم کہاں کے دانا تھے؟ کس ہنر میں یکتا تھے؟
بے سبب ہوا، غالب، دشمن آسماں اپنا!

۳۶

سرمۂ مفتِ نظر ہوں : مری قیمت یہ ہے
کہ رہے چشمِ خریدار پہ احساں میرا

۳۷

رحمت اگر قبول کرے ، کیا بعید ہے !
شرمندگی سے ، عذر نکرنا گناہ کا

مقتل کو کس نشاط سے جاتا ہوں میں : کہ ہے
پُر گل ، خیالِ زخم سے ، دامن نگاہ کا !

۳۸

جور سے باز آئے پر باز آئیں کیا ؟
کہتے ہیں : «ہم تجکو منہ دکھلائیں کیا ؟»

رات دن ، گردش میں ہیں سات آسماں
ہو رہیگا کچھ نہ کچھ ، گھبرائیں کیا ؟

ہو لیے کیوں نامہ بر کے ساتھ ساتھ ؟
یا رب ! اپنے خط کو ہم پہنچائیں کیا ؟

موجِ خوں سر سے گزر ہی کیوں نہ جائے
آستانِ یار سے اُٹھ جائیں کیا ؟

عمر بھر ، دیکھا کیا مرنے کی راہ
مر گئے پر ، دیکھیے ، دکھلائیں کیا ؟

پوچھتے ہیں وہ کہ «غالب کون ہے ؟»
کوئی بتلاؤ کہ ہم بتلائیں کیا ؟

عشرتِ قطرہ ہے ، دریا میں فنا ہو جانا
درد کا حد سے گزرنا ، ہے دوا ہو جانا

تجھ سے ، قسمت میں مری ، صورتِ قفلِ ابجد
تھا لکھا ، بات کے بنتے ہی ، جدا ہو جانا !

اب جفا سے بھی ہیں محروم ہم ، اللہ ، اللہ !
اسقدر دشمنِ اربابِ وفا ہو جانا !!

دل سے مٹنا تری انگشتِ حنائی کا خیال
ہو گیا گوشت سے ناخن کا جدا ہو جانا

ب

جو ہوا غرقۂ مے، بختِ رسا رکھتا ہے
سر سے گزرے پہ بھی، ہے بالِ ہما، موجِ شراب

ت

افسوس! کہ دنداں کا کیا رزق فلک نے
جن لوگوں کی، تھی درخورِ عقدِ گہر، انگشت

۴۲

رہا گر کوئی تا قیامت سلامت
پھر اک روز مرنا ہے، حضرت سلامت!

جگر کو مرے، عشقِ خونابہ مشرب
لکھے ہے، «خداوندِ نعمت، سلامت!»

عَلی الرَّغمِ دشمن شہیدِ وفا ہوں
مبارک، مبارک! سلامت، سلامت!

مندگئیں، کھولتے هی کھولتے، آنکھیں، غالب
یار لائے مری بالیں په اُسے، پر کسوقت!

عشق میں، بیدادِ رشکِ غیر نے مارا مجھے
کشتۂ دشمن هوں، آخر؛ گرچه تھا بیمارِ دوست

چشمِ ما روشن! که اُس بیدرد کا دل شاد هے
دیدۂ پرخوں همارا، ساغرِ سرشارِ دوست

یه غزل اپنی، مجھے جی سے پسند آتی هے آپ
هے ردیفِ شعرمیں، غالب، زبس تکرارِ دوست

ج

اے عافیت! کناره کر؛ اے انتظام! چل
سیلابِ گریه، در پیءِ دیوار و در هے، آج

۴٦

لو، ہم مریضِ عشق کے بیماردار ہیں
اچھا اگر نہ ہو، تو مسیحا کا کیا علاج ؟

د

حسن، غمزے کی کشاکش سے چھٹا، میرے بعد
بارے، آرام سے ہیں اہلِ جفا، میرے بعد

شمع بجھتی ہے، تو اُس میں سے دھواں اُٹھتا ہے
شعلۂ عشق سیہ پوش ہوا، میرے بعد

خوں ہے دل، خاک میں، احوالِ بتاں پر: یعنی
ان کے ناخن ہوے محتاجِ حنا، میرے بعد

«کون ہوتا ہے حریفِ مےِ مردافگنِ عشق ؟»
ہے مکرر لبِ ساقی میں صلا، میرے بعد

غم سے مرتا ہوں، کہ اتنا نہیں دنیا میں کوئی
کہ کرے تعزیتِ مہر و وفا، میرے بعد

ر

بلا سے، ہیں جو بہ پیشِ نظر، در و دیوار!
نگاہِ شوق کو ہیں بال و پر، در و دیوار

وفورِ اشک نے کاشانہ کا کیا یہ رنگ
کہ ہو گئے مرے دیوار و در، در و دیوار

نہیں ہے سایہ؛ کہ سنکر نویدِ مقدمِ یار
گئے ہیں چند قدم پیشتر، در و دیوار

ہجومِ گریہ کا سامان کب کیا میں نے
کہ گر پڑے نہ مرے پانو پر در و دیوار؟

وہ آ رہا مرے ہمسایہ میں، تو سائے سے
ہوئے فدا در و دیوار پر، در و دیوار

نظر میں کھٹکے ہے، بن تیرے، گھر کی آبادی
ہمیشہ روتے ہیں ہم، دیکھکر در و دیوار

۹

گھر جب بنا لیا ترے در پر، کہے بغیر
جانے گا اب بھی تو نہ مرا گھر، کہے بغیر؟

کام اُس سے آپڑا ہے، کہ جسکا جہان میں
لیوے نہ کوئی نام، ستمگر کہے بغیر

چھوڑوں گا میں نہ اُس بتِ کافر کا پوجنا
چھوڑے نہ خلق، گو، مجھے کافر کہے بغیر!

مقصد ہے ناز و غمزہ؛ ولے گفتگو میں کام
چلتا نہیں ہے، دشنہ و خنجر کہے بغیر

ہر چند، ہو مشاہدۂ حق کی گفتگو
بنتی نہیں ہے، بادہ و ساغر کہے بغیر

بہرا ہوں میں، تو چاہئیے دونا ہو التفات
سنتا نہیں ہوں بات، مکرر کہے بغیر

۵۰

کیوں جل گیا نہ تابِ رخِ یار دیکھکر؟
جلتا ہوں ، اپنی طاقتِ دیدار دیکھکر

کیا آبروی عشق ؟ جہاں عام ہو جفا
رُکتا ہوں ، تمکو «بے سبب آزار» دیکھکر

ثابت ہوا ہے ، گردنِ مینا پہ ، خونِ خلق
لرزے ہے موجِ مَی ، تری رفتار دیکھکر

بکجاتے ہیں ہم آپ ، متاعِ سخن کیساتھ
لیکن عیارِ طبعِ خریدار دیکھکر

زنار باندھ ، سُبحۂ صد دانہ توڑ ڈال
رہرو ، چلے ہے راہ کو ہموار دیکھکر

گرنی تھی ہم پہ برقِ تجلی ، نہ طور پر
دیتے ہیں بادہ ، ظرفِ قدح خوار دیکھکر

سر پھوڑنا وہ ، غالبِ شوریدہ حال کا
یاد آ گیا مجھے ، تری دیوار دیکھکر!

۵۱

نہ چھوڑی حضرتِ یوسف نے یاں بھی خانہ آرائی
سفیدی دیدۂ یعقوب کی پھرتی ہے زنداں پر

فراغت کسقدر رہتی مجھے، تشویشِ مرہم سے!
بہم گر صلح کرتے پارہای دل، نمکداں پر

مجھے، اب دیکھکر ابرِ شفق آلودہ، یاد آیا
کہ فرقت میں تری، آتش برستی تھی گلستاں پر

نہ لڑ ناصح سے، غالب؛ کیاھوا گر اُس نے شدت کی؟
ھمارا بھی تو، آخر، زور چلتا ہے گریباں پر!

۵۲

ہے بسکہ، ہر اک اُن کے اشارے میں، نشاں اور
کرتے ھیں محبت، تو گزرتا ہے گماں اور

یا رب! وہ نہ سمجھے ھیں، نہ سمجھیں گے مری بات
دے اور دل اُنکو، جو نہ دے مجھکو زباں اور!

تم شہر میں ہو، تو ہمیں کیا غم ؟ جب اُٹھینگے
لے آئیں گے، بازار سے جا کر، دل و جاں اور

ہے خونِ جگر جوش میں ؛ دل کھولکے روتا،
ہوتے جو کئی دیدۂ خونابہ فشاں اور!

مرتا ہوں اس آواز پہ! ہرچند سر اُڑ جائے
جلاد کو، لیکن، وہ کہے جائیں کہ «ہاں اور!»

پاتے نہیں جب راہ، تو چڑھ جاتے ہیں نالے
رکتی ہے مری طبع، تو ہوتی ہے رواں اور

۵۳

نہ کی، سامانِ عیش و جاہ نے، تدبیر وحشت کی
ہوا، جامِ زمرد بھی مجھے داغِ پلنگ، آخر

۵٤

جنوں کی دستگیری کس سے ہو، گر ہو نہ عریانی؟
گریباں چاک کا حق ہو گیا ہے، میری گردن پر

ہم اور وہ بے سبب رنج، آشنا دشمن، کہ رکھتا ھے
شعاعِ مہر سے، تہمت نگہ کی، چشمِ روزن پر!

مٹ جائیگا سر، گر ترا پتھر نہ گھسے گا
ھوں، در پہ ترے ناصیہ فرسا، کوئی دن اور

جاتے ہوئے کہتے ہو: «قیامت کو ملینگے»
کیا خوب! قیامت کا ھے، گویا، کوئی دن اور

ناداں ھو، جو کہتے ھو کہ، کیوں جیتے ھیں غالب
قسمت میں ھے، مرنے کی تمنا، کوئی دن اور

ز

کیونکر اُس بت سے رکھوں جان عزیز؟
کیا نہیں ھے مجھے ایمان عزیز؟

دل سے نکلا؛ پہ نہ نکلا دل سے
ھے، ترے تیر کا پیکان، عزیز

تاب لائے ہی بنے گی، غالب
واقعہ سخت ہے، اور جان عزیز

۵۷

نہ گلِ نغمہ ہوں، نہ پردۂ ساز
میں ہوں اپنی شکست کی آواز

تو اور آرایشِ خمِ کاکل
میں اور اندیشہای دور دراز!

س

مُند گئیں، کھولتے ہی کھولتے، آنکھیں، ہے، ہے!!
خوب وقت آئے تم، اس عاشقِ بیمار کے پاس!

دیکھکر تجکو، چمن بس کہ نمو کرتا ہے
خود بخود پہنچے ہے گل، گوشۂ دستار کے پاس

مر گیا، پھوڑ کے سر، غالبِ وحشی، ہے، ہے!!
بیٹھنا اُس کا وہ، آ کر تری دیوار کے پاس!

ک

زخم پر چھڑکیں کہاں، طفلانِ بے پروا، نمک؟
کیا مزا ہوتا، اگر پتھر میں بھی ہوتا نمک!

داد دیتا ہے مرے زخمِ جگر کی، واہ، واہ!
یاد کرتا ہے مجھے، دیکھے ہے وہ جس جا نمک

یاد ہیں، غالب، تجھے وہ دن، کہ وجدِ ذوق میں
زخم سے گرتا، تو میں پلکوں سے چنتا تھا نمک؟

۶۰

ہم نے مانا کہ تغافل نہ کروگے؛ لیکن
خاک ہو جائینگے ہم، تم کو خبر ہوتے تک

ل

ایجاد کرتی ہے اسے تیرے لئے، بہار
میرا رقیب ہے، نفسِ عطر سائ گل

تیرے ہی جلوہ کا ہے یہ دھوکا کہ آج تک
بے اختیار، دوڑے ہے گل در قفائ گل

م

غم نہیں ہوتا ہے آزادوں کو، بیش از یک نفس
برق سے، کرتے ہیں روشن شمعِ ماتم خانہ، ہم

دایم الحبس اس میں ہیں لاکھوں تمنائیں، اسد!
جانتے ہیں، سینۂ پر خوں کو زنداں خانہ، ہم

مجکو دیارِ غیر میں مارا، وطن سے دور
رکھ لی مرے خدا نے، مری بیکسی کی شرم

وہ حلقہای زلف کمیں میں ہیں؛ اے خدا
رکھ لیجو، میرے دعوی وارستگی کی شرم!

ن

لوں وام بختِ خفتہ سے یک خوابِ خوش؛ و لے
غالب، یہ خوف ہے کہ کہاں سے ادا کروں؟

۶۵

کی وفا ہم سے، تو غیر اس کو جفا کہتے ہیں
ہوتی آئی ہے کہ اچھوں کو برا کہتے ہیں

آج، ہم اپنی پریشانیء خاطر اُن سے
کہنے جاتے تو ہیں، پر دیکھیے، کیا کہتے ہیں؟

اگلے وقتوں کے ہیں یہ لوگ، انھیں کچھ نہ کہو
جو مے و نغمہ کو اندوہ ربا کہتے ہیں

ہے پرے سرحدِ ادراک سے، اپنا مسجود
قبلہ کو، اہلِ نظر «قبلہ نما» کہتے ہیں

دیکھیے، لاتی ہے اُس شوخ کی نخوت کیا رنگ؟
اُس کی ہر بات پہ ہم «نامِ خدا!» کہتے ہیں

۶۶

آبرو کیا خاک اُس گل کی، کہ گلشن میں نہیں؟
ہے گریباں ننگِ پیراہن، جو دامن میں نہیں

ضعف سے، اے گریہ! کچھ باقی مرے تن میں نہیں
رنگ ہو کر اُڑ گیا، جو خوں کہ دامن میں نہیں

ہو گئے ہیں جمع، اجزای نگاہِ آفتاب؛
ذرے، اُسکے گھر کی دیواروں کے روزن میں، نہیں

ہو فشارِ ضعف میں کیا، ناتوانی کی نمود؟
قد کے جھکنے کی بھی گنجایش مرے تن میں نہیں

عہدے سے، مدحِ ناز کے، باہر نہ آسکا!
گر ایک ادا ہو، تو اُسے اپنی قضا کہوں

میں اور صد ہزار نوای جگر خراش!
تو اور ایک وہ نہ شنیدن، کہ کیا کہوں!

ظالم، مرے گماں سے مجھے منفعل نہ چاہ!
ہے، ہے! خدا نکردہ! تجھے بیوفا کہوں!

۶۸

مہرباں ہو کے بلالو مجھے، چاہو جسوقت
میں، گیا وقت نہیں ہوں، کہ پھر آ بھی نہ سکوں

ضعف میں، طعنۂ اغیار کا شکوہ کیا ہے؟
بات، کچھ سر تو نہیں ہے، کہ اُٹھا بھی نہ سکوں

زہر ملتا ہی نہیں مجکو، ستمگر؛ ورنہ
کیا قسم ہے ترے ملنے کی، کہ کھا بھی نہ سکوں؟

۶۹

ہم سے کھل جاؤ، بوقتِ مَی پرستی، ایک دن
ورنہ ہم چھیڑیں گے، رکھکر عذرِ مستی، ایک دن

۷۰

ہم پر، جفا سے، ترکِ وفا کا گماں نہیں
اک چھیڑ ہے؛ وگرنہ مراد امتحاں نہیں

کس منہ سے شکر کیجیے اس لطفِ خاص کا؟
پرسش ہے، اور پای سخن درمیاں نہیں

ہم کو ستم عزیز، ستمگر کو ہم عزیز
نا مہرباں نہیں ہے ، اگر مہرباں نہیں

بوسہ نہیں ، نہ دیجیے ، دشنام ھی سہی
آخر زباں تو رکھتے ہو تم ، گر دہاں نہیں

ہر چند جانگدازیِ قہر و عتاب ہے ؛
ہر چند پشت گرمیِ تاب و تواں نہیں

جاں ، مطربِ ترانۂ « هَلْ مِنْ مَزِید » ہے
لب ، پردہ سنجِ زمزمۂ « اَلاَمَاں » نہیں

خنجر سے چیر سینہ ، اگر دل نہ ہو دو نیم
دل میں چھری چبھو ، مژہ گر خونچکاں نہیں

ہے ننگِ سینہ ، دل اگر آتشکدہ نہ ہو
ہے عارِ دل ، نفس اگر آذر فشاں نہیں

نقصاں نہیں جنوں میں ؛ بلا سے ہو گھر خراب
سو گز زمیں کے بدلے ، بیاباں گراں نہیں

جاں ہے بہای بوسہ ؛ ولے کیوں کہے ، ابھی
غالب کو جانتا ہے کہ وہ نیمجاں نہیں

۷۱

مانعِ دشت نوردی ، کوئی تدبیر نہیں
ایک چکر ہے مرے پانوں میں ، زنجیر نہیں

سر کھجاتا ہے ، جہاں زخمِ سر اچھا ہو جائے
لذتِ سنگ باندازۂ تقریر نہیں

۷۲

مت ، مردمکِ دیدہ میں ، سمجھو یہ نگاہیں
ہیں جمع ، سویدای دلِ چشم میں ، آہیں

۷۳

برشکالِ گریۂ عاشق ہے ؛ دیکھا چاہیے
کِھل گئی ، مانندِ گل سو جا سے ، دیوارِ چمن

۷۴

ہے تجلی تری سامانِ وجود
ذرہ بے پرتوِ خُرشید نہیں

کہتے ہیں «جیتے ہیں امید پہ لوگ»
ہم کو جینے کی بھی امید نہیں

۷۵

ترے سروِ قامت سے، اک قدِ آدم
قیامت کے فتنے کو کم دیکھتے ہیں

۷۶

ملتی ہے خوی یار سے، نار، التہاب میں
کافر ہوں، گر نہ ملتی ہو راحت عذاب میں

تا پھر نہ انتظار میں نیند آئے عمر بھر
آنے کا وعدہ کر گئے، آئے جو خواب میں

قاصد کے آتے آتے، خط اک اور لکھ رکھوں
میں جانتا ہوں، جو وہ لکھیں گے جواب میں

مجھ تک کب اُنکی بزم میں آتا تھا دورِ جام؟
ساقی نے کچھ ملا نہ دیا ہو شراب میں؟

میں اور حظِ وصل، خدا ساز بات ہے!
جاں نذر دینی بھول گیا اضطراب میں

ہے تیوری چڑھی ہوئی، اندر نقاب کے
ہے اک شکن پڑی ہوئی، طرفِ نقاب میں

لاکھوں لگاؤ، ایک چرانا نگاہ کا!
لاکھوں بناؤ ایک بگڑنا عتاب میں!

وہ نالہ، دل میں خس کے برابر جگہ نہ پائے
جس نالہ سے، شگاف پڑے آفتاب میں!

وہ سحر، مدعا طلبی میں نہ کام آئے
جس سحر سے، سفینہ رواں ہو سراب میں!

اُتنا ہی مجکو اپنی حقیقت سے بعد ہے
جتنا کہ وہمِ غیر سے ہوں پیچ و تاب میں

اصلِ شہود و شاہد و مشہود ایک ہے
حیراں ہوں، پھر مشاہدہ ہے کس حساب میں!

ہے مشتمل نمودِ صُوَر پر وجودِ بحر
یاں کیا دھرا ہے قطرہ و موج و حباب میں؟

ہے غیبِ غیب، جس کو سمجھتے ہیں ہم شہود
ہیں خواب میں ہنوز، جو جاگے ہیں خواب میں

۷۸

چھوڑا نہ رشک نے کہ ترے گھر کا نام لوں
ہر اک سے پوچھتا ہوں کہ جاؤں کدھر کو میں؟

جانا پڑا رقیب کے در پر ہزار بار
اے کاش! جانتا نہ ترے رہگزر کو میں

ہے کیا، جو کس کے باندھیے؟ میری بلا ڈرے!
کیا جانتا نہیں ہوں تمھاری کمر کو میں؟

لو وہ بھی کہتے ہیں کہ: «یہ بے ننگ و نام ہے»
یہ جانتا اگر، تو لٹاتا نہ گھر کو میں

چلتا ہوں تھوڑی دور ہر اک تیز رو کے ساتھ؛
پہچانتا نہیں ہوں، ابھی، راہبر کو میں

خواہش کو احمقوں نے پرستش دیا قرار
کیا پوجتا ہوں اُس بتِ بیدادگر کو میں؟

۷۹

ذکر میرا بہ بدی بھی اُسے منظور نہیں
غیر کی بات بگڑ جائے، تو کچھ دور نہیں

وعدۂ سیرِ گلستاں ہے، خوشا طالعِ شوق!
مژدۂ قتل مقدر ہے، جو مذکور نہیں

شاہدِ ہستیٔ مطلق کی کمر ہے عالم
لوگ کہتے ہیں کہ «ہے»، پر ہمیں منظور نہیں

قطرہ اپنا بھی حقیقت میں ہے دریا؛ لیکن
ہم کو تقلیدِ تنک ظرفیٔ منصور نہیں

میں جو کہتا ہوں کہ «ہم لینگے قیامت میں تمھیں»
کس رُعونت سے وہ کہتے ہیں کہ «ہم حور نہیں»!

۸۰

نالہ جز حسنِ طلب ، اے ستم ایجاد ! نہیں
ہے تقاضای جفا ، شکوۂ بیداد نہیں

عشق و مزدوریء عشرتگہِ خسرو، کیا خوب !
ہم کو تسلیم ، نکونامیء فرہاد ، نہیں

کم نہیں وہ بھی خرابی میں ، پہ وسعت معلوم !
دشت میں ہے مجھے وہ عیش کہ گھر یاد نہیں

نفی سے کرتی ہے اثبات تراوش ، گویا
دی ہے ، جای دہن اُسکو دمِ ایجاد ، نہیں

کم نہیں جلوہ گری میں ترے کوچہ سے ، بہشت
یہی نقشہ ہے، ولے اسقدر آباد نہیں

دونوں جہان دیکے ، وہ سمجھے ، یہ خوش رہا
یاں آ پڑی یہ شرم کہ تکرار کیا کریں !

تھک تھک کے، ہر مقام پہ دو چار رہ گئے
تیرا پتہ نہ پائیں، تو ناچار کیا کریں؟

۸۲

وہ آئے گھر میں ہمار ؛ خدا کی قدرت ہے!
کبھی ہم اُنکو، کبھی اپنے گھر کو دیکھتے ہیں

نظر لگے نہ کہیں اُس کے دست و بازو کو!
یہ لوگ کیوں مرے زخمِ جگر کو دیکھتے ہیں؟

۸۳

علاوہ عید کے، ملتی ہے اور دن بھی شراب
گدای کوچۂ میخانہ نامراد نہیں

جہاں میں ہو غم و شادی بہم؛ ہمیں کیا کام؟
دیا ہے ہم کو خدا نے وہ دل کہ شاد نہیں

تم اُنکے وعدہ کا ذکر اُن سے کیوں کرو، غالب؟
یہ کیا کہ تم کہو، اور وہ کہیں کہ «یاد نہیں»؟

۸٤

تیرے توسن کو صبا باندھتے ھیں
ھم بھی مضمون کی ھوا باندھتے ھیں

قیدِ ھستی سے رھائی معلوم!
اشک کو بے سر و پا باندھتے ھیں

اھلِ تدبیر کی واماندگیاں!
آبلوں پر بھی حنا باندھتے ھیں

۸۵

دایم پڑا ھوا ترے در پر نہیں ھوں میں
خاک ایسی زندگی پہ کہ پتھر نہیں ھوں میں!

یا رب! زمانہ مجکو مٹاتا ھے کس لئے؟
لوحِ جہاں پہ حرفِ مکرر نہیں ھوں میں

حد چاھیے سزا میں، عقوبت کے واسطے
آخر، گناھگار ھوں، کافر نہیں ھوں میں!

۸۶

سب کہاں ، کچھ لالہ و گل میں نمایاں ہو گئیں
خاک میں ، کیا صورتیں ہوں گی کہ پنہاں ہو گئیں !

یاد تھیں ہم کو بھی رنگا رنگ بزم آرائیاں ؛
لیکن اب نقش و نگارِ طاقِ نسیاں ہو گئیں

قید میں یعقوب نے لی ، گو ، نہ یوسف کی خبر ؛
لیکن آنکھیں روزنِ دیوارِ زنداں ہو گئیں

جوی خوں آنکھوں سے بہنے دو ؛ کہ ھے شامِ فراق
میں یہ سمجھونگا کہ شمعیں دو فروزاں ہو گئیں

ان پریزادوں سے ، لینگے خلد میں ہم انتقام
قدرتِ حق سے ، یہی حوریں اگر واں ہو گئیں

نیند اُسکی ھے ، دماغ اُسکا ھے ، راتیں اُسکی ھیں
تیری زلفیں ، جس کے بازو پر ، پریشاں ہو گئیں

بسکہ روکا میں نے ، اور سینہ میں اُبھریں پے بہ پے
میری آھیں ، بخیۂ چاکِ گریباں ہو گئیں

ہم موحِّد ہیں؛ ہمارا کیش ہے ترکِ رسوم
ملتیں جب مٹ گئیں، اجزای ایماں ہو گئیں

رنج سے خوگر ہوا انساں، تو مٹ جاتا ہے رنج
مشکلیں مجھ پر پڑیں اتنی کہ آساں ہو گئیں

۸۷

دیوانگی سے، دوش پہ زنار بھی نہیں:
یعنی ہمارے جیب میں اک تار بھی نہیں

ملنا ترا اگر نہیں آساں، تو سہل ہے
دشوار تو یہی ہے کہ دشوار بھی نہیں

شوریدگی کے ہاتھ سے، ہے سر وبالِ دوش
صحرا میں، اے خدا! کوئی دیوار بھی نہیں؟

اس سادگی پہ کون نہ مر جائے؟ اے خدا!
لڑتے ہیں، اور ہاتھ میں تلوار بھی نہیں

نہیں ہے زخم کوئی، بخیہ کے درخور، مرے تن میں
ہوا ہے تارِ اشکِ یاس، رشتہ چشمِ سوزن میں

ودیعت خانۂ بیدادِ کاوشہای مژگاں ہوں
نگینِ نامِ شاہد ہے مرے، ہر قطرہ خوں، تن میں

بیاں کس سے ہو ظلمت گستری میرے شبستاں کی؟
شبِ مہ ہو، جو رکھدوں پنبہ دیواروں کے روزن میں

ہزاروں دل دیے، جوشِ جنونِ عشق نے مجکو
سیہ ہو کر، سویدا ہو گیا ہر قطرہ خوں تن میں

۸۹

مزے جہان کے اپنی نظر میں خاک نہیں!
سوای خونِ جگر، سو جگر میں خاک نہیں!

مگر غبار ہوے پر، ہوا اُڑا لیجائے؛
وگرنہ تاب و تواں بال و پر میں خاک نہیں!

ہوا ہوں عشق کی غارتگری سے شرمندہ
سوای حسرتِ تعمیر، گھر میں خاک نہیں

۹۰

دل ہی تو ہے، نہ سنگ وخشت، درد سے بھر نہ آئے کیوں؟
روئیں گے ہم ہزار بار؛ کوئی ہمیں ستائے کیوں؟

دیر نہیں، حرم نہیں، در نہیں، آستاں نہیں
بیٹھے ہیں رہگزر پہ ہم، غیر ہمیں اُٹھائے کیوں؟

دشنۂ غمزہ جانستاں، ناوکِ ناز بے پناہ
تیرا ہی عکسِ رخ سہی، سامنے تیرے آئے کیوں؟

قیدِ حیات و بندِ غم، اصل میں دونوں ایک ہیں
موت سے پہلے، آدمی غم سے نجات پائے کیوں؟

حسن اور اُس پہ حسنِ ظن! رہ گئی بوالہوس کی شرم
اپنے پہ اعتماد ہے، غیر کو آزمائے کیوں؟

واں وہ غرورِ عز و ناز، یاں یہ حجابِ پاسِ وضع!
راہ میں ہم ملیں کہاں؟ بزم میں وہ بلائے کیوں؟

غالبِ خستہ کے بغیر، کون سے کام بند ہیں؟
روئیے زار زار کیا؟ کیجیے ہائے، ہائے کیوں؟

۹۱

غنچۂ ناشگفتہ کو دور سے مت دکھا کہ «یوں؟»
بوسہ کو پوچھتا ہوں میں، منہ سے مجھے بتا کہ «یوں»

رات کے وقت مَی پیے، ساتھ رقیب کو لیے
آئے وہ یاں، خدا کرے! پر نہ کرے خدا کہ یوں!

میں نے کہا کہ «بزمِ ناز چاہیے غیر سے تہی»
سنکے، ستم ظریف نے مجکو اُٹھا دیا کہ «یوں؟»

و

بقدرِ حسرتِ دل چاہیے، ذوقِ معاصی بھی
بھروں یک گوشۂ دامن، گر آبِ ہفت دریا ہو

۹۳

کعبہ میں جا رہا، تو نہ دو طعنہ؛ کیا کہیں
بھولا ہوں حقِ صحبتِ اہلِ کُنِشت کو؟

طاعت میں تا رہے نہ مے و انگبیں کی لاگ
دوزخ میں ڈالدو، کوئی لیکر بہشت کو

ہوں منحرف نہ کیوں، رہ و رسمِ ثواب سے؟
ٹیڑھا لگا ہے قط قلمِ سرنوشت کو

غالب، کچھ اپنی سعی سے لہنا نہیں مجھے
خرمن جلے، اگر نہ ملخ کھائے کشت کو

۹٤

وارستہ اس سے ہیں کہ محبت ھی کیوں نہو؟
کیجے ہمارے ساتھ، عداوت ھی کیوں نہو؟

چھوڑا نہ مجھ میں ضعف نے رنگ اختلاط کا
ہے دل پہ بار، نقشِ محبت ھی کیوں نہو؟

«پیدا ہوئی ہے»، کہتے ہیں، «ہر درد کی دوا»
یوں ہو، تو چارۂ غمِ الفت ھی کیوں نہو؟

ہنگامۂ زبونیٔ ہمت ہے، انفعال
حاصل نہ کیجے دہر سے، عبرت ھی کیوں نہو؟

مٹتا ہے فوتِ فرصتِ ہستی کا غم کوئی!
عمرِ عزیز صرفِ عبادت ہی کیوں نہو؟

قفس میں ہوں؛ گر اچھا بھی نہ جانیں میرے شیون کو
مرا ہونا برا کیا ہے، نواسنجانِ گلشن کو
نہیں گر ہمدمی آساں، نہو، یہ رشک کیا کم ہے؟
نہ دی ہوتی، خدایا! آرزوی دوست دشمن کو!
خدا شرمائے ہاتھوں کو؛ کہ رکھتے ہیں کشاکش میں
کبھی میرے گریباں کو، کبھی جاناں کے دامن کو!
ابھی ہم قتلگہ کا دیکھنا آساں سمجھتے ہیں!
نہیں دیکھا، شناور جوی خوں میں، تیرے توسن کو
ہوا چرچا جو میرے پانو کی زنجیر بننے کا
کیا بیتاب، کاں میں، جنبشِ جوہر نے آہن کو
خوشی کیا، کھیت پر میرے اگر سو بار ابر آوے!
سمجھتا ہوں کہ ڈھونڈھے ہے، ابھی سے، برقِ خرمن کو

نہ لٹتا دن کو، تو کب رات کو یوں بیخبر سوتا ؟
رہا کھٹکا نہ چوری کا ؛ دعا دیتا ہوں رہزن کو

دی سادگی سے جان، پڑوں کوھکن کے پانو!
ہیہات ! کیوں نہ ٹوٹ گئے پیرزن کے پانو!

مرہم کی جستجو میں، پھرا ہوں جو دور دور
تن سے سوا فگار ہیں اس خستہ تن کے پانو

ہے جوشِ گل بہار میں یاں تک کہ ہر طرف
اُڑتے ہوے، اُلجھتے ہیں مرغِ چمن کے پانو

شب کو کسی کے خواب میں آیا نہو کہیں ؟
دکھتے ہیں، آج، اُس بتِ نازک بدن کے پانو

واں اُسکو ہولِ دل ہے تو یاں میں ہوں شرمسار:
یعنی یہ میری آہ کی تاثیر سے نہو ؟

۹۸

واں پہنچکر، جو غش آتا پےء ہم ہے، ہم کو
صد رہ، آہنگِ زمیں بوسِ قدم ہے، ہم کو

جان کر کیجے تغافل، کہ کچھ امید بھی ہو
یہ نگاہِ غلط انداز تو سَم ہے، ہم کو

تم وہ نازک کہ خموشی کو فغاں کہتے ہو!
ہم وہ عاجز کہ تغافل بھی ستم ہے، ہم کو!

۹۹

تم جانو، تم کو غیر سے جو رسم وراہ ہو
مجکو بھی پوچھتے رہو، تو کیا گناہ ہو؟

بچتے نہیں مواخذۂ روزِ حشر سے
قاتل اگر رقیب ہے، تو تم گواہ ہو

کیا وہ بھی بیگنہ کُش و حق ناشناس ہیں؟
مانا کہ تم بشر نہیں، خُرشید و ماہ ہو

اُبھرا ہوا نقاب میں ہے اُنکے، ایک تار
مرتا ہوں میں کہ یہ نہ کسی کی نگاہ ہو!

جب میکدہ چھٹا، تو پھر اب کیا جگہ کی قید؟
مسجد ہو، مدرسہ ہو، کوئی خانقاہ ہو!

سنتے ہیں جو بہشت کی تعریف، سب درست
لیکن، خدا کرے! وہ ترا جلوہ گاہ ہو

۱۰۰

گئی وہ بات کہ ہو گفتگو، تو کیونکر ہو؟
کہے سے کچھ نہوا، پھر کہو تو، کیونکر ہو؟

تمھیں کہو کہ گزارا صنم پرستوں کا
بتوں کی ہو اگر ایسی ہی خو، تو کیونکر ہو؟

اُلجھتے ہو تم، اگر دیکھتے ہو آئینہ
جو تم سے، شہر میں ہوں ایک دو، تو کیونکر ہو؟

جسے نصیب ہو روزِ سیاہ میرا سا
وہ شخص دن نہ کہے رات کو، تو کیونکر ہو؟

۱۰۱

کسی کو دیکے دل، کوئی نوا سنجِ فغاں کیوں ہو؟
نہو جب دل ھی سینہ میں، تو پھر منہ میں زباں کیوں ہو؟

وہ اپنی خو نہ چھوڑینگے، ہم اپنی وضع کیوں چھوڑیں؟
سبک سر بنکے کیا پوچھیں کہ، ہم سے سرگراں کیوں ہو؟

کیا غمخوار نے رسوا؛ لگے آگ اس محبت کو!
نہ لاوے تاب جو غم کی، وہ میرا رازداں کیوں ہو؟

وفا کیسی؟ کہاں کا عشق؟ جب سر پھوڑنا ٹھہرا
تو پھر، اے سنگ دل! تیرا ھی سنگِ آستاں کیوں ہو؟

غلط ھے جذبِ دل کا شکوہ؛ دیکھو، جرم کس کا ھے؟
نہ کھینچو گر تم اپنے کو، کشاکش درمیاں کیوں ہو؟

یہی ھے آزمانا، تو ستانا کس کو کہتے ھیں؟
عدو کے ہو لیے جب تم، تو میرا امتحاں کیوں ہو؟

نکالا چاھتا ھے کام کیا طعنوں سے تو، غالب؟
ترے بیمہر کہنے سے، وہ تجھ پر مہرباں کیوں ہو!

ی

مسجد کے زیرِ سایہ خرابات چاہئے
بھوں پاس آنکھ، قبلۂ حاجات! چاہئے

سیکھے ہیں، مہ رخوں کیلئے ہم مصوری
تقریب کچھ تو بہرِ ملاقات چاہئے

مے سے غرض نشاط ہے کس روسیاہ کو؟
اک گونہ بیخودی، مجھے دن رات چاہئے

۱۰۳

بساطِ عجز میں تھا ایک دل، یک قطرہ خوں وہ بھی
سو رہتا ہے، باندازِ چکیدن سرنگوں، وہ بھی

نہ اتنا بُرّشِ تیغِ جفا پر ناز فرماؤ!
مرے دریای بیتابی میں ہے اک موجِ خوں، وہ بھی

مےء عشرت کی خواہش، ساقیء گردوں سے کیا کیجے؟
لئے بیٹھا ہے اک دو چار جامِ واژگوں، وہ بھی

۱۰٤

بیدادِ وفا دیکھ کہ جاتی رہی ، آخر
ھرچند مری جان کو تھا ربط لبوں سے

۱۰۵

تا ، ہم کو شکایت کی بھی، باقی نہ رہے جا
سن لیتے ھیں ، گو ذکر ھمارا نہیں کرتے
غالب ، ترا احوال سنادیں گے ھم اُنکو
وہ سنکے بلا لیں ، یہ اجارا نہیں کرتے

۱۰٦

گھر میں تھا کیا کہ ترا غم اُسے غارت کرتا ؟
وہ جو رکھتے تھے ھم، اک حسرتِ تعمیر، سو ھے

۱۰۷

کُھلے گا کسطرح مضموں مرے مکتوب کا، یارب ؟
قسم کھائی ھے ، اُس کافر نے کاغذ کے جلانے کی

ھماری سادگی تھی ، التفاتِ ناز پر مرنا
ترا آنا نہ تھا ، ظالم ! مگر تمہید جانے کی

کہوں کیا خوبیء اوضاعِ ابنای زماں ، **غالب** ؟
بدی کی اُس نے ، جس سے ھم نے کی تھی بارھا نیکی

کیا تنگ ھم ستم زدگاں کا جہان ھے
جس میں کہ ایک بیضۂ مور آسمان ھے !

ھے کائنات کو حرَکت تیرے ذوق سے
پرتو سے آفتاب کے ، ذرے میں جان ھے

کیا خوب ! تم نے غیر کو بوسہ نہیں دیا ؟
بس چپ رھو ؛ ھمارے بھی منہ میں زبان ھے

ھے ، بارے ، اعتمادِ وفاداری اسقدر !
غالب ، ھم اس میں خوش ھیں کہ نامہربان ھے

۱۰۹

کس طرح کاٹے کوئی ، شبہای تارِ برشکال ؟
ہے نظر خوکردۂ اخترشماری ، ہائے ، ہائے !!
گوش مہجورِ پیام و چشم محرومِ جمال !
ایک دل ، تسپر یہ ناامیدواری ، ہائے ، ہائے !!

۱۱۰

سرگشتگی میں ، عالمِ ہستی سے یاس ہے
تسکیں کو دے نوید کہ « مرنے کی آس ہے »
لیتا نہیں مرے دلِ آوارہ کی خبر
ابتک وہ جانتا ہے کہ میرے ہی پاس ہے !
پی ، جسقدر ملے ، شبِ مہتاب میں شراب
اس بلغمی مزاج کو گرمی ہی راس ہے

۱۱۱

گر خامشی سے فائدہ اخفای حال ہے
خوش ہوں ؛ کہ میری بات سمجھنی محال ہے

ہے ، ہے ! خدا نخواستہ ، وہ اور دشمنی !
اے شوقِ منفعل ! یہ تجھے کیا خیال ہے ؟

ہستی کے مت فریب میں آجائیو ، اسد !
عالم تمام حلقۂ دامِ خیال ہے

۱۱۲

تم اپنے شکوہ کی باتیں نہ ، کھود کھود کے ، پوچھو
حذر کرو مرے دل سے ؛ کہ اس میں آگ دبی ہے

۱۱۳

ایک جا حرفِ وفا لکھا تھا ، سو بھی مٹ گیا
ظاہرا ، کاغذ ترے خط کا غلط بردار ہے

مجھ سے مت کہہ : « تو ہمیں کہتا تھا اپنی زندگی » ؛
زندگی سے بھی مرا جی اندنوں بیزار ہے

۱۱٤

خزاں کیا ؟ فصلِ گل کہتے ہیں کس کو ؟ کوئی موسم ہو :
وہی ہم ہیں ، قفس ہے اور ماتم بال و پر کا ہے

وفای دلبراں ہے اتفاقی ؛ ورنہ ، اے ہمدم !
اثر فریادِ دلہای حزیں کا ، کس نے دیکھا ہے ؟

۱۱۵

پیکرِ عشاق ، سازِ طالعِ ناساز ہے
نالہ ، گویا ، گردشِ سیارہ کی آواز ہے

۱۱۶

عشق مجکو نہیں ، وحشت ہی سہی
میری وحشت ، تری شہرت ہی سہی

قطع کیجے نہ تعلق ہم سے
کچھ نہیں ہے ، تو عداوت ہی سہی

ہم کوئی ترکِ وفا کرتے ہیں ؟
نہ سہی عشق ، مصیبت ہی سہی

کچھ تو دے ، اے فلکِ ناانصاف !
آہ و فریاد کی رخصت ہی سہی

ہم بھی تسلیم کی خو ڈالیں گے
بے نیازی ، تری عادت ہی سہی

۱۱۷

ہے آرمیدگی میں نکوہش بجا مجھے
صبحِ وطن ، ہے خندۂ دنداں نما مجھے

مستانہ ، طے کروں ہوں رہِ وادیءِ خیال
تا بازگشت سے نہ رہے مدعا مجھے

کرتا ہے ، بسکہ ، باغ میں تو بے حجابیاں
آنے لگی ہے نکہتِ گل سے حیا مجھے

کھلتا کسی پہ کیوں ، مرے دل کا معاملہ ؟
شعروں کے انتخاب نے رسوا کیا مجھے !!

۱۱۸

اُس بزم میں ، مجھے نہیں بنتی حیا کئے
بیٹھا رہا ، اگرچہ اشارے ہوا کئے

دل ہی تو ہے ؛ سیاستِ درباں سے ڈر گیا
میں اور جاؤں در سے ترے بن صدا کئے!

بے صرفہ ہی گزرتی ہے، ہو گرچہ عمرِ خضر
حضرت بھی کل کہیں گے کہ «ہم کیا کیا کئے؟»

ضد کی ہے اور بات؛ مگر خو بری نہیں
بھولے سے، اُس نے سیکڑوں وعدے وفا کئے

غالب، تمہیں کہو کہ «ملے گا جواب کیا؟»
مانا کہ تم کہا کئے اور وہ سنا کئے

۱۱۹

رفتارِ عمر، قطعِ رہِ اضطراب ہے
اس سال کے حساب کو، برق آفتاب ہے

زخمی ہوا ہے پاشنہ پای ثبات کا
نے بھاگنے کی گوں، نہ اقامت کی تاب ہے

میں، نامراد دل کی تسلی کو کیا کروں؟
مانا کہ تیرے رخ سے نگہ کامیاب ہے

گزرا ، اسد ، مسرتِ پیغامِ یار سے ؛
قاصد پہ مجکو رشکِ سوال و جواب ہے!

۱۲۰

دلِ ناداں ! تجھے ہوا کیا ہے ؟
آخر، اس درد کی دوا کیا ہے ؟

ہم ہیں مشتاق ، اور وہ بیزار
یا الٰہی ! یہ ماجرا کیا ہے ؟

میں بھی منہ میں زبان رکھتا ہوں :
کاش ! پوچھو کہ «مدعا کیا ہے؟»

ق

جبکہ تجھ بن نہیں کوئی موجود
پھر یہ ہنگامہ ، ایخدا ! کیا ہے؟

یہ پریچہرہ لوگ کیسے ہیں ؟
غمزہ و عشوہ و ادا کیا ہے ؟

شکنِ زلفِ عنبریں کیوں ہے ؟
نگہِ چشمِ سرمہ سا کیا ہے ؟

سبزہ و گل کہاں سے آئے ہیں ؟
ابر کیا چیز ہے ؟ ہوا کیا ہے ؟

ہم کو اُن سے وفا کی ہے امید ،
جو نہیں جانتے ، وفا کیا ہے ؟

میں نے مانا کہ کچھ نہیں **غالب**
مفت ہاتھ آئے ، تو برا کیا ہے ؟

کہتے تو ہو تم سب کہ « بتِ غالیہ مو آئے ! »
یک مرتبہ گھبرا کے کہو کوئی کہ « وو آئے ! »

ہوں کشمکشِ نزع میں ، ہاں ! جذبِ محبت ،
کچھ کہہ نہ سکوں ، پر وہ مرے پوچھنے کو آئے !

ہے صاعقہ و شعلہ و سیاب کا عالم
آنا ہی سمجھ میں مرے آتا نہیں ، گو آئے

ظاہر ہے کہ گھبرا کے نہ بھاگیں گے نکیرین
ہاں ، منہ سے مگر بادۂ دوشینہ کی بو آئے

جلاد سے ڈرتے ہیں، نہ واعظ سے جھگڑتے
ہم سمجھے ہوئے ہیں اُسے، جس بھیس میں جو آئے

ہاں! اہلِ طلب، کون سنے طعنۂ نایافت؟
دیکھا کہ وہ ملتا نہیں، اپنے ہی کو کھو آئے

اپنا وہ نہیں شیوہ کہ آرام سے بیٹھیں
اُس در پہ نہیں بار، تو کعبہ ہی کو ہو آئے

کی ہمنفسوں نے اثرِ گریہ میں تقریر؛
اچھے رہے آپ اُس سے، مگر مجھکو ڈبو آئے

اُس انجمنِ ناز کی کیا بات ہے، **غالب!**
ہم بھی گئے واں اور تری تقدیر کو رو آئے

۱۲۲

پھر، کچھ اک دل کو بیقراری ہے
سینہ جویای زخمِ کاری ہے

پھر، جگر کھودنے لگا ناخن
آمدِ فصلِ لالہ کاری ہے

پھر، اُسی بیوفا پہ مرتے ہیں
پھر، وہی زندگی ہماری ہے

بیخودی بے سبب نہیں، غالب
کچھ تو ہے، جس کی پردہ داری ہے!

۱۲۳

جنوں تہمت کشِ تسکیں نہو، گر شادمانی کی؛
نمک پاشِ خراشِ دل ہے، لذت زندگانی کی

۱۲٤

پنہاں تھا دام سخت قریب آشیان کے؛
اُڑنے نہ پائے تھے کہ گرفتار ہم ہوے

تیری وفا سے کیا ہو تلافی؟ کہ دھر میں
تیرے سوا بھی، ہم پہ بہت سے ستم ہوے

لکھتے رہے جنوں کی حکایاتِ خوں چکاں
ہرچند اس میں ھاتھ ہمارے قلم ہوے

نالے، عدم میں، چند ہمارے سپرد تھے
جو واں نہ کھچ سکے، سو وہ یاں آ کے دم ہوے

دیکھنا قسمت، کہ آپ اپنے پہ رشک آجائے ھے!
میں اُسے دیکھوں، بھلا کب مجھ سے دیکھا جائے ھے؟

غیر کو، یا رب! وہ کیونکر منعِ گستاخی کرے؟
گر حیا بھی اُس کو آتی ھے، تو شرما جائے ھے

شوق کو یہ لت کہ ہر دم نالہ کھینچے جائیے!
دل کی وہ حالت کہ دم لینے سے گھبرا جائے ھے!

دور چشمِ بد تری بزمِ طرب سے! واہ، واہ!!
نغمہ ہو جاتا ھے، واں گر نالہ میرا جائے ھے

اُسکی بزم آرائیاں سنکر، دلِ رنجور، یاں
مثلِ نقشِ مدعای غیر، بیٹھا جائے ھے

ہو کے عاشق، وہ پریرخ اور نازک بنگیا
رنگ کُھلتا جائے ھے، جتنا کہ اُڑتا جائے ھے

نقش کو اُسکے ، مصور پر بھی کیا کیا ناز ھیں !
کھینچتا ھے جسقدر ، اُتنا ھی کھچتا جائے ھے

۱۲۶

اُگ رھا ھے در و دیوار سے سبزہ ، غالب
ھم بیاباں میں ھیں اور گھر میں بہار آئی ھے

۱۲۷

سادگی پر اُسکی ، مرجانے کی حسرت دل میں ھے
بس نہیں چلتا : کہ پھر خنجر کفِ قاتل میں ھے
دیکھنا تقریر کی لذت کہ جو اُس نے کہا
میں نے یہ جانا کہ گویا یہ بھی میرے دل میں ھے !
گرچہ ھے کس کس برائی سے ؛ ولے با ایں ھمہ
ذکر میرا مجھ سے بہتر ھے کہ اُس محفل میں ھے

۱۲۸

دل سے ، تری نگاہ ، جگر تک اُتر گئی
دونوں کو اک ادا میں رضامند کر گئی

شق ہو گیا ہے سینہ : خوشا لذتِ فراغ!
تکلیفِ پردہ داریِ زخمِ جگر گئی

اُڑتی پھرے ہے خاک مری، کوی یار میں
بارے اب، اے ہوا! ہوسِ بال و پر گئی

نظارہ نے بھی کام کیا، واں، نقاب کا
مستی سے، ہر نگہ ترے رخ پر بکھر گئی

فردا و دی کا تفرقہ یکبار مٹ گیا
کل تم گئے کہ ہم پہ قیامت گزر گئی

۱۲۹

اپنی گلی میں مجکو نہ کر دفن، بعدِ قتل
میرے پتے سے، خلق کو کیوں تیرا گھر ملے؟

ساقی گری کی شرم کرو آج؛ ورنہ ہم
ہر شب پیا ہی کرتے ہیں مے، جسقدر ملے

لازم نہیں کہ خضر کی ہم پیروی کریں
جانا کہ اک بزرگ ہمیں ہم سفر ملے

کوئی دن گر زندگانی اور ہے
اپنے جی میں، ہم نے ٹھانی اور ہے

آتشِ دوزخ میں یہ گرمی کہاں؟
سوزِ غمہای نہانی اور ہے

دیکھے خط، منہ دیکھتا ہے نامہ بر
کچھ تو پیغامِ زبانی اور ہے!

قاطعِ اعمار ہیں اکثر نجوم
وہ بلای آسمانی اور ہے!

ہوچکیں، غالب، بلائیں سب تمام
ایک مرگِ ناگہانی اور ہے

کوئی امید بر نہیں آتی!
کوئی صورت نظر نہیں آتی!

موت کا ایک دن معیّن ہے
نیند کیوں رات بھر نہیں آتی؟

آگے، آتی تھی، حالِ دل پہ ہنسی
اب، کسی بات پر نہیں آتی!

جانتا ہوں ثوابِ طاعت و زہد؛
پر طبیعت ادھر نہیں آتی!

ہے کچھ ایسی ہی بات جو چپ ہوں؛
ورنہ کیا بات کر نہیں آتی؟

ہم وہاں ہیں، جہاں سے ہم کو بھی
کچھ ہماری خبر نہیں آتی!

مرتے ہیں آرزو میں مرنے کی:
موت آتی ہے، پر نہیں آتی

۱۳۲

جو نہ، نقدِ داغِ دل کی، کرے شعلہ پاسبانی
تو فسردگی نہاں ہے بہ کمینِ بیزبانی

مجھے اُس سے کیا توقع بزمانۂ جوانی،
کبھی کودکی میں جس نے نہ سنی مری کہانی؟

یوں ہی دکھ کسی کو دینا نہیں خوب؛ ورنہ کہتا
کہ «مرے عدو کو، یارب، ملے میری زندگانی!»

۱۳۳

ق

اے تازہ واردانِ بساطِ ہوای دل!
زنہار! اگر تمہیں ہوسِ نای و نوش ہے

دیکھو مجھے، جو دیدۂ عبرت نگاہ ہو!
میری سنو، جو گوشِ نصیحت نیوش ہے!

ساقی، بجلوہ، دشمنِ ایمان و آگہی
مطرب، بہ نغمہ، رہزنِ تمکین و ہوش ہے

یا شب کو دیکھتے تھے کہ ہر گوشۂ بساط
دامانِ باغبان و کفِ گلفروش ہے؛

لطفِ خرامِ ساقی و ذوقِ صدای چنگ
یہ جنتِ نگاہ، وہ فردوسِ گوش ہے

یا صبحدم جو دیکھئے آ کر، تو بزم میں
نے وہ سرور وُسور، نہ جوش وخروش ھے:
داغِ فراقِ صحبتِ شب کی جلی ھوئی
اک شمع رہ گئی ھے، سو وہ بھی خموش ھے

۱۲٤

آ، کہ مری جان کو قرار نہیں ھے!
طاقتِ بیدادِ انتظار نہیں ھے!
دیتے ھیں جنت، حیاتِ دھر کے بدلے:
نشّہ باندازۂ خمار نہیں ھے
گریہ نکالے ھے تری بزم سے مجکو
ھائے، کہ رونے پہ اختیار نہیں ھے!
قتل کا میرے، کیا ھے عھد تو، بارے
وائے! اگر عھد استوار نہیں ھے
تو نے قسم میکشی کی کھائی ھے، غالب؟
تیری قسم کا کچھ اعتبار نہیں ھے

۱۳۵

ھجومِ غم سے، یاں تک سرنگونی مجکو حاصل ہے
کہ تارِ دامن و تارِ نظر میں فرق مشکل ہے

۱۳۶

ہوں سراپا سازِ آہنگِ شکایت، کچھ نہ پوچھ
ہے یہی بہتر کہ لوگوں میں نہ چھیڑے تو مجھے

۱۳۷

جس بزم میں، تو ناز سے گفتار میں آوے
جاں، کالبدِ صورتِ دیوار میں آوے

سایہ کی طرح، ساتھ پھریں سرو و صنوبر
تو، اس قدِ دلکش سے، جو گلزار میں آوے

اُس چشمِ فسونگر کا اگر پائے اشارہ
طوطی کی طرح، آئنہ گفتار میں آوے

مرجاؤں نہ کیوں رشک سے؟ جب وہ تنِ نازک
آغوشِ خمِ حلقۂ زنار میں آوے

تب چاکِ گریباں کا مزا ہے، دلِ نالاں!
جب اک نفس اُلجھا ہوا ہر تار میں آوے

حسنِ مہ گرچہ، بہ ہنگامِ کمال، اچھا ہے
اُس سے میرا مہِ خرشید جمال اچھا ہے

بوسہ دیتے نہیں اور دل پہ ہے ہر لحظہ نگاہ:
جی میں کہتے ہیں کہ «مفت آئے، تو مال اچھا ہے»

اور بازار سے لے آئے، اگر ٹوٹ گیا:
ساغرِ جم سے مرا جامِ سفال اچھا ہے

اُنکے دیکھے سے، جو آ جاتی ہے منہ پر رونق
وہ سمجھتے ہیں کہ بیمار کا حال اچھا ہے!

ہم کو معلوم ہے جنت کی حقیقت؛ لیکن
دلکے خوش رکھنے کو، غالب، یہ خیال اچھا ہے

۱۳۹

نہوئی گر مرے مرنے سے تسلی ، نہ سہی
امتحاں اور بھی باقی ہو ، تو یہ بھی نہ سہی

مَی پرستاں ! خمِ مَی منہ سے لگائے ھی بنے
ایك دن گر نہ ھوا بزم میں ساقی ، نہ سہی

۱٤۰

عجب نشاط سے ، جلاد کے ، چلے ھیں ہم ، آگے
کہ اپنے سایہ سے ، سر ، پانو سے ھے دو قدم آگے !

قضا نے تھا مجھے چاھا خرابِ بادۂ الفت
فقط خراب لکھا ، بس نہ چل سکا قلم آگے

خدا کیواسطے ! داد اس جنونِ شوق کی دینا
کہ اُسکے در پہ پہنچتے ھیں نامہ بر سے ہم آگے

قسم جنازہ پہ آنے کی میرے کھاتے ھیں ، غالب
ھمیشہ کھاتے تھے جو میری جان کی قسم ، آگے !

۱٤۱

شکوہ کے نام سے، بیمہر خفا ہوتا ہے
یہ بھی مت کہہ؛ کہ جو کہیے، تو گلا ہوتا ہے

پُرہوں میں شکوہ سے یوں، راگ سے جیسے باجا
اک ذرا چھیڑئیے، پھر دیکھئیے، کیا ہوتا ہے؟

کیوں نہ ٹھہریں ہدفِ ناوکِ بیداد؛ کہ ہم
آپ اُٹھا لاتے ہیں، گر تیر خطا ہوتا ہے؟

خوب تھا، پہلے سے ہوتے جو ہم اپنے بدخواہ؛
کہ بھلا چاہتے ہیں اور برا ہوتا ہے

نالہ جاتا تھا پرے عرش سے میرا، اور اب
لب تک آتا ہے، جو ایسا ہی رسا ہوتا ہے

۱٤۲

ہر ایک بات پہ کہتے ہو تم کہ «تو کیا ہے؟»
تمہیں کہو کہ یہ اندازِ گفتگو کیا ہے

نہ شعلہ میں یہ کرشمہ ، نہ برق میں یہ ادا
کوئی بتاؤ کہ وہ شوخِ تندخو کیا ہے ؟

چپک رہا ہے ، بدن پر لہو سے ، پیراہن
ہمارے جیب کو، اب حاجتِ رفو کیا ہے؟

جلا ہے جسم جہاں ، دل بھی جل گیا ہوگا
کریدتے ہو جو اب راکھ ، جستجو کیا ہے؟

رگوں میں دوڑتے پھرنے کے ہم نہیں قایل
جب آنکھ سے ھی نہ ٹپکا، تو پھر لہو کیا ہے!

وہ چیز، جس کیلئے ہم کو ہو بہشت عزیز
سوای بادۂ گلفامِ مشکبو ، کیا ہے ؟

پیوں شراب ، اگر خم بھی دیکھ لوں دو چار
یہ شیشہ و قدح و کوزہ و سبو کیا ہے ؟

رہی نہ طاقتِ گفتار ، اور اگر ہو بھی
تو کس امید پہ کہیے کہ آرزو کیا ہے ؟

۱۴۳

مین اُنھیں چھیڑوں اور کچھ نہ کہیں !
چل نکلتے ، جو مے پئے ہوتے

قہر ہو ، یا بلا ہو : جو کچھ ہو
کاشکے ! تم مرے لئے ہوتے !

میری قسمت میں ، غم گر اتنا تھا
دل بھی ، یا رب کئی دئے ہوتے !

آ ہی جاتا وہ راہ پر ، غالب
کوئی دن اور بھی جئے ہوتے !

۱۴۴

خط لکھیں گے ، گرچہ مطلب کچھ نہ ہو
ہم تو عاشق ہیں ، تمھارے نام کے

عشق نے ، غالب ، نِکَمّا کر دیا ؛
ورنہ ، ہم بھی آدمی تھے کام کے

١٤٥

پھر اس انداز سے بہار آئی
کہ ہوے مہر و مہ تماشائی

دیکھو، اے ساکنانِ خطۂ خاک!
اسکو کہتے ہیں عالم آرائی:

کہ زمیں ہو گئی ہے، سرتاسر
روکشِ سطحِ چرخِ مینائی

سبزہ کو جب کہیں جگہ نہ ملی
بن گیا روی آب پر کائی

١٤٦

تغافل دوست ہوں، میرا دماغِ عجز عالی ہے
اگر پہلوتہی کیجے، تو جا میری بھی خالی ہے

رہا آباد عالم، اہلِ ہمت کے نہ ہونے سے
بھرے ہیں جسقدر جام و سبو، میخانہ خالی ہے

خلشِ غمزۂ خونریز نہ پوچھ
دیکھ خونابہ فشانی میری!
کیا بیاں کر کے مرا، روئیں گے یار؟
مگر آشفتہ بیانی میری
متقابل ہے، مقابل میرا
رک گیا، دیکھ روانی میری
دَہن اُس کا جو نہ معلوم ہوا
کُھل گئی ہیچمدانی میری

از بسکہ، سکھاتا ہے غم ضبط کے اندازے
جو داغ نظر آیا، اک چشم نمائی ہے

١٤٩

اچھا ہے سرانگشتِ حنائی کا تصور
دل میں نظر آتی تو ہے، اک بوند لہو کی!

چاہئے اچھوں کو ، جتنا چاہئے
یہ اگر چاہیں ، تو پھر کیا چاہئے !

چاہنے کو تیرے کیا سمجھا تھا دل ؟
بارے ، اب اس سے بھی سمجھا چاہئے

دوستی کا پردہ ہے ، بیگانگی
منہ چھپانا ہم سے چھوڑا چاہئے

دشمنی نے میری کھویا غیر کو
کسقدر دشمن ہے ، دیکھا چاہئے !

منحصر مرنے پہ ہو جس کی امید
ناامیدی اُس کی دیکھا چاہئے

ہر قدم ، دوریٔ منزل ہے نمایاں مجھ سے
میری رفتار سے بھاگے ہے ، بیاباں مجھ سے

وحشتِ آتشِ دل سے، شبِ تنہائی میں
صورتِ دود، رہا سایہ گریزاں مجھ سے

شوقِ دیدار میں، گر تو مجھے گردن مارے
ہو نگہ، مثلِ گلِ شمع، پریشاں مجھ سے

بیکسیہای شبِ ہجر کی وحشت، ہے، ہے!!
سایہ، خرشیدِ قیامت میں ہے پنہاں مجھ سے

۱۵۲

نکتہ چیں ہے؛ غمِ دل اُس کو سنائے نہ بنے
کیا بنے بات، جہاں بات بنائے نہ بنے؟

میں بلاتا تو ہوں اُس کو، مگر اے جذبۂ دل!
اُس پہ بنجائے کچھ ایسی کہ بن آئے نہ بنے

کھیل سمجھا ہے؛ کہیں چھوڑ ندے، بھول نجائے:
کاش! یوں بھی ہو کہ بن میرے ستائے نہ بنے

غیر پھرتا ہے، لیے یوں ترے خط کو، کہ اگر
کوئی پوچھے کہ یہ کیا ہے، تو چھپائے نہ بنے

اس نزاکت کا برا ہو! وہ بھلے ہیں تو کیا؟
ہاتھ آویں، تو اُنہیں ہاتھ لگائے نہ بنے

کہہ سکے کون کہ یہ جلوہ گری کس کی ہے؟
پردہ چھوڑا ہے وہ، اُس نے، کہ اُٹھائے نہ بنے

چاک کی خواہش، اگر وحشت بعریانی کرے
صبح کی مانند، زخمِ دل گریبانی کرے

خطِ عارض سے لکھا ہے، زلف کو الفت نے، عہد
یکقلم منظور ہے، جو کچھ پریشانی کرے

وہ آکے خواب میں، تسکینِ اضطراب تو دے؛
ولے مجھے، تپشِ دل مجالِ خواب تو دے

کرے ہے قتل، لگاوٹ میں تیرا رو دینا!
تری طرح، کوئی تیغِ نگہ کو آب تو دے!

دکھا کے جنبشِ لب ھی ، تمام کر ھم کو
نہ دے جو بوسہ، تو مُنہ سے کہیں جواب تو دے

پلادے اوک سے ، ساقی، جو ھم سے نفرت ہے:
پیالہ گر نہیں دیتا ، نہ دے ، شراب تو دے!

تپش سے میری ، وقفِ کشمکش ھر تارِ بستر ھے
مرا سر رنجِ بالیں ھے ، مرا تن بارِ بستر ھے

سرشکِ سر بصحرا دادہ ، نور العینِ دامن ھے
دلِ بیدست و پا افتادہ ، برخوردارِ بستر ھے

خوشا اقبالِ رنجوری ! عیادت کو تم آئے ہو:
فروغِ شمعِ بالیں ، طالعِ بیدارِ بستر ھے

بطوفانگاہِ جوشِ اضطرابِ شامِ تنہائی ،
شعاعِ آفتابِ صبحِ محشر ، تارِ بستر ھے

ابھی آتی ہے بو، بالش سے ، اُسکی زلفِ مشکیں کی
ھماری دید کو، خوابِ زلیخا عارِ بستر ہے!

کہوں کیا، دل کی کیا حالت ہے ہجرِ یار میں، غالب؟
کہ بیتابی سے، ہر اک تارِ بستر خارِ بستر ہے

سمجھ اس فصل میں کوتاہیء نشوونما، غالب
اگر گل، سرو کی قامت پہ، پیراھن نہ ہو جاوے

فریاد کی کوئی لے نہیں ہے:
نالہ پابندِ نے نہیں ہے

ہرچند، ہر ایک شے میں تو ہے؛
پر تجھ سے کوئی شے نہیں ہے

ہاں! کھائیو مت فریبِ ہستی:
ہرچند، کہیں کہ «ہے»، نہیں ہے

کیوں ردِّ قدح کرے ہے، زاھد؟
مے ہے: یہ مگس کی قے نہیں ہے

ہستی ہے، نہ کچھ عدم ہے، غالب
آخر تو کیا ہے؟ اے نہیں، ہے!

۱۵۸

نہ پوچھ نسخۂ مرہم، جراحتِ دل کا
کہ اُس میں ریزۂ آلماس جزوِ اعظم ہے

بہت دنوں میں، تغافل نے تیرے پیدا کی
وہ اک نگہ، کہ بظاہر نگاہ سے کم ہے

۱۵۹

ہم رشک کو اپنے بھی گوارا نہیں کرتے:
مرتے ہیں؛ ولے اُن کی تمنا نہیں کرتے

۱۶۰

کیوں نہو چشمِ بتاں محوِ تغافل، کیوں نہو؟
یعنی اس بیمار کو نظارہ سے پرہیز ہے

مرتے مرتے، دیکھنے کی آرزو رہجائیگی
وائے ناکامی! کہ اُس کافر کا خنجر تیز ہے

۱۶۱

دیا ہے دل اگر اُس کو، بشر ہے، کیا کہیے؟
ہوا رقیب، تو ہو، نامہ بر ہے، کیا کہیے؟

یہ ضد کہ آج نہ آوے اور آئے بن نہ رہے
قضا سے شکوہ ہمیں کسقدر ہے، کیا کہیے؟

زہے کرشمہ! کہ یوں دے رکھا ہے ہم کو فریب
کہ بن کہے بھی اُنھیں سب خبر ہے، کیا کہیے؟

سمجھ کے کرتے ہیں، بازار میں وہ، پرسشِ حال
کہ یہ کہے کہ، سرِ رہ‌گزر ہے، کیا کہیے؟،

اُنھیں سوال پہ زعمِ جنوں ہے، کیوں لڑیے؟
ہمیں جواب سے قطعِ نظر ہے، کیا کہیے؟

۱۶۲

دیکھ کر در پردہ گرمِ دامن افشانی مجھے،
کر گئی وابستۂ تن، میری عریانی مجھے

کیوں نہو بے التفاتی ؟ اُس کی خاطر جمع ہے
جانتا ہے محوِ پرسشہای پنہانی مجھے !

میرے غمخانے کی قسمت جب رقم ہونے لگی
لکھدیا منجملۂ اسبابِ ویرانی مجھے !

وعدہ آنے کا وفا کیجے ؛ یہ کیا انداز ہے ؟
تم نے کیوں سونپی ہے، میرے گھر کی دربانی، مجھے ؟

۱۶۳

یاد ہے، شادی میں بھی ہنگامۂ «یا رب»، مجھے
سُبحۂ زاہد ہوا ہے ، خندہ زیرِ لب مجھے

۱٦٤

قد و گیسو میں قیس و کوہ کن کی آزمایش ہے
جہاں ہم ہیں ، وہاں دار و رسن کی آزمایش ہے

کریں گے کوہ کن کے حوصلے کا امتحاں آخر
ہنوز، اُس خستہ کے نیروی تن کی آزمایش ہے

وہ آیا بزم میں؛ دیکھو، نہ کہیو پھر کہ "غافل تھے"
شکیب و صبرِ اہلِ انجمن کی آزمایش ہے

رگ و پے میں جب اُترے زہرِ غم، تب دیکھیے کیا ہو
ابھی تو تلخیء کام و دہن کی آزمایش ہے

کبھی، نیکی بھی اُس کے جی میں گر آجائے ہے، مجھ سے
جفائیں کر کے اپنی یاد، شرما جائے ہے مجھ سے

خدایا! جذبۂ دل کی مگر تاثیر اُلٹی ہے؛
کہ جتنا کھینچتا ہوں اور کھچتا جائے ہے مجھ سے؟

تکلف بر طرف! نظارگی میں بھی سہی؛ لیکن
وہ دیکھا جائے، کب یہ ظلم دیکھا جائے ہے مجھ سے؟

قیامت ہے کہ ہووے مدعی کا ہم سفر، غالب!
وہ کافر، جو خدا کو بھی نہ سونپا جائے ہے مجھ سے!

۱٦٦

لاغر اتنا ہوں کہ گر تو بزم میں جا دے مجھے
میرا ذمہ ، دیکھکر گر کوئی بتلا دے مجھے

یاں تلک میری گرفتاری سے وہ خوش ہے کہ میں
زلف گر بنجاؤں ، تو شانے میں اُلجھا دے مجھے

۱٦۷

بازیچۂ اطفال ہے دنیا ، مرے آگے!
ہوتا ہے شب و روز تماشا ، مرے آگے!

اک کھیل ہے اورنگِ سلیماں ، مرے نزدیک؛
اک بات ہے اعجازِ مسیحا ، مرے آگے!

جز نام ، نہیں صورتِ عالم مجھے منظور!
جز وہم ، نہیں ہستیء اشیا ، مرے آگے!

ہوتا ہے نہاں گرد میں صحرا ، مرے ہوتے
گھستا ہے جبیں خاک پہ دریا ، مرے آگے!

مت پوچھ کہ کیا حال ہے میرا ترے پیچھے
تو دیکھ کہ کیا رنگ ہے تیرا مرے آگے!

ایماں مجھے روکے ہے، تو کھینچے ہے مجھے کفر:
کعبہ مرے پیچھے ہے، کلیسا مرے آگے!

عاشق ہوں، پہ معشوق فریبی ہے مرا کام
مجنوں کو برا کہتی ہے لیلا، مرے آگے

خوش ہوتے ہیں، پر وصل میں یوں مر نہیں جاتے!
آئی شبِ ہجراں کی تمنا، مرے آگے

ہے موجزن ایک قلزمِ خوں؛ کاش! یہی ہو
آتا ہے ابھی، دیکھیے، کیا کیا، مرے آگے؟

گو ہاتھ کو جنبش نہیں، آنکھوں میں تو دم ہے
رہنے دو ابھی ساغر و مینا مرے آگے!

۱۶۸

کہوں جو حال، تو کہتے ہو، "مدعا کہیے"،
تمھیں کہو کہ جو تم یوں کہو تو کیا کہیے؟

نہ کہیو طعن سے پھر تم کہ « ہم ستمگر ہیں »
مجھے تو خو ہے کہ جو کچھ کہو « بجا کہیے »

نہیں ذریعۂ راحت ، جراحتِ پیکاں
وہ زخمِ تیغ ہے ، جس کو کہ دلکشا کہیے

جو مدعی بنے ، اُس کے نہ مدعی بنیے
جو ناسزا کہے ، اُس کو نہ ناسزا کہیے

کہیں ، حقیقتِ جانکاہیٔ مرض لکھیے
کہیں ، مصیبتِ ناسازیٔ دوا کہیے

کبھی ، شکایتِ رنجِ گراں نشیں کیجے
کبھی ، حکایتِ صبرِ گریزپا کہیے

رہے نہ جان ، تو قاتل کو خوں بہا دیجے
کٹے زبان ، تو خنجر کو « مرحبا » کہیے

نہیں نگار کو الفت ؛ نہو ، نگار تو ہے :
روانیٔ روش و مستیٔ ادا کہیے

نہیں بہار کو فرصت ؛ نہو، بہار تو ہے :
طراوتِ چمن و خوبیء ہوا کہیے

سفینہ جب کہ کنارے پہ آ لگا، غالب
خدا سے، کیا ستم و جورِ ناخدا کہیے ؟

رونے سے، اور عشق میں بیباک ہو گئے
دھوئے گئے ہم اتنے کہ بس پاک ہو گئے !

صرفِ بہای مے ہوے، آلاتِ میکشی
تھے یہ ھی دو حساب، سو یوں پاک ہو گئے

کرنے گئے تھے اُس سے تغافل کا، ہم، گلا
کی ایک ھی نگاہ کہ بس خاک ہو گئے !

عرضِ نازِ شوخیء دنداں، برای خندہ ھے
دعوی جمعیتِ احباب، جای خندہ ھے

شورشِ باطن کے ھیں احباب منکر؛ ورنہ یاں
دل محیطِ گریہ و لب آشنای خندہ ھے

جبتک دھانِ زخم نہ پیدا کرے کوئی
مشکل کہ تجھسے راہِ سخن وا کرے کوئی

افسردگی، نہیں طرب انشای التفات
ھاں! درد بنکے، دل میں مگر جا کرے کوئی

چاکِ جگر سے، جب رہِ پرسش نہ وا ھوئی
کیا فایدہ کہ جیب کو رسوا کرے کوئی؟

ناکامیء نگاہ، ھے برقِ نظارہ سوز
تو وہ نہیں کہ تجکو تماشا کرے کوئی

سر بر ھوئی نہ وعدۂ صبر آزما سے، عمر
فرصت کہاں کہ تیری تمنا کرے کوئی؟

بیکاریء جنوں کو ھے سر پیٹنے کا شُغل
جب ھاتھ ٹوٹ جائیں، تو پھر کیا کرے کوئی

۱۷۲

ابنِ مریم ہوا کرے کوئی
میرے دکھ کی دوا کرے کوئی

شرع و آئین پر مدار سہی
ایسے قاتل کا کیا کرے کوئی؟

چال جیسے کڑی کمان کا تیر
دل میں ایسے کے جا کرے کوئی!

بات پر واں زبان کٹتی ہے
وہ کہیں اور سنا کرے کوئی

بک رہا ہوں جنوں میں کیا کیا کچھ
کچھ نہ سمجھے، خدا کرے! کوئی

کیا کیا خضر نے سکندر سے!
اب کسے رہنما کرے کوئی؟

۱۷۳

تمھاری طرز و روش ، جانتے ھیں ھم ، کیا ھے ؟
رقیب پر ھے اگر لطف ، تو ستم کیا ھے ؟

سخن میں خامۂ غالب کی آتش افشانی
یقیں ھے ھم کو بھی، لیکن اب اُس میں دم کیا ھے

۱۷٤

باغ ، پا کر خفقانی ، یہ ڈراتا ھے مجھے:
سایۂ شاخِ گل ، افعی نظر آتا ھے مجھے

زندگی میں تو وہ محفل سے اُٹھا دیتے تھے
دیکھوں، اب مر گئے پر، کون اٹھاتا ھے مجھے؟

۱۷۵

بھو کے نہیں ھیں سیرِ گلستاں کے ھم ؛ و لے
کیوں کر نہ کھائیے ، کہ ھوا ھے بہار کی ؟

۱۷٦

ہزاروں خواہشیں ایسی کہ ہر خواہش پہ دم نکلے!
بہت نکلے مرے ارمان، لیکن پھر بھی کم نکلے!

ڈرے کیوں میرا قاتل؟ کیا رہیگا اُسکی گردن پر
وہ خوں، جو چشمِ تر سے، عمر بھر یوں دمبدم نکلے؟

نکلنا خلد سے آدم کا سنتے آئے ہیں؛ لیکن
بہت بے آبرو ہو کر، ترے کوچے سے ہم نکلے!

بھرم کھل جائے، ظالم، تیرے قامت کی درازی کا
اگر اس طرۂ پرپیچ و خم کا پیچ و خم نکلے

مگر لکھوائے کوئی اُس کو خط، تو ہم سے لکھوائے
ہوئی صبح اور گھر سے، کان پر رکھ کر قلم، نکلے

ہوئی، اس دور میں، منسوب مجھ سے بادہ آشامی
پھر آیا وہ زمانہ، جو جہاں میں جامِ جم نکلے

ہوئی جن سے توقع خستگی کی داد پانے کی
وہ ہم سے بھی زیادہ خستۂ تیغِ ستم نکلے

محبت میں، نہیں ہے فرق جینے اور مرنے کا
اُسی کو دیکھ کر جیتے ہیں، جس کافر پہ دم نکلے!

کہاں میخانہ کا دروازہ، غالب، اور کہاں واعظ!
پر اتنا جانتے ہیں، کل وہ جاتا تھا کہ ہم نکلے

۱۷۷

جز زخمِ تیغِ ناز، نہیں دل میں آرزو
جیبِ خیال بھی ترے ہاتھوں سے چاک ہے

۱۷۸

لبِ عیسیٰ کی جنبش کرتی ہے گہوارہ جنبانی
قیامت، کشتۂ لعلِ بتاں کا خوابِ سنگیں، ہے!

۱۷۹

آمدِ سیلابِ طوفانِ صدای آب ہے
نقشِ پا جو، کان میں رکھتا ہے انگلی، جادہ سے

ھوں میں بھی تماشائیء نیرنگِ تمنا
مطلب نہیں کچھ اس سے کہ مطلب ھی بر آوے

۱۸۱

سیاھی جیسے گر جاوے دمِ تحریر کاغذ پر
مری قسمت میں، یوں تصویر ھے شبہای ھجراں کی

۱۸۲

دل و دیں نقد لا، ساقی سے گر سودا کیا چاھے
کہ اس بازار میں، ساغر متاع دست گرداں ھے

غم، آغوشِ بلا میں پرورش دیتا ھے عاشق کو
چراغِ روشن اپنا، قلزمِ صرصر کا مرجاں ھے

۱۸۳

دل مدعی و دیدہ بنا مدعیٰ علیہ
نظارہ کا مقدمہ، پھر، روبکار ھے

پچ آپڑی ہے وعدۂ دلدار کی، مجھے
وہ آئے یا نہ آئے، پہ یاں انتظار ہے

غفلت کفیلِ عمر و اسد ضامنِ نشاط
اے مرگِ ناگہاں، تجھے کیا انتظار ہے؟

۱۸٤

آئینہ کیوں ندوں کہ تماشا کہیں جسے؟
ایسا کہاں سے لاؤں کہ تجسا کہیں جسے؟

غالب، برا نمان، جو واعظ برا کہے
ایسا بھی کوئی ہے کہ سب اچھا کہیں جسے؟

۱۸۵

شعلے سے نہوتی، ہوسِ شعلہ نے جو کی
جی، کسقدر افسردگیٔ دل پہ جلا ہے؟

اے پرتوِ خرشیدِ جہانتاب، ادھر بھی!
سایہ کی طرح، ہم پہ عجب وقت پڑا ہے!

نا کردہ گناہوں کی بھی حسرت کی ملے داد
یا رب، اگر ان کردہ گناہوں کی سزا ہے!

اک خوں چکاں کفن میں کڑوڑوں بناؤ ہیں
پڑتی ہے آنکھ، تیرے شہیدوں پہ، حور کی

واعظ، نہ تم پیو، نہ کسی کو پلا سکو
کیا بات ہے تمہاری شرابِ طہور کی!

گو واں نہیں، پہ واں کے نکالے ہوے تو ہیں
کعبہ سے، ان بتوں کو بھی نسبت ہے دور کی

کیا فرض ہے کہ سب کو ملے ایک سا جواب؟
آؤ نہ، ہم بھی سیر کریں کوہِ طور کی!

غم کھانے میں بودا، دلِ ناکام، بہت ہے
یہ رنج، کہ کم ہے مۓ گلفام، بہت ہے

کہتے ہوئے ساقی سے حیا آتی ہے ؛ ورنہ
ہے یوں کہ مجھے دُردِ تہِ جام بہت ہے

زمزم ہی پہ چھوڑو؛ مجھے کیا طوفِ حرم سے؟
آلودہ بہ مے، جامۂ احرام، بہت ہے

ہوگا کوئی ایسا بھی کہ غالب کو نجانے؟
شاعر تو وہ اچھا ہے، پہ بدنام بہت ہے

۱۸۸

مدت ہوئی ہے، یار کو مہماں کیے ہوئے
جوشِ قدح سے، بزم چراغاں کیے ہوئے

کرتا ہوں جمع، پھر، جگرِ لخت لخت کو
عرصہ ہوا ہے، دعوتِ مژگاں کیے ہوئے

مانگے ہے، پھر، کسی کو لبِ بام پر، ہوس
زلفِ سیاہ رخ پہ پریشاں کیے ہوئے

چاہے ہے، پھر، کسی کو مقابل میں، آرزو
سرمہ سے، تیز دَشنۂ مژگاں کیے ہوئے

اک نو بہارِ ناز کو تاکے ہے، پھر، نگاہ
چہرہ، فروغِ مے سے، گلستاں کیے ہوئے

پھر، جی میں ہے کہ در پہ کسی کے پڑے رہیں
سر زیرِ بارِ منتِ درباں کیے ہوئے

غالب، ہمیں نچھیڑ؛ کہ پھر، جوشِ اشک سے،
بیٹھے ہیں ہم، تہیۂ طوفاں کیے ہوئے

نویدِ امن ہے، بیدادِ دوست، جاں کیلیے!
رہی نہ طرزِ ستم کوئی، آسماں کیلیے

بلا سے، گر مژۂ یار تشنۂ خوں ہے!
رکھوں کچھ اپنی بھی مژگانِ خوں فشاں کیلیے

وہ زندہ ہم ہیں کہ ہیں روشناسِ خلق، اے خضر!
نہ تم، کہ چور بنے عمرِ جاوداں کیلیے

مثال یہ مری کوشش کی ہے: کہ مرغِ اسیر
کرے قفس میں فراہم خس، آشیاں کیلیے

گدا سمجھ کے ، وہ چپ تھا ؛ مری جو شامت آئے
اُٹھا اور اُٹھ کے قدم ، میں نے ، پاسباں کے ، لیے

ادای خاص سے ، غالب ہوا ہے نکتہ سرا
صلای عام ہے ، یارانِ نکتہ داں کیلئے

قصائد

سازِیک ذرہ نہیں ، فیضِ چمن سے ، بیکار
سایۂ لالۂ بیداغ ، سویدای بہار

سبز ہے ، جامِ زمرد کیطرح ، داغِ پلنگ
تازہ ہے ، ریشۂ نارنج صفت ، روی شرار

کاٹ کر پھینکیے ناخن ، تو باندازِ ہلال
قوتِ نامیہ اُسکو بھی نچھوڑے بیکار

لعل سی ، کی ہے ، پیء زمزمۂ مدحتِ شاہ
طوطیء سبزۂ کہسار نے پیدا منقار

وہ شہنشاہ ، کہ جسکی ، پیء تعمیرِ سرا
چشمِ جبریل ، ہوئی قالبِ خشتِ دیوار

فلک العرش ، ہجومِ خمِ دوشِ مزدور
رشتۂ فیضِ ازل ، سازِ طنابِ معمار

واں کی خاشاک سے حاصل ہو جسے یک پرِ کاہ
وہ رہے مِروَحۂ بالِ پری سے بیزار

۲

دھر جز جلوۂ یکتائیء معشوق نہیں
ھم کہاں ھوتے ، اگر حسن نہوتا خود بیں؟

بیدلیہای تماشا ! کہ نہ عبرت ھے ، نہ ذوق
بیکسیہای تمنا ! کہ نہ دنیا ھے ، نہ دیں

ہرزہ ھے ، نغمۂ زیر و بم ِ ھستی و عدم
لغو ھے ، آئنۂ فرق ِ جنون و تمکیں

مثل ِ مضمون ِ وفا ، باد بدست ِ تسلیم !
صورت ِ نقش ِ قدم ، خاك بفرق ِ تمکیں !

کس نے دیکھا نفس ِ اھل ِ وفا آتش خیز؟
کس نے پایا اثر ِ نالۂ دلھای حزیں ؟

سامع ِ زمزمۂ اھل ِ جہاں ھوں ؛ لیکن
نہ سر و برگ ِ ستایش ، نہ دماغ ِ نفریں

۲

ھاں ، مہِ نو ، سنیں ہم اُسکا نام
جس کو تو، جھک کے، کر رہا ہے سلام

دو دن آیا ہے تو نظر دمِ صبح
یہی انداز اور یہی اندام

بارے ، دو دن کہاں رہا غایب ؟
بندہ عاجز ہے ، گردشِ ایام

اُڑ کے جاتا کہاں ؟ کہ تاروں کا
آسماں نے بچھا رکھا تھا ، دام

مرحبا ! اے سرورِ خاصِ خواص
حَبَّذا ! اے نشاطِ عامِ عوام

عذر میں ، تین دن نہ آنے کے
لیکے آیا ہے عید کا پیغام

ایک میں کیا ، کہ سب نے جان لیا
تیرا آغاز اور ترا انجام

جانتا ہوں کہ آج دنیا میں
ایک ہی ہے امیدگاہِ آنام

میں نے مانا کہ تو ہے حلقہ‌بگوش
غالب اُسکا مگر نہیں ہے غلام؟

جانتا ہوں کہ جانتا ہے تو
تب کہا ہے بطرزِ استفہام

مہرِ تاباں کو ہو، تو ہو، اے ماہ
قربِ ہر روزہ بر سبیلِ دوام

تجکو کیا پایہ روشناسی کا
جز بتقریبِ عیدِ ماہِ صیام؟

جانتا ہوں کہ اُسکے فیض سے تو
پھر بنا چاہتا ہے ماہِ تمام

ماہ بن، ماھتاب بن، میں کون؟
مجکو کیا بانٹ دیگا تو انعام؟

میرا اپنا جدا معاملہ ہے
اور کے لین دین سے کیا کام ؟

ہے مجھے آرزوی بخششِ خاص
گر تجھے ہے امیدِ رحمتِ عام

جو کہ بخشے گا تجھ کو فرّ فروغ
کیا نہ دیگا مجھے میء گلفام ؟

ق

جب کہ چودہ منازلِ فلکی
کر چکے قطع ، تیری تیزیء گام

تیرے پرتو سے ہوں فروغ پزیر
کوی و مُشکوی و صحن و منظر و بام

دیکھنا میرے ھاتھ میں ، لبریز
اپنی صورت کا اك بلوریں جام

پھر غزل کی روش پہ چل نکلا
توسنِ طبع چاہتا تھا لگام

غزل

زہرِ غم کر چکا تھا میرا کام
تجکو کس نے کہا کہ ہو بدنام؟

مے ھی، پھر، کیوں نہ میں پیے جاؤں
غم سے جب ہو گئی ہو زیست حرام؟

بوسہ کیسا؟ یہی غنیمت ہے
کہ نہ سمجھیں وہ لذتِ دشنام

چھیڑتا ہوں کہ اُن کو غصہ آئے
کیوں رکھوں، ورنہ، غالب اپنا نام؟

کہ چکا میں تو سب کچھ، اب تو کہ
اے پریچہرہ پیکِ تیز خرام

کون ہے؟ جس کے در پہ ناصیہ سا
ھیں مہ و مہر و زہرہ و بہرام

تو نہیں جانتا، تو مجھ سے سن
نامِ شاھنشہِ بلند مقام

قبلۂ چشم و دل بہادر شاہ
مظہرِ ذو الجلالِ و الاکرام

شہسوارِ طریقۂ انصاف
نوبہارِ حدیقۂ اسلام

جسکا ہر فعل ، صورتِ اعجاز
جسکا ہر قول ، معنیٔ الہام

بزم میں ، میزبانِ قیصر و جم
رزم میں ، اوستادِ رستم و سام

اے ترا لطف زندگی افزا !
اے ترا عہد فرخی فرجام

چشمِ بد دور ! خسروانہ شکوہ
لوحش اللہ ! عارفانہ کلام

جاں نثاروں میں تیرے ، قیصرِ روم
جرعہ خواروں میں تیرے ، مرشدِ جام

ق

مرحبا ! موشگافیء ناوک

آفریں ! آبداریء صمصام

تیر کو تیرے ، تیرِ غیر ہدف

تیغ کو تیری ، تیغِ خصم نیام

ق

رعد کا کر رہی ہے کیا دم بند ؟

برق کو دے رہا ہے کیا الزام ؟

تیرے فیلِ گراں جسد کی صدا

تیرے رخشِ سبک عناں کا خرام

ق

فنِ صورتگری میں تیرا گرز

گر نہ رکھتا ہو دستگاہِ تمام

اُس کے مضروب کے سروتن سے

کیوں نمایاں ہو صورتِ ادغام ؟

جب ازل میں رقم پزیر ہوے

صفحہ‌ہای لیالی و ایام

اور اُن اوراق میں ، بہ کلکِ قضا
مجملًا مندرج ہوئے ، احکام
تیری توقیعِ سلطنت کو بھی
دی ، بدستور ، صورتِ ارقام
کاتبِ حکم نے ، بموجبِ حکم
اُس رقم کو دیا طرازِ دوام
ہے ازل سے روائیِ آغاز
ہو ابد تک رسائیِ انجام!

٤

صبحدم ، دروازۂ خاور کھلا
مہرِ عالمتاب کا منظر کھلا
خسروِ انجم کے آیا صرف میں
شب کو تھا ، گنجینۂ گوہر ، کھلا
وہ بھی تھی اک سیمیا کی سی نمود
صبح کو رازِ مہ و اختر کھلا

ہیں کواکب کچھ، نظر آتے ہیں کچھ
دیتے ہیں دھوکا، یہ بازیگر، کھلا

سطحِ گردوں پر پڑا تھا رات کو
موتیوں کا، ہر طرف، زیور کھلا

صبح آیا جانبِ مشرق نظر
اک نگارِ آتشیں رخ، سر کھلا

تھی نظربندی؛ کیا جب ردِّ سحر
بادۂ گلرنگ کا ساغر کھلا

لا کے ساقی نے، صبوحی کیلیے
رکھدیا ہے، ایک جامِ زر کھلا

بزمِ سلطانی ہوئی آراستہ
کعبۂ امن و اماں کا در کھلا

تاجِ زریں، مہرِ تاباں سے سوا
خسروِ آفاق کے مُنہ پر کھلا

شاہِ روشن دل، بہادر شہ، کہ ہے
رازِ ہستی، اُس پہ سرتاسر کھلا

وہ کہ جس کی صورتِ تکوین میں
مقصدِ نہ چرخ و ہفت اختر کھلا

وہ کہ جس کے ناخنِ تاویل سے
عقدۂ احکامِ پیغمبر کھلا

مجھ پہ، فیضِ تربیت سے شاہ کے
منصبِ مہر و مہ و مِحور کھلا

لاکھ عقدے دل میں تھے؛ لیکن ہر ایک
میری حدِ وسع سے باہر کھلا

تھا دلِ وابستہ قفلِ بے کلید
کسنے کھولا؟ کب کھلا؟ کیونکر کھلا؟

باغِ معنی کی، دکھا دوں گا، بہار
مجھ سے، گر شاہِ سخن گستر، کھلا

ہو جہاں گرمِ غزلخوانی نَفس
لوگ جانیں طبلۂ عنبر کھلا

غزل

کنج میں بیٹھا رہوں یوں پر کھلا ؟
کاشکے ! ہوتا قفس کا در کھلا

ہم پکاریں اور کھلے ؛ یوں کون جائے
یار کا دروازہ پاویں گر کھلا ؟

مفت کا، کس کو برا ہے، بَدرَقہ
رہروی میں پردۂ رہبر کھلا

سوزِ دل کا کیا کرے بارانِ اشک ؟
آگ بھڑکی، مینہ اگر دم بھر کھلا

نامہ کیساتھہ آ گیا پیغامِ مرگ
رہ گیا خط، میری چھاتی پر، کھلا

دیکھیو، غالب سے گر اُلجھا کوئی
ہے ولی پوشیدہ اور کافر، کھلا

پھر ہوا مدحت طرازی کا خیال
پھر مہ و خُرشید کا دفتر کھلا

خامہ سے پائی طبیعت نے مدد
بادباں بھی، اُٹھتے ہی لنگر، کھلا

مدح سے ممدوح کی دیکھی شکوہ
یاں عرض سے رتبۂ جوہر کھلا

مہر کانپا، چرخ چکر کھا گیا
بادشہ کا رایتِ لشکر کھلا

بادشہ کا نام لیتا ہے خطیب
اب عُلوِ پایۂ منبر کھلا

سکۂ شہ کا، ہوا ہے، روشناس
اب عیارِ آبروی زر کھلا

ملک کے وارث کو دیکھا خلق نے
اب فریبِ طُغرلِ و سنجر کھلا

جانتا هوں ، هے خطِ لوحِ ازل
تم پہ ، اے خاقانِ نام آور ، کھلا
تم کرو صاحبقرانی ، جب تلک
هے طلسمِ روز و شب کا در کھلا !!

مثنوی در صفت انبه

هاں ، دلِ دردمند ِ زمزمه‌ساز
کیوں نه کھولے درِ خزینۂ راز ؟
خامه کا صفحه پر رواں هونا
شاخِ گل کا هے گلفشاں هونا
مجھ سے کیا پوچھتا هے ، «کیا لکھیے ؟»
نکته‌هاے خرد فزا لکھیے
بارے ، آموں کا کچھ بیاں هو جائے
خامه ، نخلِ رُطب فشاں هو جائے
آم کا کون مردِ میداں هے ؟
ثمر و شاخ ، گوی و چوگاں هے

تاک کے جی میں کیوں رہے ارماں؟
آئے؛ یہ گوی اور یہ میداں!

آم کے آگے پیش جاوے خاک!
پھوڑتا ہے جلے پھپولے، تاک

نہ چلا جب کسی طرح مقدور
بادۂ ناب بن گیا، انگور

یہ بھی ناچار جی کا کھونا ہے
شرم سے پانی پانی ہونا ہے

مجھ سے پوچھو؛ تمھیں خبر کیا ہے؟
آم کے آگے نیشکر کیا ہے!

نہ گل اُس میں، نہ شاخ و برگ، نہ بار
جب خزاں آئے، تب ہو اُس کی بہار

اور دوڑائیے قیاس کہاں؟
جانِ شیریں میں یہ مٹھاس کہاں؟

جان میں ہوتی گر یہ شیرینی
کوھکن ، باوجودِ غمگینی

جان دینے میں اُس کو یکتا جان ،
پر وہ یوں سہل دے نہ سکتا جان

نظر آتا ھے یوں مجھے یہ ثمر
کہ دواخانۂ ازل میں مگر

آتشِ گل پہ قند کا ھے قوام
شیرہ کے تار کا ھے ریشہ نام

یا یہ ھوگا کہ فرطِ رافت سے
باغبانوں نے باغِ جنت سے

انگبیں کے ، بحکمِ ربُّ النّاس
بھر کے بھیجے ھیں ، سر بمہر گلاس

یا لگا کر خِضَر نے شاخِ نبات
مدتوں تک دیا ھے آبِ حیات

تب ہوا ہے ثمر فشاں یہ نخل
ہم کہاں، ورنہ، اور کہاں یہ نخل!

تھا ترنجِ زر ایک خسرو پاس
رنگ کا زرد، پر کہاں بوباس؟

آم کو دیکھتا، اگر اک بار
پھینک دیتا طلای دست افشار

رونقِ کارگاہِ برگ و نوا
نازشِ دودمانِ آب و ہوا

رہروِ راہِ خلد کا توشہ
طوبیٰ و سدرہ کا جگرگوشہ

صاحبِ شاخ و برگ و بار ہے، آم
ناز پروردۂ بہار ہے، آم

خاص وہ آم، جو نہ ارزاں ہو
نوبرِ نخلِ باغِ سلطاں ہو

وہ کہ ہے والیٔ ولایتِ عہد
عدل سے اُس کے ہے حمایتِ عہد

فخرِ دیں، عزِ شان و جاہِ جلال
زینتِ طینت و جمالِ کمال

کارفرمای دین و دولت و بخت
چہرہ آرای تاج و مسند و تخت

سایہ اُس کا ہُما کا سایہ ہے
خلق پر وہ خدا کا سایہ ہے

اے مفیضِ وجودِ سایہ و نور!
جبتلک ہے نمودِ سایہ و نور

اس خداوندِ بندہ پرور کو
وارثِ گنج و تخت و افسر کو

شاد و دلشاد و شادماں رکھیو!
اور غالب پہ مہرباں رکھیو!

قطعات

اے شہنشاہِ فلک منظر، بے مثل و نظیر
اے جہاندارِ کرم شیوہ، بے شبہ و عدیل

پانو سے تیرے ملے فرقِ ارادت، اورنگ
فرق سے تیرے کرے کسبِ سعادت، اِکلیل

تیرا اندازِ سخن، شانۂ زلفِ الہام
تیری رفتارِ قلم، جنبشِ بالِ جبریل

تجھ سے، عالم پہ کھلا رابطۂ قربِ کلیم
تجھ سے، دنیا میں بچھا مایدۂ بذلِ خلیل

بسخن، اوج دہِ مرتبۂ معنی و لفظ
بکرم، داغ نہِ ناصیۂ قلزم و نیل

تا ترے وقت میں ہو عیش و طرب کی توفیر
تا ترے عہد میں ہو رنج و الم کی تقلیل

ماہ نے چھوڑ دیا، ثور سے جانا باہر
زہرہ نے ترک کیا، حوت سے کرنا تحویل

تیری دانش، مری اصلاحِ مفاسد کی رہین
تیری بخشش، مرے انجاحِ مقاصد کی کفیل

تیرا اقبالِ ترحم، مرے جینے کی نوید
تیرا اندازِ تغافل، مرے مرنے کی دلیل

بختِ ناساز نے چاہا کہ نہ دے مجکو اماں
چرخِ کجباز نے تاکا کہ کرے مجکو ذلیل

پیچھے ڈالی ھے سرِ رشتۂ اوقات میں گانٹھ
پہلے ٹھونکی ھے بنِ ناخنِ تدبیر میں کیل

تپشِ دل، نہیں بے رابطۂ خوفِ عظیم
کششِ دم، نہیں بے ضابطۂ جرِّ ثقیل

دُرِ معنی سے مرا صفحہ، لقا کی داڑھی
غمِ گیتی سے مرا سینہ، «اَمَر» کی زنبیل

فکر میری، گہراندوزِ اشاراتِ کثیر
کلک میری، رقم آموزِ عباراتِ قلیل

میرے ابہام پہ ہوتی ہے تصدق ، توضیح
میرے اجمال سے کرتی ہے تراوش ، تفصیل

نیک ہوتی مری حالت ، تو نہ دیتا تکلیف
جمع ہوتی مری خاطر، تو نہ کرتا تعجیل

قبلۂ کون و مکاں ، خستہ نوازی میں یہ دیر!
کعبۂ امن و اماں ، عقدہ کشائی میں یہ ڈھیل!

گئے وہ دن ، کہ نادانستہ غیروں کی وفاداری
کیا کرتے تھے تم تقریر، ہم خاموش رہتے تھے

بس اب بگڑے پہ کیا شرمندگی؟ جانے دو، ملجاؤ
قسم لو ہم سے، گر یہ بھی کہیں: «کیوں ہم نہ کہتے تھے؟»

نہ پوچھ اس کی حقیقت ، حضورِ والا نے
مجھے جو بھیجی ہے بیسن کی روغنی روٹی

نہ کھاتے گیہوں، نکلتے نہ خلد سے باہر
جو کھاتے حضرتِ آدم یہ بیسنی روٹی

٤

قسمت بری سہی، پہ طبیعت بری نہیں
ہے شکر کی جگہ، کہ شکایت نہیں مجھے
صادق ہوں اپنے قول میں، غالب، خدا گواہ!
کہتا ہوں سچ؛ کہ جھوٹ کی عادت نہیں مجھے

٥

افطارِ صوم کی کچھ، اگر، دستگاہ ہو
اُس شخص کو ضرور ہے، روزہ رکھا کرے
جس پاس، روزہ کھول کے کھانے کو کچھ نہ ہو
روزہ اگر نکھائے، تو ناچار کیا کرے

٦

گرچہ از روی ننگِ بے ہنری
ہوں خود اپنی نظر میں اتنا خوار

کہ گر اپنے کو میں کہوں خاکی
جانتا ہوں کہ آئے خاک کو عار

شاد ہوں، لیکن، اپنے جی میں، کہ ہوں
بادشہ کا غلامِ کار گزار

خانہ زاد اور مرید اور مداح
تھا ہمیشہ سے یہ عریضہ نگار

بارے، نوکر بھی ہو گیا، صد شکر!
نسبتیں ہو گئیں مُشَخَّص چار

میری تنخواہ جو مقرر ہے
اُس کے ملنے کا ہے عجب ہنجار

رسم ہے، مردہ کی چھماہی ایک
خلق کا ہے اسی چلن پہ مدار

مجکو دیکھو کہ ہوں بقیدِ حیات
اور چھماہی ہو سال میں دوبار

بسکہ لیتا ہوں ہر مہینے قرض
اور رہتی ہے سود کی تکرار
میری تنخواہ میں ، تہائی کا
ہو گیا ہے شریک ، ساہوکار
میری تنخواہ کیجے ماہ بماہ
تا نہو مجکو زندگی دشوار
ختم کرتا ہوں اب دعا پہ کلام
شاعری سے نہیں مجھے سروکار
تم سلامت رہو ہزار برس !
ہر برس کے ہوں دن پچاس ہزار !

۷

سیہ گلیم ہوں ؛ لازم ہے میرا نام نہ لے
جہاں میں جو کوئی فتح و ظفر کا طالب ہے
ہوا نہ غلبہ میسر کبھی کسی پہ ، مجھے
کہ جو شریک ہو میرا ، شریکِ غالب ہے

رُباعیّات

شب زلف و رخِ عرق فشاں کا غم تھا
کیا شرح کروں؟ کہ طرفہ تر عالم تھا
رویا میں ہزار آنکھ سے صبح تلک
ہر قطرۂ اشک، دیدۂ پرنم تھا

۲

ہے خلقِ حسد قماش لڑنے کیلیے
وحشت کدۂ تلاش لڑنے کیلیے
یعنی: ہر بار صورتِ کاغذِ باد
ملتے ہیں یہ بدمعاش لڑنے کیلیے

بھیجی ہے جو مجکو شاہِ جمجاہ نے دال
ہے لطف و عنایتِ شہنشاہ پہ دال
یہ شاہ پسند دال، بے بحث و جدال
ہے دولت و دین و دانش و داد کی دال

۴

کہتے ہیں کہ « اب وہ مردم آزار نہیں
عشاق کی پرسش سے اُسے عار نہیں »

جو ہاتھ کہ ظلم سے اُٹھایا ہوگا،
کیوں کر مانوں کہ اُس میں تلوار نہیں ؟

۵

ہم گرچہ بنے سلام کرنیوالے
کرتے ہیں درنگ ، کام کرنیوالے

کہتے ہیں : « کہیں خدا سے » ، اللہ ، اللہ !
وہ آپ ہیں صبح و شام کرنیوالے

تمام شد

شرحِ غالب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

غزلیات

(اس حصے میں اشعار کے حوالے کے لیے جو ہندسے استعمال کیے گئے ہیں، اون میں پہلے سے صفحہ اور دوسرے سے شعر مراد ہے)

[۵ : ۴] اشارہ بمقامی کہ دوست، بعد از خرابیء بصرہ، مستفسر احوال شدہ باشد (پنج آہنگ : ۴۱). «احوال» کے متعلق قدر بلگرامی کو لکھتے ہیں : «حال» کی جگہ «حالات» یا «احوال» لکھنا قبیح نہیں ہے، خصوصاً «احوال» کہ یہ بمعنیء واحد مستعمل ہے اور یہ استعمال یہانتك پہنچا ہے کہ «احوال» بمعنیء جمع مستعمل نہیں ہوتا؛ جیسے، «حور» کہ بمعنی «حوراء» کے، اہل فارس اس کو صیغۂ واحد قرار دیکر، الف نون کیساتھ اس کی جمع لاتے ہیں . . . . میں نے ایك مقطع میں، «حال» کی جگہ «احوال» لکھا ہے : جان غالب! تاب گفتاری گمان داری ہنوز، آہ (خطوط : ۱، ۱۸۱).

[۷ : ۳] لایق معاملۂ بیع و شرا، در صورتی کہ کاتب بایع و مشتری مکتوب الیہ باشد (پنج آہنگ : ۴۴).

[۸ : ۳] اظہار نسبت ارادت بروش استفہام (ایضاً : ۴۱).

[۸ : ۵] طلب تفقد بذریعۂ بخشایش بر طمع خام (ایضاً). آزردہ کے نام کے خط میں قدری تغیر کیساتھ، یہ شعر نقل کیا ہے. فرماتے ہیں : قبلۂ حاجات! اگر این بندۂ اندك شنو، بسیار گوی، زود گستاخ، دیر پشیمان را حق بندگی نیست، از کجا کہ برین بی‌بضاعتی نتوان بخشود؟ گیرم وفا ندارد اثر، آہ (ایضاً : ۱۲۳).

[۹ : ۱] نازش بر نسبت تعارف، اگرچہ دوست غمخوار نباشد (ایضاً : ۴۱).

[۱۲ : ۵] طاعت میں، تا، رہے نہ مے و انگبیں کی لاگ

دوزخ میں ڈال دو، کوئی لیکر بہشت کو (انتخاب : ۲۳۶).

[۱۷ : ۴] بیان ناسودمندیء کوشش در بارۂ حصول مطلب (پنج آہنگ : ۴۵ و نیز ۲۴۰).

[۲۱ : ۵] ذریعۂ این اندوہ، کہ اگر ملامت بجاست، قطع نظر از تحسین ہنر چراست (ایضاً : ۴۱).

۴۵].

[۲۳ : ۴] عذر گستاخی خواستن و قاعدہ ناشناسیء خود را شفیع جرات ساختن (ایضاً :

[۲۴ : ۱] بیان کلفت ناسازیء بخت و اندوہ پیش نیامدن دولت (ایضاً : ۴۲).

[۲۶ : ۱] «گل رعنا» کے دیباچے میں فرماتے ہیں : «بر گوشۂ سماط لفظ، ریزہ چین و کاسہ لیس گزشتہ جادو بیانان، و بر طرف بساط معنی، خواجہ تاش و ہم پیالۂ آنانم. چہ اگر دیگران را، از خزینۂ جود مبداء فیاض، لعل و گوہر بدامن فطرت میدھند، مرا نیز خرمہرۂ چند در جیب وکنار اندیشہ می نہند. نگویم، تازہ دارم، آہ» (پنج آہنگ : ۵۷).

[۲۷ : ٤] جور سے باز آئے، پر باز آئیں کیا؟

کہتے ہیں : «ہم تجھ کو منہ دکھلائیں کیا؟» (انتخاب : ۲۰۵).

کبھی، نیکی بھی اسکے جی میں، گر آجائے ہے مجھسے

جفائیں کرکے اپنی یاد، شرما جائے ہے مجھسے (ایضاً : ۲۷۷).

[۳۳ : ۵] شرح شدت بی برگ و نوائی بروش خاص (پنج آہنگ : ٤۵).

[۳٤ : ۲] مرزا تفتہ کو لکھتے ہیں : «سبحان اللہ! تم جانتے ہو کہ میں اب دو مصرعے موزوں کرنے پر قادر ہوں، جو مجھ سے مطلع مانگتے ہو. گمان زیست بود برمنت زبیدردی، آہ» (خطوط : ۱، ۹۱). انھیں کو دوسرے خط میں تحریر کیا ہے : «میرا عجب حال ہے. حیران ہوں کہ تمھیں میرا کلام کیوں باور نہیں آتا؟ گمان زیست بود، آہ. سامعہ مر گیا تھا، اب باصرہ بھی ضعیف ہو گیا. جتنی قوتیں انسان میں ہوتی ہیں، سب مضمحل ہیں. حواس سراسر مختل ہیں. حافظہ گویا کبھی نہ تھا. شعر کے فن سے گویا کبھی مناسبت نہ تھی» (ایضاً : ۹۶). علائی کے خطوں میں بھی یہ شعر استعمال کیا ہے (اردو : ٤۱٦ و ٤۲۹).

[۳٤ : ۳] اس غزل کے عنوان پر، میرزا صاحب نے اپنے قلم سے لکھا ہے : «عاشق ہونا معشوق کا» (انتخاب فارسی، مخطوط، ق : ۸ ب).

[۳٦ : ۲] ترحم دوست را نسبت بخویش از ساختگی گمان کردن (پنج آہنگ : ٤۲).

[۳۹ : ۲] یہ شعر میرزا صاحب نے آخر عمر میں اکثر خطوں کے اندر درج کیا ہے. سرور کو لکھتے ہیں : «کاش! وہ میری رنجوری کا حال کہتے، ضعف قوی و اضمحلال کہتے؛ تاکہ میں ان کے کلام کی تصدیق کرتا، ان کی غمخواری اور دردمند نوازی کا دم بھرتا. ہے، ہے! درکشاکش ضعفم نگسلد، آہ» (اردو : ۱٤۷ و عود : ٤۱). نواب انور الدولہ بہادر، شفق، کو تحریر فرماتے ہیں : «آپ کی پرسش کے کیوں نہ قربان جاؤں؟ کہ جبتک میرا مرنا نہ سنا، میری خبر نہ لی. میری مرگ کے مخبر کی تقریر اور، مثلہ، میری یہ تحریر، آدھی سچ اور آدھی جھوٹ. در صورت مرگ، نیم مردہ اور در حالت حیات، نیم زندہ ہوں. درکشاکش ضعفم، آہ» (ایضاً : ۲۹٦ و ایضاً : ۱۱۹). قدر بلگرامی کو لکھا ہے : «میں اب اچھا ہوں. برس دن صاحب فراش رہا ہوں. چھوٹے بڑے زخم بارہ اور ہر زخم خوں چکاں. ایک درجن پھاؤے لگے جاتے تھے. جسم میں جتنا لہو تھا، پیپ ہوکر نکل گیا. تھوڑا سا جو جگر میں باقی ہے، وہ کھا کر جیتا ہوں. کبھی کھاتا ہوں، کبھی پیتا ہوں. مرض کے آثار میں سے اب بھی یہ نشان موجود ہے کہ دونوں پاؤوں کی دو دو انگلیاں

ٹیڑھی ہو گئی ہیں ، معہذا متورم ہیں . جوتا نہیں پہنا جاتا . ضعف کا تو بیان ہو ہی نہیں سکتا ، مگر ہاں یہ میرا شعر : در کشاکش ضعفم ، آہ (خطوط : ۱ ، ۱۹۵) .

[۴۰ : ۳] خاطر دوست را ، بدورباش دوستانہ ، آزردن و بہ گستاخی و بیدردی کار از پیش بردن (پنج آہنگ : ۴۲) .

[۴۱ : ۳] سزاوار مقامی کہ دوست پاسخ نامہ نگاشتہ باشد وجواب اصل مدعا فروگزاشتہ باشد (ایضاً : ۴۳) .

[۴۱ : ۵] پردہ‌کشائیٔ راز افلاس بانداز عاشقانہ (ایضاً : ۴۵) .

[۴۳ : ۵] دوست را ، نظر بہ بی التفاتی ، بہ بید تشبیہ دادن و ازان نیز ترق کردن (ایضاً : ۴۳) .

[۵۰ : ۳] « داشتن » بمعنی رکھنی کی ہی ، لیکن اہل زبان بمعنیٔ « بایستن » بھی استعمال کرتی ہیں ، ظہوری : گر اسیر زلف و کاکل گفتہ باشم خویش را

گفتہ باشم ؛ این قدر بر خویش پیچیدن نداشت

میری شعر میں پہلی مصرع کا « داشت » بمعنی رکھنی کی اور دوسری مصرع کا « داشت » بمعنیٔ « بایست » ہی .

مفہوم شعر یہ کہ دوست ایسا حیلہ ڈھونڈھتا تھا کہ اس کی ذریعی سی مجھ پر خفا ہو . چاہتا تھا کہ آزردہ ہو ، مگر سبب نہیں پاتا تھا . قضا را ، کچھ دنوں کی بعد ، رقیب سی معشوق کو ملال ہوا . میری جو شامت آئی ، میں نی دوست سی پوچھا کہ « رقیب نی کیا گناہ کیا ، جو راندۂ درگاہ ہوا ؟ » معشوق اسی گستاخی کو بہانۂ عتاب ٹھہرا کر ، آزردہ ہوگیا . اب شاعر افسوس کرتا ہی اور کہتا ہی : « ہای ! پرسیدن نداشت » . یعنی : پوچھنا نہ چاہیے تھا (اردو ۳۸۹ ، لاہوری ایڈیشن) .

[۵۱ : ۱] بیان تنعم دوست و بی برگیٔ خود و طلب تفقد (پنج آہنگ : ۴۳) .

[۵۵ : ۱] کلیات فارسی کی دیباچی میں یہ شعر لکھکر فرماتی ہیں : لای خم میخانۂ سرمدی نسبت ناچشیدگان سگالند کہ ہیچمدانی را این مایہ سیرابیٔ نطق از کجاست ؟ غافل کہ نم رشحۂ یك فیض است کہ سبزہ را دمیدن ، و نہال را سرکشیدن ، و میوہ را رسیدن ، و لب را زمزمہ آفریدن آموخت » (نولکشور ایڈیشن ، طبع اول : ٤) .

[۵۷ : ۲] بایستہ بمقامی کہ دوست اندوہ دوست را اندك ساختہ باشد (پنج آہنگ : ۴۳) .

[۵۷ : ۵] بیان بقیۂ کلفت و اندوہ و ملال بعد سپری شدن روزگاری دراز در غم و درد (ایضاً : ۴۵) .

[۵۸ : ۵] پیش آمدن کار مشکل بجای خطرناك (ایضاً : ۴۲) .

[۶۱ : ۵] بیان این معنی کہ اندك آسایش و فراغ خاطر و صفای وقت اگر میسر آید ، تن بزحمت جستجو نباید داد ، و بہ بند گرد آوردن مال نباید افتاد (ایضاً : ۴۳) .

[٦٤ : ٣] تعلیم تسلیم (پنج آهنگ : ٤٣).

[٦٦ : ٤] در آزردگیِ دوست خود را بعلاقهٔ تعلق تسلی دادن (ایضاً : ٤٦).

[٦٧ : ٥] شایستہ بمقامی کہ این کس ، بسبب طول زمان انتظار ، از معاودت قاصد مایوس شده باشد (ایضاً).

[٦٩ : ٣] سزاوار بحال کسی کہ از تنعم و تمول برآمده ، در تلاش معاش افتاده باشد (ایضاً).

[٧٠ : ٦] «نامۂ غالب» میں لکھتے ہیں : «اگر مجھ سے کوئی کہے کہ «غالب ، تیرا بھی مولد ہندوستان ہے» ، میری طرف سے جواب یہ ہے کہ «بندہ هندی مولد و پارسی زبان ہے. ہرچه از دستگهٔ پارس بہ یغما بردند ، آہ. زباندانیِ فارسی میری ازلی دستگاہ اور یہ عطیہ خاص من جانب اللہ ہے» (عود : ١٤٤).

[٧١ : ٣] اس شعر کے متعلق شاکر کو لکھتے ہیں : «فقیر ہمیشہ مورد اعتراضات رہا ہے. لیکن اکثر ایسا ہوا ہے کہ بعد دو چار دن کے ، معترض صاحب کا خط آیا ہے ، لغت و ترکیب معترض فیہ کی سند کے اشعار حضرت نے اس خط میں درج کیے ہیں. اللہ اللہ! جو کلکتے میں شور نشور اٹھا تھا. میرا شعر : جزوی از عالم و از همه عالم بیشم ، آہ ، خستۂ جراحتہای اعتراض ہوا ہے. منشای اعتراض یہ کہ عالم مفرد ہے ، اس کا ربط ہمہ کے ساتھ بحسب اجتهاد قتیل ممنوع ہے. قضا را ، اس زمانے میں شاہزادۂ کامران درانی کا سفیر گورمنٹ میں آیا تھا. کفایت خان اس کا نام تھا. اس تک یہ قصہ پہنچا. اس نے اساتذہ کے اشعار پانسات ایسے پڑھے ، جن میں «همه عالم و همه روز و همه جا» مرقوم تھا ، اور وہ اشعار «قاطع برہان» میں مندرج ہیں» (عود : ١٧٨ و ١٧٩).

[٧٢ : ٦] تسکین خاطر دوست ، باظهار قرب زمان هلاك خویش (پنج آهنگ : ٤٣).

[٧٤ : ٤] آغاز جواب مکتوب ، بشکر یادآوریِ محبوب (ایضاً).

[٧٥ : ٤] اختصار درد دل بہ وا نمودن یك مثال (ایضاً : ٤٤).

[٧٨ : ٣] تباهیِ خود را مقصود دوست دانستن و بدان شادمان بودن (ایضاً).

[٧٩ : ٢] از پاس ادب ستوه آمدن ورخصت شکوه طلبیدن (ایضاً : ٤٣).

[٨٠ : ٤] شعری کہ آغاز بیان شکایت بدان توان کرد (ایضاً : ٤٦).

[٨٢ : ٣] اظهار آماده بودن خویش بدعای بد ، یا تظلم و استغاثه (ایضاً).

[٨٢ : ٥] انکار ظهور اعانت و اقرار حصول مدعا محض بسابقۂ عنایت ازلی (ایضاً).

[٨٤ : ٥] در مقام این مثل کہ گوئی : «هنوز روز اول است» (ایضاً : ٤٥).

[٨٦ : ١] بیان شدت غم (ایضاً : ٤٤).

[٩٠ : ٦] طلب تفقد باظهار عزم آوارگیِ خویش (ایضاً : ٤٣).

[٩٢ : ٤] منشی غلام غوث خان بہادر بیخبر کو لکھا ہے : «قبلہ! میرا ایک شعر ہے : خود پیش خود کفیل گرفتاری منست ، آہ. یہ معاملہ میرا اور آپ کا ہے. خارج سے مسموع

ہوا ہے کہ میں نے جو اغلاط «برہان قاطع» کے نکال کر، ایک نسخۂ موسوم بہ «قاطع برہان» لکھا ہے اور ایک مجلد اوس کا آپ کو بھی بھیجدیا ہے، آپ اوس کی تردید میں کوئی رسالہ لکھہ رہے ہیں . اگرچہ باور نہیں آیا، لیکن عجب آیا» (اردو: ۲۸۵، نیز پنج آہنگ : ۲۳۶).

[۹۶ : ٤] «انگبین» شہد کو کہتے ہیں، اور «تبرزد» مصری کو کہتے ہیں . ان معنوں میں کہ یہ مانند قند اور بتاسوں کے جلد ٹوٹنے والی نہیں . جب تک اس کو تبر سے نہ توڑو، مدعا حاصل نہیں ہوتا . «بدر زدن» اگرچہ لغوی معنی اس کے ہیں باہر مارنا، یعنی : بدر، باہر اور زدن، مارنا؛ لیکن روزمرہ میں اس کا ترجمہ ہے : نکل جانا . اب جب یہ معلوم ہوگیا، تو یوں سمجھیے کہ معشوق کے ہونٹوں کو میٹھا کہتے ہیں اور قند اور مصری اور شہد سے نسبت دیتے ہیں . اور البتہ مکھی مٹھاس کی عاشق ہے . پس جو مکھی کہ مصری پر بیٹھی، وہ جب چاہے بے تکلف اوڑ جائے . اور جو مکھی کہ شہد پر بیٹھےگی، جب اوڑنے کا قصد کریگی، پروبال اوس کے شہد میں لپٹ جائینگے اور وہ مر کر رہجائےگی .

پس اب یہ کہتا ہے کہ میرے معشوق کے ہونٹ شیرینی میں میرے واسطے شہد ہوگئے اور رقیب کے واسطے مصری، یعنی : وہ چاٹ کر، لطف اوٹھا کر، صحیح و سالم چلا گیا، اور میں پھنس کر، وہیں مر کر، رہ گیا (اردو: ۳۹۰، لاہوری ایڈیشن) .

[۹۶ : ۵] یہ خیال ہے . یعنی : ایک گھر میں اوس کا محبوب بیٹھا ہوا ہے، اور اوس نے جان لیا ہے کہ کون ہے؛ مگر بطریق تجاہل بھولا بنکر پوچھتا ہے کہ «آیا، اس گھر میں ایسا کون ہے کہ مہر، یعنی : آفتاب، نے اپنی سانس کے ٹکڑے، فرط شوق سے، دروازے کے روزن پر پھینک دیے ہیں؟» آفتاب کے خطوط شعاعی کا روزنوں میں پڑنا اور ان خطوط شعاعی کا، یعنی : سورج کی کرن کا، بصورت سانس کے ٹکڑوں کے ہونا ظاہر ہے (ایضاً : ۳۹۱) .

[۹۶ : ٦] «خندۂ دندان نما» اوس ہنسی کو کہتے ہیں، جو تبسم سے بڑھکر ہو، اور اوس میں دانت ہنسنے والے کے دکھائی دیں . معشوق موتیوں کے حسن پر ہنسا، اور ہنستا کوئی اوس چیز پر ہے، جس کو اپنے نزدیک ذلیل سمجھہ لیتا ہے . حاصل معنی یہ : کہ میرا معشوق موتیوں کے حسن پر ہنسا . گویا، اوس نے یہ دعوی کیا کہ موتی اچھی چیز نہیں .

اب دعوی کے واسطے دلیل ضرور ہے . شاعر کہتا ہے کہ میرے معشوق کے دعوی پر دلیل بدیہی ہے . یعنی : ہنسنے میں اوس کے دانت نظر آئے؛ معلوم ہوا کہ وہ حسن، جو لوگ موتی میں گمان کرتے تھے، وہ لغو ہے؛ حسن یہ ہے کہ جو معشوق کے دانتوں میں ہے (ایضاً) .

[۹۶ : ۷] یہ گستاخانہ اپنے پروردگار سے کہتا ہے کہ جب اس عالم میں تو نے میری داد نہ دی، اور میری خواہشیں پوری نہ کیں، تو بس اب معلوم ہوا کہ میں لایق التفات کے نہ تھا . پس جب میں لایق توجہ کے نہیں، تو اب عالم عقبی میں میرے گناہوں کا مواخذہ کیا ضرور ہے؟ جب ہماری مطالب آپ نے ہم کو نہ دیے، تو ہماری معاصی کا بھی شمار نہ کیجیو . جانے

دیجو۔ ہم میں التفات کی ارزش نہیں (ایضاً : ۳۹۲) .
[۹۸ : ٦] باعث ترک صحبت را بحملا خاطر نشان ساختن و تفصیل آن را به بیان همدمان حواله کردن (پنج آهنگ : ٤٤) .
[۹۹ : ٦] اظهار وفای خویش نسبت بحاکم یا بدوست (ایضاً : ٤٣) .
[۱۰٦ : ۱] طلب تفقد بطریق تنزل (ایضاً : ٤٤) .
[۱۰٦ : ٥] بیان انتظار قاصد در امر مذبذب (ایضاً : ٤١) .
[۱۱۲ : ٦] اظهار حسن عقیدت بمقابلهٔ بی پروائی دوست (ایضاً : ٤٤) .
[۱۱۳ : ۱] وصف لکنت زبان (ایضاً : ٤٢) .
[۱۱۳ : ٥] خواهش حیات خود از جانب دوست از محبت نشمردن ، و آن را بر شدت بیدردی گمان بردن (ایضاً : ٤٢) .
[۱۱٦ : ٦] گزارش این معنی که وعدهٔ لطف در مستقبل چارهٔ ناکامی حال نمی تواند بود (ایضاً : ٤٣) .
[۱۲٦ : ۱] اس غزل کے بارے میں شیخ امام بخش ناسخ لکھنوی کو لکھا ھے: « غزلی که درین روزها بتازگی در روش تازه گفته ام ، بعد عذرخواهی تقصیر کوته قلمی ، بر حاشیهٔ مکتوب می‌نگارم ، و چشم آن دارم که داغ محرومی قبول نه بینند ، و از دیده بدل جا گزیند » (ایضاً : ۱۱۳) .
[۱۳۸ : ۱] خواهش وصل و تقاضای عیش (ایضاً : ٤١) .
[۱٤٥ : ۳] استدعای عنایت به نهیب قطع محبت (ایضاً : ٤٤) .
[۱٤٩ : ٥] « مان » ، مع النون ، بمعنی « ما را » ، مستعمل اهل زبانست (حاشیهٔ آ : ق ۳٤ ب) . و در ب : « یعنی ما را » (ق ، ۱۱۱ ، الف) . و بهردو جا بخط خود غالب است .
[۱٥۰ : ۱] « مان » ، صیغهٔ امر از ماندن (ایضاً) . و در ب : « یعنی بگزار » (ق ، ۱۱۱ ب) . و بهردو جا بخط خود غالب .
[۱٥۳ : ٥] گزارش شدت رنج و غم بطریق ترق (پنج آهنگ : ٤٢) . اس غزل کے بارے میں امین الدوله کو لکھتے ھیں : « حالیا غزلی هم ازان اوراق نگاشته می شود ، تا از سوز درون نامه نگار خبر تواند داد » (ایضاً : ۱۸۲) .
[۱٥٦ : ٥] در موقع تعلیم صبر و شکیبائی (ایضاً : ٤٢ و ۱۲۲) .
[۱٦۰ : ۲] حوالهٔ مادهٔ شکایت بوجدان ضمیر مکتوب الیه (ایضاً : ٤٢) .
[۱٦٦ : ۷] « لیلی نکوه » ، بدگویندهٔ لیلی (حاشیهٔ آ : ق ، ۳۸ ب ، بخط غالب) .
[۱٦۷ : ۲] درخور بیان گلهٔ بدعهدی وگرانی پیشگی دوست (پنج آهنگ : ٤١) .

رباعیات

[۱۷۷: ۳ و ٤] مولوی سراج الدین احمـد کی نام کی خط میں فرماتی ھیں: « در سخن از پرورش یافتگان مبداء فیاضم، و سواد معنی را بفروغ گوهر خویش روشن کرده‌ام. از هیچ آفریده، حق آموزگاریم بگردن، و بار منت رهنمائیم بر دوش، نیست. غالب بگهر زدودهٔ زادشمم، آه » (ایضاً: ۱۵۵).

[۱۷۹: ٥ و ٦] اس رباعی کی متعلق حکیم مومن خان مرحوم کو لکھا ھی: « فروغ طالع گفتار، سلامت! دوش، اندیشهٔ دیوانگی پیشـه، با روشنان سپهر سرزنشی که به پرخاش انجامـد، آغاز کرد، و تیغ دودمهٔ چارمین مصرع این رباعی درمیانهٔ آن هفت فروزنده پیکر بنهاد. آنم که به پیمانهٔ من ساقی دهر، آه » (ایضاً: ۱۲۵).

[۱۸۱: ۳ و ٤] ذکا کو ایك مکتوب، مورخهٔ ٤ دسمبر سنه ۱۸٦٦ع، میں لکھا ھی: « هر شخص نی بقدر حال ایك ایك قدردان پایا. غالب سوخته اخترکو هنرکی داد بھی نه ملی.

کسم بخود نه پزیرفت و دهر بازم برد چو نامهٔ که بود نانوشـته عنوانش

یه شعر میرا ھی، ولیعـهد خسروی دهلی، میرزا فتح الملك بهادر مغفورکی قصیدی کا. اور دیکھو ایك رباعی میری: دستم بکلید مخزنی می‌بایست، آه » (اردو: ٤۲).

[۱۸۲: ۳ و ٤] دیباچهٔ سراج المعرفت، مصنفهٔ مفتی سید رحمت علیخان بهادر، عرف مفتی میر لال، میں میرزا صاحب نی لکھا ھی: « سچ بھی تو ھی، آدمی کیونکر سمجھ سکی، اور بطلان بدیهیات کی جواز پر اوس کو کیونکر تسـلی هو؟ یعنی اس مجموع موجودات کو، که افلاك و انجم و بحار و جبال اسی میں ھیں، نیست‌ونابود محض جان لی اور تمام عالم کو ایك وجود مان لی. ای کرده بآرایش گفتـار بسیچ، آه » (اردو: ۳٤۷، لاهوری ایڈیشن، نیز پنج آهنگ: ۲۲٦ وکلیات نثر فارسی: ۲٥۹).

[۱۸۲: ٥ و ٦] اس رباعی کی متعلق سرورکو لکھا هی: « میں پان سات برس سی بهرا هو گیا هوں. ایك رباعی چار قافیی کی اس مضمون خاص کی میں نی لکھی هی، برعایت صنعت ذوقافیتین. دارم دل شاد و دیدهٔ بینائی، آه » (عود: ۱۱).

غزلیات

[۱۹۰ : ۵] نہ پوچھہ بیخودی، عیش مقدم سیلاب کہ ناچتی ہیں پڑی سربسر، در و دیوار

[۱۹۲ : ۳] میرزا صاحب کی مکتوب بنام سرور کی اس حصی سی شعر کی مضمون پر روشنی پڑتی ہی : «بندہ پرورا! میرا کلام، کیا نظم، کیا نثر، کیا اردو، کیا فارسی، کبھی کسی عہد میں میری پاس فراہم نہیں ہوا۔ دوچار دوستوں کو اس کا التزام تھا، کہ وہ مسودات مجھہ سی لیکر جمع کرلیا کرتی تھی۔ سو اون کی لاکھوں روپی کی گھر لٹ گئی، جس میں ہزاروں روپی کی کتابخانی بھی گئی۔ اوس میں وہ «مجموعہای پریشان» بھی غارت ہوی» (عود : ۳۷).

[۱۹۲ : ۵] ملاحظہ ہو، ۱۹٤ : ۳ .

[۱۹۷ : ۲] یہی مضمون اس شعر میں نظم کیا ہی:

رنج نومیدی، جاوید گوارا رہیو! خوش ہوں، گر نالہ زبونی کش تاثیر نہیں

اس غزل کی متعلق میر کو لکھا ہی : «میرا کلام میری پاس کبھی کچھہ نہیں رہا۔ نواب ضیاء الدین خان اور نواب حسین مرزا جمع کر لیتی تھی۔ جو میں نی کہا، اونھوں نی لکھہ لیا۔ ان دونوں کی گھر لٹ گئی۔ ہزاروں روپی کی کتابخانی برباد ہوی۔ اب میں اپنی کلام کی دیکھنی کو ترستا ہوں۔

کئی دن ہوی کہ ایک فقیر، کہ وہ خوش آواز بھی ہی اور زمزمہ پرداز بھی ہی، ایک غزل میری کہیں سی لکھوا لایا۔ اوس نی وہ کاغذ جو مجکو دکھایا، یقین سمجھنا کہ مجکو رونا آیا» (اردو : ۲۵۹ و عود: ۱۰۸) .

[۱۹۹ : ۱] ملاحظہ ہو، ۲۳٦ : ۳ ، ۲۳۷ : ۷ ، ۲۹۱ : ۷ .

[۱۹۹ : ٦] یہی مضمون اس شعر میں بھی نظم ہوا ہی:

ہی کس قدر ہلاک فریب وفای گل! بلبل کی کاروبار پہ ہیں خندہای گل

[۲۰۰ : ۱] اسی مضمون کو قدری تغیر کیساتھہ باندھتی ہیں:

چارہ، ای دل وابستہ! بیتابی سی کیا حاصل؟ مگر، پھر، تاب زلف پرشکن کی آزمایش ہی؟

[۲۰۰ : ۵] ملاحظہ ہو، ۲۲۸ : ۵ .

[۲۰۲ : ۵] ملاحظہ ہو، ۲۳۵ : ۵ .

[۲۰٤ : ۷] فارسی میں بھی تقریباً یہی مضمون لکھا ہی:

غالب، نخورد چرخ فریب، ار ہزار بار گفتم: «بروزگار نخورد چو من بسیست»

[۲۰۵ : ۳] ملاحظہ ہو، ۲٦۳ : ۳ .

[۲۰۵ : ٤] اس غزل کی پانچ شعر «مہر» کو لکھکر، مطلع کی باری میں فرمایا ہی: «دیکھنا،

بھائی! اس غزل کا مطلع کیا ھی:

جور سی باز آئیں، پر باز آئیں کیا؟ کہتی ھیں: «ھم تجکو منہ دکھلائیں کیا؟»

(اردو: ۲٦٦ و عود: ۱۱۲، مگر پہلی مصرع کی الفاظ آ و ب می کسیقدر مختلف ھیں).

[۲۰٦ : ۲] «سرور» کو ایک خط میں لکھتی ھیں: «میں تو اب روز و شب اس فکر میں ھوں کہ زندگی تو یوں گزری، اب دیکھیی، موت کیسی ھو؟ عمر بھر دیکھا کیا مرنی کی راہ، آہ. میرا ھی شعر ھی اور میری ھی حسب حال ھی» (اردو: ۱۳۹ و عود: ۳۲).

[۲۰۸ : ۱] ملاحظہ ھو، ۲۱٦ : ٤.

[۲۱۲ : ۷] ملاحظہ ھو، ۲۱٦ : ٦.

[۲۱٦ : ۱] «میرزا تفتہ» کو لکھا ھی: «کیوں ترک لباس کرتی ھو؟ پہننی کو تمھاری پاس ھی کیا، جس کو اوتار کر پھینکوگی؟ ترک لباس سی قید ھستی مٹ نہ جائیگی. بغیر کھائی پیی گزارا نہوگا. سختی و سستی، رنج و آرام کو ھموار کردو. جس طرح ھو، اوسی صورت سی بہر صورت گزرنی دو: تاب لائی ھی بنیگی غالب، آہ» (اردو: ۱۰۸).

«علائی» کو تحریر کیا ھی: «بھائیوں سی پھر نہیں ملا. بازار میں نکلتی ھوئی ڈر لگتا ھی. جواھر خبردار، میرا سلام اخوین کو اور اون کا سلام مجکو پہنچا دیتا ھی. اسی کو غنیمت جانتا ھوں: تاب لائی ھی بنیگی غالب، آہ» (ایضاً: ۳۹۳).

[۲۱٦ : ٤] ملاحظہ ھو، ۲۰۸ : ۱.

[۲۱٦ : ٦] ملاحظہ ھو، ۲۱۲ : ۷.

[۲۲٤ : ۱] ملاحظہ ھو، ۲٤٤ : ٤.

[۲۲٤ : ۲] ملاحظہ ھو، ۲٦۹ : ۵.

[۲۲۵ : ۱] میرزا صاحب نی ایک خط میں «تفتہ» کو لکھا ھی: «یعنی: «اب جو دور مجھہ تک آیا ھی، تو میں ڈرتا ھوں»، یہ سارا جملہ مقدر ھی. میرا فارسی کا دیوان جو دیکھیگا، وہ جانیگا کہ جملی کی جملی مقدر چھوڑ جاتا ھوں. مگر «ھر سخن وقتی و ھر نکتہ مکانی دارد». یہ فرق البتہ وجدانی ھی، بیانی نہیں» (اردو: ۳٦۹، لاھوری ایڈیشن، ۱۹۳۷ع و خطوط: ۱، ۲۵).

[۲۲۷ : ۳] ملاحظہ ھو، ۲٦۹ : ٤.

[۲۲۷ : ٤] یہ شعر، قدری تغیر کیساتھہ، شاہ عالم صاحب مارھروی کی خط میں لکھا ھی. فرماتی ھیں: «حضرت صاحب عالم کی تمنای دیدار بقید مارھرہ کنایہ اس سی ھو کہ اور کسی کا بھی دیدار مطلوب ھو. خواھش وصل مقدر ھی، جو مذکور نہیں» (اردو: ۲۰۰).

[۲۲۸ : ۵] ملاحظہ ھو، ۲۰۰ : ۵.

[۲۳۱ : ۱] اس غزل کی متعلق منشی شیونراین کو اپریل سنہ ۱۸۵۹ع میں لکھا ھی: «ایک دوست کی پاس اردو کا دیوان چھاپی سی کچھہ زیادہ ھی. اوس نی کہیں کہیں سی مسودات

متفرق بہم پہنچالیے ہیں. چنانچہ وپنہاں ہوگئیں. ویراں ہوگئیں» یہ غزل مجکو اوسی سے ہات آگئی ہے، (اردو: ۳۶۸).

[۲۳۲ : ٤] «یعنی: اگر تیرا ملنا آسان نہیں، تو یہ امر مجھہ پر آسان ہے. خیر، تیرا ملنا آسان نہیں، نہ سہی. نہ ہم مل سکیں گے، نہ کوئی اور مل سکیگا. مشکل تو یہ ہے کہ وہی تیرا ملنا دشوار بھی نہیں. یعنی: جس سے تو چاہتا ہے، مل بھی سکتا ہے. ہجر کو تو ہم نے سہل سمجھہ لیا تھا، مگر رشك کو اپنے اوپر آسان نہیں کر سکتے» (عکس خط غالب، دیوان اردو، بدایوں ایڈیشن، ۱۹۲۳ع).

[۲۳٤ : ۱] ملاحظہ ہو، ۲٤۳ : ٤.

[۲۳٤ : ٦] اس غزل کے متعلق قاضی عبد الجمیل بریلوی کو لکھتے ہیں: «دل ہی تو ہے، آہ، ایك دوست کے پاس بقیۃ النہب والغارۃ کچھہ میرا کلام موجود ہے. اوس سے یہ غزل لکھوا کر بھیجدوں گا» (اردو: ۲۱۲). اس شعر کی شرح میں فرماتے ہیں: «مولویصاحب، کیا لطیف معنی ہیں! داد دینا. حسن عارض اور حسن ظن، دو صفتیں محبوب میں جمع ہیں. یعنی: صورت اچھی ہے اور گمان اوس کا صحیح ہے، کبھی خطا نہیں کرتا. اور یہ گمان اوس کو بہ نسبت اپنے ہے، کہ میرا مارا کبھی بچتا نہیں اور میرا تیر غمزہ خطا نہیں کرتا. پس جب اوس کو اپنے پر ایسا بھروسا ہے، تو رقیب کا امتحان کیوں کرے؟ اس حسن ظن نے رقیب کی شرم رکھہ لی؛ ورنہ یہاں معشوق نے مغالطہ کھایا تھا. رقیب عاشق صادق نہ تھا، ہوسناك آدمی تھا. اگر پای امتحان درمیان آتا، تو حقیقت کھل جاتی» (عکس خط غالب، دیوان اردو، بدایوں ایڈیشن، ۱۹۲۳ع).

[۲۳۵ : ۵] ملاحظہ ہو، ۲۰۲ : ۵.

[۲۳٦ : ۱] اس مضمون کو حسب ذیل بیت میں بھی باندھا ہے:

کیا زھد کو مانوں؟ کہ نہو گرچہ ریائی، پاداش عمل کی طمع خام بہت ہے

[۲۳٦ : ۲] ملاحظہ ہو، ۱۹۹ : ۱، ۲۳۷ : ۷، ۲۹۱ : ۷.

[۲۳٦ : ٤] ملاحظہ ہو، ۲٤۷ : ٤.

[۲۳۷ : ۷] ملاحظہ ہو، ۱۹۹ : ۱، ۲۳٦ : ۲، ۲۹۱ : ۷.

[۲۳۹ : ٤] علائی کو تحریر کیا ہے: «تمھاری دیکھنے کو دل بہت چاھتا ہے، اور دیکھنا تمھارا موقوف اس پر ہے کہ تم یہاں آؤ. کاش! اپنے والد ماجد کیساتھہ چلے آؤ اور مجکو دیکھہ جاؤ.... تم جانو، تم کو غیر سے جو رسم و راہ ہے، آہ» (اردو: ٤۳٦).

[۲٤۱ : ۱] مہر کو لکھتے ہیں: «پہلے تم سے یہ پوچھا جاتا ہے کہ برابر کئی خطوں میں تم کو غم و اندوہ کا شکوہ گزار پایا ہے. پس اگر کسی بیدرد پر دل آیا ہے، تو شکایت کی کیا گنجایش ہے؟ بلکہ یہ غم تو، نصیب دوستاں، در خور افزایش ہے. بقول غالب، علیہ الرحمہ:

کسی کو دیکے دل، کوئی نواسنج فغاں کیوں ہو؟
نہ ہو جب دل ہی پہلو میں، تو پھر منہ میں زباں کیوں ہو؟

ہی، ہی! حسن مطلع:

یہ فتنہ آدمی کی خانہ ویرانی کو کیا کم ہی!
ہوا تو دوست جس کا، دشمن اوس کا آسماں کیوں ہو؟

افسوس ہی کہ اس غزل کی اور اشعار یاد نہ آئی. اور اگر، خدا نخواستہ باشد، غم دنیا ہی، تو بھائی، ہماری ہمدرد ہو. ہم اس بوجھہ کو مردانہ اوٹھا رہی ہیں، تم بھی اوٹھاؤ، اگر مرد ہو. بقول غالب مرحوم:

دلا! یہ درد و الم بھی تو مغتنم ہی، کہ آخر
نہ گریۂ سحری ہی، نہ آہ نیم شبی ہی (اردو: ۲۶۸ وعود: ۱۱۰).

[۲۴۳: ٤] مہر کی نام کی خط میں ارشاد ہوتا ہی: «جناب مرزا صاحب! دلی کا حال تو یہ ہی: گھر میں تھا کیا جو ترا غم، آہ. یاں دھرا کیا ہی، جو کوئی لوٹی گا. وہ خبر محض غلط ہی» (ایضاً: ۲۷۰ وایضاً: ۱۳٤)، نیز ۲۳٤: ۱ ملاحظہ ہو.

[۲٤٤: ٤] ملاحظہ ہو، ۲۲٤: ۱.

[۲٤٦: ۲] ملاحظہ ہو، ۲۷۳: ۵.

[۲٤۷: ٤] ملاحظہ ہو، ۲۳٦: ٤.

[۲٤۹: ۷] اس کی ساتھہ یہ شعر بھی قابل ملاحظہ ہی:

غلط نہ تھا، ہمیں خط پر گماں تسلی کا نہ مانی دیدۂ دیدار جو، تو کیونکر ہو؟

[۲۵۰: ٤] میر مہدی کو لکھتی ہیں: «قرۃ العینین، میر مہدی و میر سرفراز حسین، مجھہ سی ناخوش اور گلہ مند ہوں گی اور کہتی ہونگی کہ دیکھو، ہمیں خط نہیں لکھتا.

ہم بھی منہ میں زبان رکھتی ہیں کاش! پوچھو کہ ماجرا کیا ہی

ماجرا یہ ہی کہ تمہارا بھی تو کوئی خط نہیں آیا، میں جس کا جواب لکھتا» (اردو: ۱٦۰).

[۲۵٤: ۲] ملاحظہ ہو، ۲۷٤: ٤.

[۲۵٤: ۵] اسی کا ہم مضمون یہ شعر ہی:

ہم نشیں! مت کہ کہ «برہم کر نہ بزم عیش دوست»
واں تو میری نالی کو بھی اعتبار نغمہ ہی

[۲۵٦: ۲] یہی مضمون اسطرح بھی نظم کیا ہی:

نظارہ کیا حریف ہو، اوس برق حسن کا، جوش بہار، جلوی کو جس کی نقاب ہی؟

[۲۵۷: ۱] اس میں کوئی اشکال نہیں. جو لفظ ہیں، وہی معنی ہیں. شاعر اپنا مقصود کیوں بتاؤ کہ میں کیا کروں گا؟ مبہم کہتا ہی کہ کچھہ کرونگا. خدا جانی، شہر میں یا نواح شہر میں تکیہ بنا کر، فقیر ہو کر، بیٹھہ رہی، یا دیس چھوڑ، پردیس چلا جائی (خطوط: ۱۲۷۰۱).

[۲۵۷ : ۲] نواب انور الدولہ بہادر، شفق، کو تحریر کیا ہے: «یہ دن مجھ پر بری گزرتی ہیں۔ گرمی میں میرا حال بعینہ وہ ہوتا ہے، جیسا زبان سے پانی پینے والے جانوروں کا، خصوصاً اس تموز میں کہ غم و ہم کا ہجوم ہے۔ آتش دوزخ میں یہ گرمی کہاں، آہ» (اردو: ۳۱۱).

[۲۵۷ : ۵] میر مہدی مجروح کو لکھتے ہیں: «وبا کو کیا پوچھتے ہو؟ قدر انداز قضا کے ترکش میں یہی ایک تیر باقی تھا۔ قتل ایسا عام، لوٹ ایسی سخت، کال ایسا پڑا، وبا کیوں نہو؟ لسان الغیب نے دس برس پہلے فرمایا ہے: ہو چکیں، غالب، بلائیں سب تمام، آہ. میاں، سنہ ۱۲۷۷ کی بات غلط نہ تھی۔ مگر میں نے وبای عام میں مرنا اپنے لایق نہ سمجھا۔ واقعی اس میں میری کسر شان تھی۔ بعد رفع فساد ہوا سمجھ لیا جائیگا» (اردو: ۱۸۶، و عود: ۹۰).

[۲۵۸ : ۲] میرزا صاحب نے یہ اشعار لطیف احمد بلگرامی کے نام کے خط میں لکھے ہیں. فرماتے ہیں: «فخر ایجاد و تکوین، مولانا فضل حق ایسا دوست مر جائے، غالب نیم مردہ نیم جان رہجائے! مرتے ہیں آرزو میں مرنے کی، آہ. آگے آتی تھی حال دل پہ ہنسی، آہ. اگر جوان ہوتا اور بیمار، تو آپ سے دعای خیریت چاہتا۔ اسی برس کا بڈھا ہونے آیا ہوں. دعای مغفرت کا امیدوار ہوں۔ شراب کمبخت اب بھی چھوٹتی نہیں۔ نماز کا اب بھی عادی ہوتا نہیں» (اردو: ٤۲۰، لاہوری اڈیشن).

[۲٦۳ : ۲] ملاحظہ ہو، ۲۰۵: ۳.

[۲٦٤ : ۲] میرزا صاحب نے نواب انور الدولہ بہادر، شفق، کے خط میں یہ شعر نقل کیا ہے. فرماتے ہیں: «پیر و مرشد! بارہ بجے تھے، میں، ننگا اپنے پلنگ پر لیٹا ہوا، حقہ پی رہا تھا کہ آدمی نے آکر خط دیا۔ میں نے کھولا، پڑھا۔ بھلے کو انگرکھا یا کرتا گلے میں نہ تھا۔ اگر ہوتا، تو میں گریبان پھاڑ ڈالتا۔ حضرت کا کیا جاتا؟ میرا نقصان ہوتا۔ مری سے سنیے. آپ کا قصیدہ بعد اصلاح بھیجا۔ اوسکی رسید آئی۔ کئی کئے ہوئے شعر اولٹے آئے۔ اون کی قباحت پوچھی گئی۔ قباحت بتائی گئی۔ الفاظ قبیح کی جگہ بے عیب الفاظ لکھدیے گئے. لو، صاحب، یہ اشعار بھی قصیدے میں لکھ لو۔ اس نگارش کا جواب آج تک نہیں آیا. شاہ اسرار الحق کے نام کا کاغذ اون کو دیا۔ جواب میں جو کچھ اونھوں نے زبانی فرمایا، وہ آپ کو لکھا گیا۔ حضرت کی طرف سے اس تحریر کا بھی جواب نہ ملا:

پر ہوں میں شکوے سے یوں، راگ سے جیسے باجا
اک ذرا چھیڑیے، پھر دیکھیے، کیا ہوتا ہے؟

سوچتا ہوں کہ دونوں خط بیرنگ گئے تھے۔ تلف ہونا کسی طرح متصور نہیں۔ خیر، اب بہت دن کے بعد شکوہ کیا لکھا جائے» (اردو: ۳۰۳ و عود: ٦۰).

اسی خیال کو میرزا صاحب نے حسب ذیل شعروں میں بھی ادا کیا ہے:

ہوں سراپا ساز آہنگ شکایت، کچھ نہ پوچھ
ہے یہی بہتر کہ لوگوں میں نہ چھیڑے تو مجھے

تم اپنے شکوے کی باتیں، نہ کھود کھود کے پوچھو
حذر کرو مرے دل سے، کہ اس میں آگ دبی ہے

[۲۶۶: ۶] ۲۱ ستمبر سنہ ۱۸۶۰ ع کو، مولوی احمد حسن قنوجی کے خط میں لکھتے ہیں: «یہ درویش گوشہ نشین تمھارا دوست اور تمھارا دعا گو ہے. تمھاری نثر کی طرز پسند، تمھاری خواہش مقبول، جناب حکیم سید احمد حسن صاحب کی خدمتگزاری منظور. عشق نے، آہ. ۶۵ برس کی عمر ہوئی. اضمحلال قوی، ضعف دماغ، فکر مرگ، غم عقبی. جو آپ مجھے دیکھہ گئے ہیں، میں اب وہ نہیں ہوں» (اردو: ۲۳۹).

میرزا تفتہ کے نام کے خط، مورخۂ ۲۷ نومبر سنہ ۱۸۶۲ ع، میں یہ شعر بتغیر نقل ہوا ہے. میرزا صاحب لکھتے ہیں: «بھائی! مجھہ میں کچھہ اب باقی نہیں ہے. برسات کی مصیبت گزر گئی، لیکن بڑھاپے کی شدت بڑھہ گئی. تمام دن پڑا رہتا ہوں، بیٹھہ نہیں سکتا. اکثر لیٹے لیٹے لکھتا ہوں. . . . . نواب صاحب کی دس پندرہ غزلیں پڑی ہوئی ہیں.

ضعف نے غالب نکما کر دیا   ورنہ ہم بھی آدمی تھے کام کے (اردو: ۹۹).

[۲۶۸: ۳] «تقابل و تضاد کو کون نہ جانیگا؟ نور و ظلمت، شادی و غم، راحت و رنج، و وجود و عدم. لفظ «مقابل» اس مصرع میں بمعنیء مرجع ہے؛ جیسے، حریف کہ بمعنیء دوست بھی مستعمل ہے. مفہوم شعر یہ کہ ہم اور دوست از روی خوی و عادت ضد همدگر ہیں. وہ میری طبع کی روانی دیکھہ کر رک گیا» (عود: ۱۵۸).

[۲۶۹: ۳] در پردہ انھیں غیر سے ہے ربط نہانی   ظاہر کا یہ پردہ ہے کہ پردہ نہیں کرتے

[۲۶۹: ٤] ملاحظہ ہو، ۲۲۷: ۳.

[۲۶۹: ۵] یوسف مرزا کو تحریر کیا ہے: «بھائی! میں پہلے ہی جانتا تھا کہ یہ املاک قتل ہوئی، اور وہ سوا لاکھہ روپیہ، جو علاوہ زر مقررہ ملا ہے، وہ دلی کی املاک کا خونبہا ہے. پرسوں ناظرجی کے نام کے سرنامے میں فرد فہرست مجموع املاک بھیج چکا ہوں. خیر، یہ وار بھی خالی گیا. مولانا غالب، علیہ الرحمہ، خوب فرماتے ہیں: منحصر مرنے پہ ہو، آہ» (اردو: ۳۴۷).

سرور کو لکھتے ہیں: «حضرت! سچ تو یوں ہے کہ غمہای روزگار نے مجکو گھیر لیا ہے. سانس نہیں لے سکتا، اتنا تنگ کر دیا ہے. ہر بات سے طرح سے خیال میں آئی، پر دل نے کسی طرح تسلی نپائی. اب دو باتیں سوچا ہوں: ایک تو یہ کہ جبتک جیتا ہوں، یونہی رویا کرونگا؛ دوسری یہ کہ آخر ایک نہ ایک دن مرونگا. یہ صغری و کبری دلنشین ہے. نتیجہ اس کا تسکین ہے. هیہات! منحصر مرنے پہ ہو، آہ» (ایضاً: ۱۴۷).

[۲۷۱ : ٦] اس کے ساتھہ یہ شعر بھی قابل ملاحظہ ہے :

نہیں معلوم ، کس کس کا لہو پانی ہوا ہوگا قیامت ہے، سرشک آلودہ ہونا تیری مژگاں کا

اس غزل کی شان نظم کے بارے میں میرزا صاحب لکھتے ہیں : « پچاس برس کی بات ہے کہ الٰہی بخش خاں مرحوم نے ایک زمین نئی نکالی ۔ میں نے حسب الحکم غزل لکھی ۔

بیت الغزل یہ : پلادے اوک سے ساقی ، آہ ، مقطع یہ :

اسد ، خوشی سے مرے ہاتھہ پانو پھول گئے کہا جو اوس نے : ‹ ذرا میری پانو داب تو دے ›

اب میں دیکھتا ہوں کہ مطلع اور چار شعر کسی نے لکھہ کر ، اس مقطع اور اوس بیت الغزل کو شامل اون اشعار کے کرکے ، غزل بنائی ہے اور اوس کو لوگ گاتے پھرتے ہیں ۔ مقطع اور ایک شعر میرا ، اور پانچ شعر کسی الو کے ۔ جب شاعر کی زندگی میں گانے والے شاعر کے کلام کو مسخ کر دیں ، تو کیا بعید ہے کہ دو شاعر متوفی کے کلام میں مطربوں نے خلط کردیا ہو » (اردو : ٤٤٢) .

[۲۷۳ : ٥] ملاحظہ ہو، ۲٤٦ : ۲ .

[۲۷٤ : ٤] ملاحظہ ہو، ۲٥٤ : ۲ .

[۲۷٦ : ۳] ملاحظہ ہو، ۲۸۸ : ۱ .

[۲۷۹ : ٥] ۷ فروری سنہ ۱۸٥۸ع کو مجروح کے خط میں فرماتے ہیں : « میرا حقیقی بھائی ، میرزا یوسف خاں دیوانہ ، بھی مرگیا ۔ کیسا پنسن ، اور کہاں اوس کا ملنا ؟ یہاں جان کے لالے پڑے ہیں ۔ ہے موجزن اک قلزم خوں ، آہ » (اردو : ١٥٦) .

[۲۷۹ : ۷] « کیا کہیے ، بھلا کہیے ، یہ زمین ایک بار یہاں طرح ہوئی تھی ۔ مگر بحر اور ہے تھی ۔ کہوں جو حال ، آہ » (اردو : ۲٦۸ و عود : ۱۱۱) .

[۲۸۰ : ۲] شاکر کے استفسار پر میرزا صاحب نے تحریر کیا ہے :

زخم نے داد نہ دی تنگیٔ دل کی ، یا رب ! تیر بھی سینۂ بسمل سے پر افشاں نکلا

یہ ایک بات میں نے اپنی طبیعت سے نئی نکالی ہے ، جیسا کہ اس شعر میں : نہیں ذریعۂ راحت ، آہ . یعنی : زخم تیر کی توہین ، بسبب ایک رخنہ ہونے کے ، اور تلوار کے زخم کی تحسین ، بسبب ایک طاق سا کھل جانے کے ۔ زخم نے داد نہ دی تنگیٔ دل کی ، یعنی زایل نہ کیا تنگی کو . پرافشاں ، بمعنی بیتاب ، اور یہ لفظ تیر کے مناسب ۔ حاصل یہ کہ تیر تنگیٔ دل کی داد کیا دیتا ؟ وہ تو خود ضیق مقام سے گھبرا کر ، پرافشاں اور سراسیمہ نکل گیا » (عود : ١٦١) .

[۲۸۲ : ٥] اس کے ساتھہ ملاحظہ ہو، ۲٥٦ : ۳ ، نیز یہ بیت :

نظارہ کیا حریف ہو ، اوس برق حسن کا ؟ جوش بہار ، جلوہ کو جس کے نقاب ہے

[۲۸٤ : ۱] اس غزل کے متعلق ۲۲ ستمبر سنہ ۱۸٦٥ ع کو علائی کو تحریر کیا ہے : « تم نے اشعار جدید مانگے ۔ خاطر تمھاری عزیز ۔ ایک مطلع ، صرف دو مصرعے ، آگے کے کہے ہوے یاد آگئے کہ وہ داخل دیوان بھی نہیں ۔ اون پر فکر کرکے ، ایک مطلع اور پانچ شعر لکھہ کر ، سات بیت کی ایک غزل تم کو بھیجتا ہوں ۔

بھائی! کیا کہوں کہ کس مصیبت می یہ چھ بیتیں ھاتھ آئی ھیں اور وہ بھی بلند رتبہ نہیں. . . . . لو، صاحب، تمھارا فرمان قضا توأمان بجا لایا. مگر اس غزل کا مسودہ میری پاس نہیں ھی. اگر باحتیاط رکھوگی اور اردو کی دیوان کی حاشیی پر چڑھا دوگی، تو اچھا کروگی» (اردو: ۳۹۳).

عرشی عرض کرتا ھی کہ اردوی معلی مین اس مطلع کی مصرعون میں تقدم و تاخر ھو. نیز چار شعر مطبوعہ دیوان می زاید ھیں.

[۲۸٤ : ۲] مرزا حاتم علی مہر کی نام کی خط میں، یہ مقطع اور مطلع ثانی

بہت سہی غم گیتی، شراب کم کیا ھی؟ غلام ساقیء کوثر ھوں، مجکو غم کیا ھی؟

لکھا ھی (ایضاً: ۲٤۸).

[۲۸۵ : ۱] علائی کی محولۂ سابق خط میں: «تاب لائی ھی بنیگی غالب،» کیساتھ یہ مطلع بھی لکھا ھی (اردو: ۳۹۳).

[۲۸۷ : ۵] یہی مضمون اس شعر میں بھی نظم کیا ھی:

دل و مژگاں کا جو مقدمہ تھا آج، پھر، اوس کی روبکاری ھی

[۲۸۸ : ۱] ملاحظہ ھو، ۲۷٦ : ۳.

[۲۸۸ : ۲] علائی کو لکھتی ھیں: «اپنا یہ مصرع بار بار پڑھتا ھوں:

ای مرگ ناگہاں، تجھی کیا انتظار ھی؟

مرگ اب ناگہانی کہاں رھی؟ اسباب و آثار سب فراھم ھیں. ھای! الھی بخش خان مغفور کا کیا مصرع ھی: آہ! جی جاؤں، نکل جائی اگر جان کہیں، آہ» (اردو: ٤۲۳).

تفتہ کو لکھا ھی: «میرا حال اس فن میں اب یہ ھی کہ شعر کہنی کی روش اور اگلی کہی ھوی اشعار، سب بھول گیا. مگر ھاں، اپنی ھندی کلام میں سی ڈیڑھ شعر، یعنی: ایک مقطع اور ایک مصرع، یاد رہ گیا ھی. سو گاہ، گاہ، جب دل اولٹنی لگتا ھی، تب دس پانچ بار یہ مقطع زبان پر آجاتا ھی:

زندگی اپنی جب اس شکل می گزری، غالب ھم بھی کیا یاد کرینگی کہ خدا رکھتی تھی!

پھر جب سخت گھبراتا ھوں اور تنگ آتا ھوں، تو یہ مصرع پڑھکر چپ ھوجاتا ھوں:

ای مرگ ناگہاں! تجھی کیا انتظار ھی؟» (ایضاً: ۱۲٤ و عود: ۱۰۰).

[۲۸۸ : ٤] ۵ ستمبر سنہ ۱۸٦٦ ع کو سیاح کو تحریر کیا ھی: «تم برا نہ مانو. کسواسطی کہ اگر میں برا ھوں، تو اوس نی سچ کہا، اور اگر میں اچھا ھوں اور اوس نی برا کہا، تو اوس کو خدا کی حوالی کرو. غالب، برا نہ مان، جو دشمن برا کہیں، آہ» (اردو: ۲۳).

[۲۸۹ : ۱] ملاحظہ ھو، ۲۳۵ : ۵. یہ شعر بھی اس کا ھم مضمون ھی:

آتا ھی داغ حسرت دل کا شمار یاد مجھ سی مری گنہ کا حساب، ایخدا، نہ مانگ

[۲۸۹ : ۵] ملاحظہ ھو، ۲۱۲ : ٦.

[۲۹۰ : ۲] دیکھو یہ «پر» کا مخفف «پہ» ہو بمعنی، لیکن (اردو: ۳۸۶، لاہوری ایڈیشن، ۳۷ع)۔
[۲۹۱ : ٤] ملاحظہ ہو، ۱۹۹ : ۰۱ : ۲۳٦ ۰۳ : ۲۳۷ : ۰۷۔

مثنوی

[۳۰٦ : ٤] میرزا صاحب نے آم کی تعریف میں جو لطیف تشبیہیں اور پاکیزہ استعاری استعمال کیے ہیں، اردو ادب میں اون کی مثال ملنا دشوار ہو۔ مگر ابو المکارم امیر خان حسینی هروی نے فارسی میں ایک مثنوی آموں کی تعریف میں لکھی تھی۔ مناسبت مقام کا تقاضا ہو کہ اوس کے چند شعر یہاں ضرور نقل کیے جائیں۔ وہ فرماتی ہیں:

ز وصف انبہ، چون گویم کہ چونست؟ — کہ از رشک شرابش، شہد خونست
ز نام او، چو گیرم لذت قند — زبان با کام، و لب با لب، شود بند
بسختی، همچو لعل، اما شکر بار — بنرمی، چون طلای دست افشار
بطفلی، چون دل معشوق، تنگ است — بہ پیری، چون رخ من، زرد رنگ است
ز شیرین کاریش، چون خل عسل شد — زمرد با زر و یاقوت حل شد
شرابش بہتر از شیر و شکر هست — گہی ہم رنگ سیم و گاہ زر هست
بصورت مردم و جایش بر اشجار — کابم آرزو را شعلۂ نار

(معلومات الآفاق : ٤٤، طبع نولکشور پریس، سنہ ۱۸۷۳ ع)۔

قطعات

[۳۱۵ : ٦] ۲۰ جولائی سنہ ۱۸٦۰ع کو تفتہ کے خط میں لکھا ہو: «اب میری کہانی سنو۔ آخر جون میں صدر پنجاب سے حکم آگیا کہ پنسنداران ماہ بماہ نہ پائیں، سال میں دو بار، بطریق ششماہہ، فصل بفصل پایا کریں۔ ناچار، ساہوکار سے سود کاٹ کر روپیہ لیا گیا۔ تا رامپور کی آمد میں مل کر صرف ہو۔ یہ سود چھ مہینے تک اسی طرح کٹوان دینا پڑیگا۔ ایک رقم معقول گھاٹی میں جائی گی: رسم ہو مردہ کی چھماہی ایک، آہ» (اردو : ۷٤)۔

اختلاف نسخ۔ فارسی

[اس حصے میں پہلے ہندسے صفحات کو اور دوسرے سطروں کو ظاہر کرتے ہیں . مگر سطریں شمار کرتے وقت غزلوں کے عنوان چھوڑ دیے گئے ہیں .

فارسی متن کے مقابلے اور تصحیح میں ، حسب ذیل چار نسخے پیش نظر رہے ہیں .

آ : دیوان فارسی کے انتخاب کا وہ قلمی نسخہ ، جو میرزا صاحب نے ستمبر سنہ ۱۸۶۶ع میں نواب خلد آشیان (طاب ثراہ) کی خدمت میں نذر گزرانا تھا . اس کے صفحات ۵-۹ میرزا صاحب کے اپنے قلم کے مکتوبہ ہیں .

ب : کلیات فارسی کا وہ قلمی نسخہ ، جو میرزا صاحب کی طرف سے مارچ سنہ ۱۸۶۱ع میں ، نواب فردوس مکان (طاب ثراہ) کے حضور میں ڈاک کے ذریعے سے پیش ہوا . خود میرزا صاحب کی تصریح کے مطابق ، یہ نسخہ نواب ضیاء الدین خان مرحوم کے قلم کا لکھا ہوا ہے .

ج : کلیات فارسی کا پہلا مطبوعہ نسخہ ، جو سنہ ۱۲۶۱ ھ (۱۸۴۵ع) میں مطبع دارالسلام دہلی میں چھپا ؛ اس ایڈیشن کی ایک کاپی ڈاکٹر عبد الستار صاحب صدیقی (الہ آباد) کے پاس، اور اس ایڈیشن کی ایک پرانی نقل کتابخانۂ عالیۂ رامپور میں محفوظ ہے. ڈاکٹر صاحب کے نسخے میں آخری دو صفحے غایب ہیں. مگر نسخۂ رامپور کے خاتمے سے معلوم ہوتا ہے کہ اس کے اشعار کی تعداد ۶۶۷۲ ہے.

د : کلیات فارسی کا وہ مطبوعہ نسخہ ، جو منشی نولکشور کے اہتمام سے ، ۱۲۷۹ ھ (۱۸۶۳ع) میں چھپ کر شایع ہوا . اس نسخے کے خاتمے میں اشعار کی تعداد ۱۰۴۲۴ ظاہر کی گئی ہے.]

۱۱ : ۹ ، آ : تمام قلمی اور مطبوعہ نسخوں کے برخلاف ، آ میں اس جگہ غزلوں کی ترتیب مختلف ہے. چونکہ قرینے سے ثابت ہوتا ہے کہ یہ کاتب کے سہو کا نتیجہ ہے، بنابریں ب ، ج وغیرہ کے مطابق ، ترتیب غزلیات کو درست کر دیا گیا ہے.

۱۲ : ۱۱ ، ب ، ج ، د : «زحمت عام» .

۱۳ : ۱۰ ، د : «کردم» .

۱۶ : ۱۰ ، د : «دانشاند» .

۲۳ : ۶ ، آ : «کن» ندارد .

۲۴ : ۶ ، آ : «دهن ما بزبان خط به پیمانۂ ما» .

۲۴ : ۷ ، آ : «ای گل از نقش پائی دامان ترا» .

۲۴ : ۸ ، ب ، ج ، د : «کرده» .

۲۴ : ۹ ، آ : «تا بخون که» .

۲۵ : ۱ ، د : «چشم» .

۲۵ : ۳ ، آ : «از سیلی» .

۲۵ : ۵ ، آ : «گرارد مغز جانان را» .

۲۵ : ۱۲ ، آ : «خامان را» .

۲۸ : ۶ ، آ : «از رخ» .

۲۸ : ۱۰ ، آ: «نم از خم» .
۲۹ : ۸ ، آ: «گزند تست» .
۲۹ : ۹ ، آ: «بجبر» .
۳۱ : ۲ ، آ: «بر آنچه» .
۳۸ : ۱ ، ب: «ساختیم» .
۳۸ : ۹ ، ب، ج: «اگر» .
۴۰ : ۴ ، آ: «درگمان» .
۴۸ : ۴ ، آ: «باده مینا» .
۵۰ : ۲ ، د: «آب از رخ» .
۵۴ : ۳ ، آ: «رماد» (بضم رای مهمله) .
۶۲ : ۱ ، سبد چین : کار. (یہ شعر دیوان کے کسی نسخے مین موجود نہیں .)
۶۵ : ۸ ، ب: «محیطست گران هیچ» .
۶۷ : ۶ ، آ: «گلاشت» .
۶۸ : ۲ ، آ، ج: «زهرآب» .
۷۶ : ۱۱ ، آ: «سبکساری» .
۸۰ : ۵ ، د: «خوشه» . (اس کے بعد والے ایڈیشن میں «خوشا» ہے.)
۸۰ : ۹ ، آ: «بنوبت بمن» .
۸۳ : ۸ ، د: «خواب ناز» .
۸۶ : ۱۱ ، ب: «جهنم» (بضم نون) .
۸۸ : ۹ ، ب، ج: «نشهٔ» .
۹۸ : ۵ ، آ: «بخم» .
۱۰۰ : ۱۱ ، ب: «میگردی» . (آ میں بھی اسیطرح تھا . لیکن تصحیح کے وقت میرزا صاحب نے گاف کا ایک مرکز چاقو سے چھیل دیا ہے .)
۱۰۱ : ۳ ، ب: «بالید آشیان گه شد» .
۱۰۱ : ۷ ، آ، د: «بمرگ من یاد آر» .
۱۰۲ : ۸ ، آ: «سیه» ندارد .
۱۰۶ : ۳ ، آ: «بیاموز» (صرف ایک جگہ) .
۱۰۷ : ۳ ، ج، د: «بیاسودن» .
۱۰۷ : ۸ ، آ: «گاهی گاهی» .
۱۰۸ : ۵ ، ب: «کاشانه گزین» .
۱۱۲ : ۱۲ ، آ: «بری» .
۱۱۳ : ۹ ، آ: «گر» .
۱۱۴ : ۸ ، آ: «جان را» .
۱۱۵ : ۴ ، ب، ج، د: «گو» . (آ میں بھی اسیطرح تھا . لیکن ایک مرکز میرزا صاحب نے چھیل دیا ہے .)
۱۱۶ : ۲ ، ب، ج، د: «کاین» . (آ میں بھی اسیطرح تھا . لیکن میرزا صاحب نے «ی» کا شوشہ چھیل دیا ہے .)
۱۲۰ : ۹ ، د: «بآموزگار هم» . (آ میں بھی اسیطرح تھا . لیکن میرزا صاحب نے «ہ» کو چھیل کر اوس کی جگہ «ب» لکھی ہے .)
۱۲۱ : ۱۰ ، آ: «آزاری من» .
۱۲۵ : ۵ ، آ: «گرانه» .
۱۲۸ : ۱ ، ب، ج، د: «روزگاران» .
۱۲۸ : ۵ ، ب: «کدامی» .
۱۲۸ : ۶ ، آ: «انتظار داشتم» .
۱۳۰ : ۵ و ۶ ، یہ شعر کسی قلمی اور مطبوعہ نسخے میں نہیں پایا جاتا .
۱۳۱ : ۲ ، آ: «درحلقهٔ کشا کش آمش گرفته ایم» . (تمام نسخوں کے مطابق ، یہ مصرع غزل کے آٹھویں بیت سے تعلق رکھتا ہے .)
۱۳۶ : ۲ ، آ، د: «ناز گمان» .
۱۳۸ : ۲ ، آ: «گردان» .
۱۳۸ : ۵ ، آ: «و نندیشیم» .
۱۴۸ : ۶ ، ب، ج، د: «همچون» .
۱۴۸ : ۱۱ ، آ: «چنین» (دونوں جگہوں پر) .
۱۵۱ : ۸ ، آ: «زورین گمانان» .

۱۵۳ : ۹ ، آ : «جحیم» .

۱۵٤ : ۷ ، آ : «یارت» .

۱۵۵ : ۱۲ ، ب : «طاقت هفتاد سال» .

۱۵۹ : ۱ ، آ : «شاهان» .

۱٦۲ : ٤ ، ب ، ج : «دل گم گشته» .

۱٦۳ : ۱ ، آ : «دورفت» .

۱٦٦ : ۲ ، آ : «ده» ندارد .

۱٦۷ : ۵ ، آ : «تو» ندارد .

۱۷۰ : ۲ ، ب : «خلخ» (بفتح لام مشدد) .

۱۷۱ : ۳ ، آ ، ب ، : «گوئی» و آ : «نشنوی» .

۱۷٦ : ٤ ، ب ، ج : «نشهٔ» .

۱۷٦ : ۸ ، د : «بابم» .

۱۷۷ : ۱۱ ، آ : «در جلوه» .

۱۷۹ : ب ، ج : «رباعی ۸» ندارد .

۱۸۱ : ۱۱ ، ب : «لطف وگرمی» .

۱۸۲ : ٦ ، ب : «در زلف» .

اختلاف نسخ ـ اردو

[اردو متن کے مقابلے اور تصحیح میں، حسب ذیل آٹھ نسخوں سے مدد لی گئی ہے:

آ: دیوان اردو کے انتخاب کا وہ نسخہ، جو ستمبر سنہ ۱۸۶۶ ع میں، میرزا صاحب نے نواب خلد آشیان (طاب ثراہ) کی خدمت میں ہدیۃً پیش کیا. اس کے صفحات، ۱۲۰۶، ۱۴، وغیرہ پر میرزا صاحب کے قلم کی اصلاحیں پائی جاتی ہیں.

ب: دیوان اردو کا وہ قلمی نسخہ، جسے میرزا صاحب نے مئی سنہ ۱۸۵۷ ع میں نواب فردوس مکان (طاب ثراہ) کے حضور میں بذریعۂ ڈاک ارسال کیا تھا. اس کے آخر میں نواب ضیاء الدین احمد خان بہادر کی تقریظ بھی شامل ہے، جو دراصل سنہ ۱۲۵۴ ھ (۱۸۳۹ع) میں لکھی گئی تھی؛ لیکن زیر نظر نسخے میں اس کی تاریخ بدل کر ۱۲۷۱ھ بنا دی گئی ہے. اس تقریظ کے مطابق، اشعار کی تعداد ۱۶۹۰ اور کچھ ہے. اس نسخے میں بھی میرزا صاحب کے قلم کی اصلاحیں موجود ہیں.

ج: دیوان اردو کا وہ مطبوعہ نسخہ جو شعبان ۱۲۵۷ ھ (اکتوبر سنہ ۱۸۴۱ ع) میں، سید محمد خان بہادر کے چھاپے خانے، واقع شہر دھلی، میں طبع ہوکر شایع ہوا تھا. اس کے آخر میں بھی مذکورۂ بالا تقریظ ہے؛ لیکن اوس کی تاریخ تحریر ۱۲۵۴ ھ اور تعداد اشعار ۱۰۹۸ ہے. اس ایڈیشن کی ایک کاپی پبلک لائبریری، رامپور، میں اور اوس کی پرانی قلمی نقل، جس میں ناقل نے سرورق کی عبارت بھی نقل کی ہے، کتابخانۂ سرکاری میں موجود ہے.

د: دیوان اردو کا وہ نسخہ جو مئی سنہ ۱۸۴۷ ع (۱۲۶۳ ھ) میں مطبع دارالسلام دھلی سے شایع ہوا. اس کے آخر میں بھی مذکورۂ بالا تقریظ شامل ہے. فرق صرف اسقدر ہے کہ تعداد اشعار «یکہزار و یکصد و اند» بنا دیگئی ہے.

اس ایڈیشن کی ایک کاپی یونیورسٹی لائبریری، دھلی، میں محفوظ ہے. آجکل اس کی نقل کتابخانۂ عالیۂ رامپور کیلئے تیار کی جا رہی ہے. اس نسخے کا ۱۵ سطری مسطر اور تعداد صفحات ۹۸ ہے. ہاں، زیر نظر نسخے میں صفحات ۵-۸ ندارد ہیں.

ہ: دیوان اردو کا وہ نسخہ، جو ۲۰ محرم سنہ ۱۲۷۸ ھ (۱۸۶۱ ع) کو دھلی کے مطبع احمدی میں، باہتمام امو جان طبع ہوا. اس کے آخر میں میرزا صاحب کی ایک تحریر بعنوان «عبارت خاتمۂ دیوان» چھپی ہے. اس سے معلوم ہوتا ہے کہ میرزا صاحب نے اس کی کاپیوں کی خود تصحیح کی تھی. لیکن لفظ «کسی» کی جگہ «کسو» کاتب نے اتنے مقامات پر لکھہ دیا تھا کہ آخر تھک کر میرزا صاحب نے اوسی علیٰ حالہ چھوڑ دیا.

و: دیوان اردو کا وہ نسخہ، جو نسخۂ د سے ذیحجہ سنہ ۱۲۷۸ ھ میں، کانپور کے مطبع نظامی میں چھپا. نسخۂ آ دراصل اسی سے نقل کیا گیا ہے.

ز : دیوان اردو کا وہ نسخہ، جو منشی شیو نراین نے اپنے مطبع مفید خلایق، آگرہ، میں سنہ ۱۸۶۳ع میں چھاپ کر شایع کیا. اس نسخے کی ترتیب نسخۂ **ب** کے مطابق ہے.

ح : دیوان اردو کا وہ نسخہ، جو نظامی پریس، بدایوں، سے سنہ ۱۹۲۳ع میں شایع ہوا. اس نسخے کی تصحیح میں نسخۂ **ب** سے مدد لی گئی ہے.]

۱۸۷ : ۸، آ، ج، ہ، و : «ایک».

۱۸۷ : ۱۰، ہ : «ہر ایک قطرۂ خوں». (میرزا صاحب نے نواب فردوس مکان، ناظم، کے مصرع : «یوں تو ہو جاتا ہے ہر ایک عیش و عشرت کا شریک» میں «ہریک» بنا کر لکھا ہے : «جہاں «ہر ایک» اچھی طرح نہ آوے، وہاں «ہریک» لکھیے، «ہرایک» کیوں لکھیے». نیز پچیسویں غزل کے تیسرے شعر میں کاتب نے «ہرایک» لکھا تھا. اسے خود میرزا صاحب نے، الف کاٹکر، «ہریک» بنایا ہے.)

۱۹۰ : ۶، آ، د : «ہرایک». ب، ج، ہ : «ہریک». ز، ح : «ہراک».

۱۹۰ : ۱۴، آ، ج، د، ہ، و : «ایک». ب، ز : «اک». (میرزا صاحب نے نواب فردوس مکان، ناظم، کے مصرع : «رکھتے ہیں ابھی اک دل ہنگامہ گزیں ہم» کے مقابل حاشیہ پر لکھا ہے : «یہاں «ایک» کی جگہ «اک» درست ہے، مگر «ہر» کیساتھ «ہریک» ہو، نہ «ہراک».»)

۱۹۱ : ۶، آ : «جاندادۂ جاں ہوای».

۱۹۲ : ۶، ب، ج، د، ہ : «یک دیوان».

۱۹۲ : ۸، ح : «پھرنے تلک».

۱۹۵ : ۱۱، آ، و : «خوناب». (اسی طرح آ اور و میں ہر جگہ پایا جاتا ہے.)

۱۹۶ : ۵، آ، ب، د، ہ : «نگہت».

۱۹۶ : ۱۱، ب : «سب کے ہے دل میں جگہ».

۱۹۷ : ۱، ب، ہ : «تنہا». ز : «تھا».

۱۹۸ : ٤، آ، و : «اوس کی».

۱۹۹ : ٦، آ : «ڈوبا».

۲۰۰ : ٦، آ : «پھرا تیرا».

۲۰۲ : ٦، آ، و، ز : «خورشید». (میرزا صاحب نے ایک مکتوب میں صراحت کر دی ہے کہ لفظ «خور» کو تنہا «خور» اور باضافۂ «شید» «خرشید» لکھنا چاہیے. اسلیے ہر جگہ بحذف و لکھا گیا ہے.)

۲۰۳ : ۱، آ : «آینہ».

۲۰۳ : ۸، ب، د، ز : «دست وخنجر قاتل».

۲۰٤ : ۱۲، آ، و : «تنگ سجدے سے».

۲۰۷ : ۳، ہ : «دیداں». (آ میں بھی اسیطرح تھا. لیکن میرزا صاحب نے اپنے قلم سے درست کر دیا ہے.)

۲۱۱ : ۱۰، آ : «بادۂ ساغر».

۲۱۲ : ۷، آ : «آپ» ندارد.

۲۱۳ : ٦، آ : «آتش پرستی ہے».

۲۱۳ : ۹، آ : «اور». (ہر جگہ بضمۂ الف لکھا ہے.)

۲۱۳ : ۱۰، آ : «کہاں اور».

۲۱۷ : ۸، ح : «ہونے تک». (اسیطرح تمام جدید الطبع نسخوں میں پایا جاتا ہے. لیکن یہ جدید محاورہ ہے. پرانا محاورہ وہی ہے، جو تمام قدیم قلمی و مطبوعہ

نسخوں میں لکھا گیا ہے.)

۲۱۸ : ۱ ، د: «پیش».

۲۲۰ : ۴ ، ب ، ج ، د ، ہ: «ذرہ».

۲۲۰ : ۸ ، و: «گراك».

۲۲۱ : ۱۰ ، آ: «چهبر».

۲۲۱ : ۱۲ ، د: «پای طلب».

۲۲۳ : ۴ ، آ ، ہ ، و: «میری پاتوں». ز: «پاوں».

۲۲۳ : ۱۰ ، آ: «کهل» (بضمۂ کاف).

۲۲۴ : ۵ ، ب ، د ، ہ: «یك قد آدم».

۲۲۶ : ۸ ، ب ، ہ: «هریك».

۲۲۸ : ۵ ، د: «بوسعت».

۲۲۸ : ۸ ، آ: «جای وهیں».

۲۳۰ : ۲ ، آ: «مضمون کو».

۲۳۴ : ۱۲ ، ب ، ز: «اور کو آزماؤ کیوں».

۲۳۵ : ۶ ، ب ، ج ، د ، ہ: «آوی وہ یہاں». ز: «آئی وہ یہاں».

۲۳۶ : ۴ ، ب ، ز: «ٹهیڑا». ہ: ٹهیرا.

۲۳۹ : ۱ ، آ ، د ، ہ: «وهاں». (میرزا صاحب نے اصل میں اپنی قلم سے «واں» بنایا ہے؛ اسلیے هر جگہ بحذف «ہ» لکھا گیا ہے. لیکن قبل ازیں، نواب فردوس مکاں، ناظم، کے مصرع: «سیاح جہاں گرد هیں، آنکلے یہاں بهی» پر لکھا ہے: «یہاں، بروزن دهاں فصیح نہیں. بے ضرورت نہ چاهیے. «یہاں» بہ یای مختلط التلفظ افصح ہے». اس سے معلوم ہوتا ہے کہ آخر میں انہوں نے املا میں ترمیم کرلی تھی.)

۲۴۱ : ۷ ، ب ، ہ: «ٹهرا».

۲۴۲ : ۲ ، آ: «آنکهوں». ج: «بهو».

۲۴۳ : ۲ ، آ: «تها».

۲۴۴ : ۵ ، د: «ستمزدگوں».

۲۴۴ : ۸ ، ب ، ج ، د ، ہ ، و: «ذرہ». ز: «ذری». (آ میں بهی ذرہ لکھا تھا. لیکن میرزا صاحب نے اپنی قلم سے «ہ» کی جگہ «ی» لکھی ہے.)

۲۴۵ : ۱ ، د: «برشگال».

۲۴۵ : ۶ ، ب: «تسکین کو نوید». (ہ میں بهی اسیطرح لکھا تھا. لیکن غالباً کاپی کی تصحیح کے وقت میرزا صاحب نے لفظ «دی» کا سطر کے اوپر اضافہ کرایا ہے.)

۲۴۸ : ۸ ، آ ، ب ، ج ، د ، ہ: «نگہت».

۲۴۹ : ۶ ، آ ، ہ ، و: «سینکڑوں».

۲۴۹ : ۱۴ ، آ: «تری».

۲۵۲ : ۵ ، ب ، ہ ، و ، ز: «اپنا نہیں وہ شیوہ». (آ میں بهی اسیطرح تھا. میرزا صاحب نے اپنی قلم سے یہ تغیر کیا ہے.)

۲۵۵ : ۱۰ ، آ: «اس».

۲۵۵ : ۱۲ ، د: «دونو».

۲۵۹ : ۱۴ ، ب: «فردوس هوش ہے».

۲۶۰ : ۲ ، آ: «نہ وہ مرور و سـوز». و: «مرور و سوز».

۲۶۲ : ۱ ، ب: «دل ناداں».

۲۶۲ : ۹ ، ب ، ز: «رونق منہ پر».

۲۶۳ : ۳ ، ج: «یعنی». (بعض مطبوعہ نسخوں میں «بنی» لکھا ہے.)

۲۶۵ : ۷ ، آ: «نہیں» ندارد.

۲۶۸ : ۲ ، د: «خونتابہ».

۲۶۸ : ۱۲ ، آ: «آئی».

۲۶۹ : ۱۱ ، ب ، د ، ہ ، ز: «مجهسے». (هر ردیف اسیطرح ہے.)

۲۷۰ : ۲ ، ب ، ج ، د: «دود کی طرح». (ہ

میں بھی اسیطرح تھا ۔ لیکن صحت نامہ میں «صورت دود» بنایا گیا ھے) ۔

۲۷۵ : ٦ ، آ : «کئی» . ہ ، و : «ھی» .

۲۷۷ : ٥ ، ب ، د ، ہ ، ز : «مجھی» (ھر ردیف اسیطرح ھے) .

۲۷۸ : ٤ ، ب ، ہ ، و : «شانہ» . (آ میں بھی اسیطرح تھا ۔ لیکن میرزا صاحب نے اپنے قلم سے «شانے» بنایا ھے۔)

۲۸۰ : ۱۰ ، آ ، و : «کہیں» .

۲۸۱ : ٦ ، آ : «دھونے گئی» .

۲۸۲ : ٤ ، ب ، د ، ہ ، و ، ز : «تجھی» .

۲۸۲ : ۱٤ ، ب ، د ، ہ : «ھات» .

۲۸٥ : ٦ ، ب : «کوچہ» .

۲۸۷ : ٤ ، آ ، د ، ہ : «میری» . و د : «بیجاں کے» .

۲۸۸ : ۲ ، آ ، ب ، د ، ہ ، و : «یہاں» .

۲۸۹ : ۷ ، ہ : «گر» . (آ میں بھی اسی طرح تھا ۔ میرزا صاحب نے اصلاح کر دی ھے۔)

۲۸۹ : ۷ ، ب ، ہ : «وھاں» .

۲۹۳ : ۱ ، ج : «منتخب قصیدۂ منقبت علی مرتضی رضی الله تعالی عنـــه» . و د : «افزایش آبروی گوھر سخن به ثنای ابو الأیمه حضرت علی مرتضی ، علیه التحیة والثنا» (عنوان قصیدۂ ۱) .

۲۹٤ : ۱ ، ج : «انتخاب قصیدۂ منقبت علی مرتضی علیه السلام» . و د : «ایضاً فی المنقبة» (عنوان قصیدۂ ۲) .

۲۹٤ : ۱۱ ، آ : «ھو» .

۲۹٥ : ۱٤ ، آ : «ترا» .

۲۹۸ : ۳ ، آ : «می» .

۳۰۳ : ۱۳ ، ب ، ز : «دکھادوں گا» .

۳۰٥ : ۳ ، ب ، ج ، ہ ، و : «خامہ نے پائی طبیعت سے مدد» . (آ میں بھی اسیطرح تھا ۔ لیکن میرزا صاحب نے اپنے قلم سے ترمیم کی ھے۔)

۳۰٥ : ۳ ، ح : «بادباں کے اٹھتے ھی» .

۳۰۸ : ۱۲ ، آ ، ہ ، و : «بھیجیں ھیں» .

۳۰۹ : ٥ ، ہ ، و : «یکبار» . ب : «ایك بار» .

۳۱۱ : ۲ ، آ : «بے شبہ عدیل» .

۳۱۲ : ۱ ، آ : «تری» .

۳۱۲ : ۳ ، آ : «ترا» .

۳۱۲ : ٦ ، آ ، ہ ، و ، ح : «چاھا» .

۳۱۲ : ۱۲ ، آ ، و ، ز ، ح : «امر» . ب ، ہ ، ز : «عمر» .

۳۱۳ : ۷ ، ج ، د : «قطعہ در نمایش عنوان دلاویزی گفتار ، و آسان کردن اندوہ پشیمانی بر دل دلدار» . (یہ دوسرے قطعے کا عنوان ھے ۔ د میں «بر نمایش» ھے۔)

۳۱٥ : ۱۳ ، و ، ح : «تو» . (آ میں بھی اسیطرح تھا ۔ میرزا صاحب نے اپنے قلم سے «تو» کاٹ کر «کہ» بنایا ھے۔)

۳۱٦ : ۳ ، آ : «مری» .

۳۱٦ : ۳ ، ب ، ز : «چہارم کا» .

۳۱۷ : ۷ ، ب ، ز : «کاغذ باد کی طرح» .

اشاریہ